فضائلِ صحابہؓ و اہلبیتؓ

مع مکتوبات شاہ عبدالعزیزؒ و شاہ رفیع الدینؒ دہلویؒ

مصنّفہ

شاہ عبدالعزیز دہلویؒ

۱۲۴۳ھ
۱۸۲۴ء

قومی کتب خانہ لاہور

ہو المستعان

سلسلہ سیرت و کردار

فضائل

صحابہؓ و اہل بیتؓ

مع

مکتوبات شاہ عبد العزیز و شاہ رفیع الدین (دہلوی)

از شاہ عبد العزیز دہلوی رحمۃ اللہ علیہ (۱۲۴۳ھ / ۱۸۲۴ء)

مع مقدمہ

محمد ایوب قادری ایم۔ اے

ناشر

بیگم ہمایوں ٹرسٹ ۵، ۶ ریلوے روڈ لاہور

سال طباعت — فروری ۱۹۶۷ء

بار دوم — ایک ہزار

قیمت — ۹/۵۰ — ساڑھے سات روپے

مطبوعہ — انجمن حمایت اسلام پریس لاہور

محمد نصیر ہمایوں نے باجازت محمد نعمت اللہ قادری مالک پاک اکیڈیمی کراچی بعد تصحیح بیگم ہمایوں ٹرسٹ کے لئے .... ۶۵ ریلوے روڈ لاہور سے

شائع کیا۔

فضائلِ صحابہؓ و اہلِ بیت

یعنی مجموعہ رسائل

(۱) سر الجلیل فی مسئلۃ التفضیل
(۲) عزیز الاقتباس فی فضائلِ اخیار الناس
(۳) وسیلۃ النجات
(۴) مکتوبات شاہ عبدالعزیز و شاہ رفیع الدین دہلوی

مؤلفہ شاہ عبدالعزیز دہلوی (ف ۱۲۴۳ھ / ۱۸۲۴ء)

(۵) حجۃ الوداع یعنی رسولِ اکرمؐ کا آخری خطبہ

مُحَمَّدٌ رَّسُولُ اللّٰهِ ؕ وَالَّذِينَ مَعَهٗۤ أَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَآءُ بَيْنَهُمْ تَرٰىهُمْ رُكَّعًا سُجَّدًا يَّبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانًا سِيمَاهُمْ فِيْ وُجُوْهِهِمْ مِّنْ أَثَرِ السُّجُوْدِ ط

(پ ۲۶ سورۃ الفتح قرآن مجید)

بیادگار

۱- مولانا عبد الشکور لکھنوی رح (ف سنہ ۱۳۸۱ھ / ۱۹۶۲ء)

۲- مولوی پیر غلام دستگیر نامیؒ لاہور (ف سنہ ۱۳۸۱ھ / ۱۹۶۱ء)

فہرست مضامین

(بسم اللہ الرحمٰن الرحیم)

مقدمہ

از محمد ایوب قادری ایم اے

شاہ عبدالعزیز بن شاہ ولی اللہ دہلوی، ۲۵ رمضان ۱۱۵۹ھ مطابق ۳۰ ستمبر ۱۷۴۶ء کو دہلی میں پیدا ہوئے تاریخی نام "غلام حلیم" ہے علوم متداولہ کی تحصیل اپنے والد شاہ ولی اللہ سے کی، والد کے انتقال کے بعد شیخ محمد عاشق پھلتی (م ۱۱۸۷ھ) خواجہ محمد امین کشمیری (ف ۱۱۸۷ھ ۱۷۷۳ء) اور ان کے خسر مولوی نوراللہ بڈھانوی (م ۱۱۸۷ھ ۱۷۷۳ء) نے تربیت فرمائی۔ سترہ سال کی عمر میں اپنے والد کے جانشین ہوئے علوم معقول و منقول میں علامہ روزگار تھے۔ نامور مدرس، مصنف، خطیب، واعظ، شیخ طریقت، مفتی محدث اور مفسر تھے انہوں نے علوم دینیہ اور ملت اسلامیہ کی بڑی گرانقدر خدمات انجام دی ہیں۔ وہ مرجع علماء و مشائخ تھے، تمام عمر درس و تدریس، افتاء، فصل خصومات، وعظ و پند اور تلامذہ کی تربیت و اصلاح میں صرف کر دی۔ ۷ شوال ۱۲۳۹ھ مطابق ۵ جون ۱۸۲۴ء کو دہلی میں انتقال ہوا اور اپنے آبائی قبرستان مہندیوں میں دفن ہوئے۔ مومن دہلوی نے شاہ عبدالعزیز کے انتقال پر جو قطعہ تاریخ کہا ہے اس کا آخری شعر نقل کیا جاتا ہے جس سے تاریخ برآمد ہوتی ہے۔

بے سر و پا گشتہ اند از دست بیداد اجل
عقل و دین، لطف و کرم، فضل و ہنر، علم و عمل

۱۰۰ + ۱ + ۹ + ۲۰۰ + ۸۰۰ + ۵۰ + ۳۰ + ۴۰ سنہ ۱۲۳۹ھ / ۱۸۲۴ء

شاہ عبد العزیز کے ایک ہمعصر وقائع نگار مولوی عبد القادر رام پوری۔۔۔ (ف سنہ ۱۲۶۵ھ / ۱۸۴۹ء) لکھتے ہیں[1]

"مولوی شاہ عبد العزیز، علم تفسیر، حدیث، فقہ، سیرت اور تاریخ میں شہرہ آفاق تھے اور ہیئت، ہندسہ، مجسطی، مناظرہ اصطرلاب، جرثقیل، طبیعیات، الہیات، منطق، مناظرہ، اتفاق اختلاف، ملل، نحل، قیافہ، تاویل، تطبیق، مختلف اور تفریق مشتبہ میں یکتائے زمانہ تھے، فن، ادب اور ہر قسم کے اشعار سمجھنے میں بلند مرتبہ رکھتے تھے، منقول میں کلام اللہ اور حدیث سے دلیل پیش کرتے تھے اور معقول میں جو ثبوت مناسب سمجھتے خواہ مخواہ یونانیوں میں سے افلاطون، ارسطو اور متکلمین میں سے فخر رازی وغیرہ کے اقوال کی تائید میں مبتلا نہیں ہوتے تھے اور اپنی تحقیقات کو فن معقول میں صاف صاف بیان کرتے تھے چاہے وہ کسی کی رائے کے موافق کے ہو یا نہ ہو"

---

[1] علم و عمل (وقائع عبد القادر خانی)، مرتبہ محمد ایوب قادری جلد اول ص ۲۶۳، آل پاکستان ایجوکیشنل کانفرنس، کراچی سنہ ۱۹۶۰ء

شاہ عبدالعزیز کا زمانہ ہندوپاکستان کے مسلمانوں کے زوال وانحطاط کا دور ہے
وہ محمد شاہ بادشاہ (ف ۱۱۶۱ھ/۱۷۴۸ء) کی حکومت کے آخری زمانے میں پیدا ہوئے ۔
انہوں نے احمد شاہ (معزول ۱۱۶۷ھ/۱۷۵۴ء) عالمگیر ثانی (ف ۱۱۷۳ھ/۱۷۵۹ء) شاہ عالم ثانی
(ف ۱۲۲۱ھ/۱۸۰۶ء) اور اکبر ثانی (ف ۱۲۵۳ھ/۱۸۳۷ء) کا زوال پذیر دورِ حکومت دیکھا یہ
مغل بادشاہ اپنے وزراء اور اُمراء کے ہاتھوں مجبور اور بے بس تھے، شاہ عبدالعزیز
کے بچپن میں احمد شاہ اندھا کر کے قید کر دیا گیا۔ عالمگیر ثانی کو قتل کر کے اس کی نعش جمنا
کی ریتی میں پھینک دی گئی، شاہ عالم ثانی مدتوں پورب میں بھٹکتا پھرا۔ پھر انگریزوں
سے معاہدہ کے بعد سیندھیا کی حمایت میں اس نے دہلی کے اُجڑے تخت کو زینت
بخشی، مگر بابر و اکبر کا یہ جانشین حسرت و یاس کی زندہ تصویر تھا تا آنکہ بصارت
سے بھی ہاتھ دھو بیٹھا کس حسرت سے کہتا ہے ؎

صرصرِ حادثہ برخاست پئے خواری ما
داد برباد سر و برگِ جہانداری ما

۱۸۰۳ء میں دہلی پر انگریزوں کا قبضہ ہو گیا۔ اکبر شاہ ثانی برائے نام پنشن
خوار تھا۔ مغل متاخرین کے زمانہ میں غیر مسلم طاقتیں پوری قوت سے ملک میں
ہنگامہ آرا تھیں، پنجاب میں سکھوں، آگرہ اور بھرت پور میں جاٹوں اور تمام ملک
میں مرہٹوں نے اودھم مچا رکھا تھا۔ مرہٹوں کے ہاتھوں بستیاں ویران اور غیر آباد
ہو چکی تھیں۔ کسی کا جان و مال ان سے محفوظ نہ تھا۔ مرہٹوں نے سترہ ۱۷
حملے تو شمالی ہند پر کئے جن میں پہلا حملہ ۱۱۵۴-۵ھ/۱۷۴۱-۲ء اور آخری حملہ ۱۲۲۹ھ/۱۸۰۴ء
میں ہوا۔ مرہٹوں نے چھ مرتبہ بنگال پر تاخت کی پہلی مرتبہ ۱۱۵۵-۵ھ/۱۷۴۱-۲ء میں آخری مرتبہ

۱۱۶۶ھ / ۱۷۵۲-۳ء میں حملہ آور ہوئے مرزا ظہیر الدین اظفری لکھتے ہیں [۱]

"یہ تمام خرابیاں مرہٹوں کی بدعملی اور بدنظمی کی وجہ سے ہیں سمجھ میں نہیں آتا کہ ان دکھنیوں کی مملکت میں آبادی کیونکر باقی رہے گی ہم نے تو اپنی زندگی میں یہی دیکھا کہ جب ہمارے ملک پر دکھنیوں کا عمل ہوا تو کوئی ایسی خرابی نہ تھی جو ملک میں نہ آئی ہو غرض ہندوستان کی یہ ساری تباہی دکھنیوں کے آنے کا نتیجہ ہے۔"

مرہٹوں اور سکھوں کے مظالم کے متعلق خود شاہ عبدالعزیز نے اپنے چچا شاہ اہل اللہ (ف ۱۱۸۷ھ / ۱۷۷۳ء) کو منظوم عربی حکایت میں لکھا ہے [۲]

"اللہ تعالیٰ سکھ اور مرہٹوں کو ہماری طرف سے مزہ چکھائے بہت برا مزہ بہت جلد بلا تاخیر و مہلت کے ان شریروں نے اللہ کی بہت سی مخلوق کو شہید کر ڈالا، اور غریب گڈریوں تک کو اپنے ظلم و ستم سے ستایا، ہر سال یہ ہماری بستیوں اور شہروں پر چڑھائی کرتے ہیں اور ہم پر صبح و شام حملہ کرتے رہتے ہیں۔"

مرکزی حکومت کی کمزوری اور بدحالی سے صوبے دار خود سر ہو چکے تھے بنگال میں علی وردی خاں اور اودھ میں برہان الملک سعادت خاں نے اپنی حکومتیں قائم کر لیں، دکن میں آصف جاہ نظام الملک کا اقتدار تھا۔

---

[۱] واقعات اظفری از مرزا ظہیر الدین اظفری، مرتبہ عبدالقادر، بہ تصحیح و ترجمہ محمد حسین محوی صفحہ ۱۱۱ مدراس ۱۹۳۷ء [۲] تذکرہ حضرت شاہ ولی اللہ از مولانا مناظر احسن گیلانی صفحہ ۲۹،۳۷ دلبا طادب کراچی ۱۹۵۳ء

یہ تو سیاسی حالات کا ایک ہلکا سا جائزہ ہے، معاشی، اقتصادی، معاشرتی اور مذہبی حالات بد سے بدتر تھے اس زمانے کی عام تاریخیں، شخصی وقائع، روزنامچے شعراء کے شہر آشوب اور دوسرا اہم عصر ادب اس موضوع پر خاصی معلومات فراہم کرتا ہے محمد شاہ کے زمانے میں دکن کے ایک رئیس درگاہ قلی خاں (وفات ۱۱۸۰ھ / ۱۷۶۶ء) نے دہلی کی سیاحت کی ہے یہ سیاحت نامہ "مرقع دہلی" کے نام سے طبع ہو چکا ہے اس کے پڑھنے سے شرم و حیا کی آنکھیں جھک جاتی ہیں اور غیرت و حمیت کو حجاب آتا ہے۔ سپاہی اور بادشاہ، عامی اور عالم ہر شخص حقیقت اور واقعیت سے فرار اختیار کرتا ہے۔ عمل سے گریز اس دور کی عام خصوصیت ہے، بدعات اور محدثات کا زور ہے، تفصیل کی گنجائش نہیں ہے۔ ایسے زمانے میں شاہ عبدالعزیزؒ نے اپنی اصلاحی تحریک شروع کی حقیقت یہ ہے کہ شاہ عبدالعزیزؒ نے یوں تو اصلاح و تبلیغ کے ہر مورچہ کو سنبھالا مگر "تشیعت اور تفضیلیت" کے بڑھتے ہوئے سیلاب کو جس کوشش اور حسن تدبر سے روکا یہ انہیں کا حصہ تھا اور یہ اس زمانے کا سب سے اہم مسئلہ تھا آیئے اب ذرا اس مسئلہ کا تاریخ کی روشنی میں جائزہ لیں۔

مغل متاخرین کے زمانے میں شاہی دربار میں ایرانی اور تورانی (شیعہ اور سنی) دو مستقل پارٹیاں تھیں۔ سیاسی اثر و اقتدار کے لئے ان دونوں پارٹیوں میں مسابقت ہوتی تھی۔ ایرانی پارٹی اگرچہ اقلیتی پارٹی تھی۔ مگر اثر و اقتدار کے اعتبار سے بہت مضبوط اور مستقل تھی۔ وہ بہت تدبر اور تنظیم سے کام کرتی تھی، اور اکثر کامیاب ہوتی تھی۔ اس کا اثر دربار سے لے کر بازار تک تھا۔ یوں تو اس تنظیم و فکر کی بنیاد دکن کی شیعہ حکومتوں نے قائم کی مگر شمالی ہند میں ہمایوں کے دوبارہ ہندوستان آنے

پر اس جماعت کو فروغ حاصل ہوا۔ اکبر کی پالیسی مذہبی معاملہ میں بڑی آزادانہ تھی۔ اس کا فائدہ بھی بلا واسطہ اسی جماعت کو ہوا، اس کے زمانے میں نور اللہ شوستری (ف ۱۰۱۹ھ/۱۶۱۰-۱۱) دار السلطنت لاہور کے قاضی مقرر ہوئے ان کی کتاب مجالس المومنین مشہور و معروف ہے۔ جس میں انہوں نے اہل سنت کے اکابر مشائخ و علماء کو "زمرہ مومنین" میں دکھایا ہے۔ جہانگیر کے زمانے میں زمام حکومت نورجہاں کے ہاتھ میں تھی۔ شاہ جہاں کے زمانے میں نورجہاں کے بھائی آصف خاں اور اس کے خاندان کو اقتدار حاصل رہا کیونکہ آصف خاں کی کوششوں سے شاہجہاں "تخت شاہی" پر متمکن ہوا تھا اور اس کی بیٹی ممتاز محل، شاہجہاں کی چہیتی بیگم تھی۔ اورنگ زیب عالمگیر یوں تو متعصب سنی مشہور ہے۔ مگر اس کے امراء و مصاحبین میں اہل تشیع کی ممتاز تعداد نظر آتی ہے۔ اورنگ زیب کا فرزند، بہادر شاہ اول جب تخت نشین ہوا تو اس نے شیعہ مسلک اختیار کیا، مؤلف سیر المتاخرین لکھتے ہیں [۱]

"چوں بر تحقیق خود مذہب شیعہ امامیہ را حق می دانست ہمیں مسلک اختیار نمودہ"

اور اس کی تبلیغ و اشاعت میں کوشاں ہوا [۲]

"در ترویج و تقویت مذہب شیعہ می کوشید"

اس نے اپنے نام میں "سید" کا اضافہ کیا اور چوتھے سال جلوس ۱۱۲۱ھ/۱۷۰۹-۱۰ء میں اپنے شیعہ وزیر منعم خاں کے مشورہ سے حکم دیا کہ جمعہ کے خطبہ میں خلفائے راشدین کے

---

[۱] [۲] سیر المتاخرین جلد دوم از غلام حسین طباطبائی ص ۳۸۹ (نولکشور پریس لکھنؤ ۱۸۹۷ء)

ذکر میں حضرت علی رضؓ کے نام کے ساتھ "علی ولی اللہ وصی رسول اللہ" داخل کیا جائے اس حکم سے جمہور اہل سنت میں بددلی پیدا ہوئی اور اس پر عمل پیرا ہونے کی وجہ سے احمد آباد (گجرات) میں ایک خطیب مارا گیا۔ لاہور میں بات اس سے بھی زیادہ بڑھی، بہادر شاہ نے علمائے لاہور کو اپنے حضور میں طلب کیا۔ مولانا یار محمد کی قیادت میں مولوی محمد مراد دوسرے تین علماء کے ہمراہ بادشاہ کے حضور میں حاضر ہوئے بادشاہ نے خود مباحثہ و مناظرہ کیا۔ مگر مولانا یار محمد نے نہایت جرأت اور استقامت سے اعلان حق کیا اور اپنے موقف پر ثابت قدم رہے بادشاہ نے برآشفتہ ہو کر کہا کہ "تو بادشاہوں کے غضب سے نہیں ڈرتا" تو اس مرد مجاہد نے جواب دیا [1]

> "میں اپنے خدا سے چار چیزوں کی آرزو رکھتا تھا اول تحصیل علم دوم حفظ کلام اللہ سوم حج چہارم شہادت، الحمدللہ کہ اللہ تعالیٰ نے تین نعمتیں عطا کیں، آرزوئے شہادت باقی ہے امیدوار ہوں کہ بادشاہ کی توجہ سے اس میں ہوں"

اس مناظرہ کے نتیجہ کے سلسلہ میں شمس العلماء مولوی ذکاءاللہ دہلوی لکھتے ہیں [2]

> "اس مباحثہ میں کئی روز لگے ایک ایک آدمی جن میں بعض افغان تمن دار بھی تھے۔ حاجی یار محمد سے متفق ہوئے شاہزادہ عظیم الشان بھی خفیہ

---

[1] تاریخ ہندوستان جلد نہم از شمس العلماء مولوی ذکاءاللہ دہلوی صفحہ ۱۲۸ (شمس المطابع دہلی ۱۸۹۸ء)

[2] تاریخ ہندوستان جلد نہم از مولوی ذکاءاللہ صفحہ ۷۳

اس جماعت کا طرفدار تھا آخر کو جب حیدر نے خطبہ کے لئے عرضی دی
تو بادشاہ نے اس پر دستخط کئے کہ عالمگیر کے زمانے کی طرح خطبہ پڑھا
جایا کرے، اس طرح جھگڑا ختم ہوا کہتے ہیں کہ بادشاہ نے حاجی یار محمد
اور دو اور فاضلوں کو جن سے وہ آشفتہ خاطر تھا ایک قلعہ میں بھیج دیا۔"

اس کے بعد سید برادران قطب الملک عبداللہ خاں (ف ۱۱۳۵ھ ۱۷۲۲ء) اور
امیر الامراء حسین علی خاں (ف ۱۱۳۲ھ ۱۷۲۰ء) کا دور وزارت آیا اور ان دونوں بھائیوں
نے اس قدر اقتدار اور غلبہ حاصل کیا کہ "بادشاہ گر" مشہور ہوئے وہ ملکی سیاست پر
ہر طرح چھا گئے۔ ان کے عقائد و نظریات خوب اشاعت پذیر ہوئے اور انہیں قبول عام حاصل
ہوا۔ امیر الامراء حسین علی خاں ہر مہینے کی گیارہ اور بارہ تاریخ کو مجلس منعقد کرتے تھے
صمصام الدولہ شاہنواز خاں لکھتے ہیں [۱]

احداث مجلس یازدہم و دوازدہم ہر ماہ در بلاد عظیمہ
دکن نمودہ کہ تا حال (سنہ ۱۱۶۰ھ) است"

فرخ سیر کے دور میں خان دوراں خاں بخشی کے بھائی خواجہ محمد جعفر ایک متصوف تھے
ان کے حالات میں تحریر ہے کہ ان کے گھر میں ائمہ طاہرین کی منقبت میں قوالیاں
گائی جاتی تھیں۔ بعض مریدین و معتقدین سلام کی بجائے زمین بوس آداب کرتے تھے
اور ائمہ اثنا عشریہ کی منقبت گاتے تھے۔ ملتان کے ایک واعظ شیخ عبداللہ دارالسلطنت
دہلی پہنچے تو انہوں نے اس رجحان پر گرفت کی اور کہا کہ [۲]

[۱] ماثر الامراء جلد اول از صمصام الدولہ شاہنواز خاں صفحہ ۳۲۸ (کلکتہ سنہ ۱۸۹۰ء)

[۲] تاریخ ہندوستان از شمس العلماء مولوی ذکاء اللہ صفحہ ۱۲۱

"سجدہ سوائے معبود برحق کے کسی کو سزاوار نہیں اور سرود کا سننا بھی شریعت کے طریقہ کے خلاف ہے فقط حمد منقبت اہل بیت کا سننا اور اصحاب کبار کے اسم اور ذکر کا نہ ہونا اسلام کے آئین اور طریقہ سے دور ہے۔"

اور شیخ عبداللہ ملتانی نے مسجد جامع میں جمعہ کے دن وعظ کہا کہ[۱]

"حضرت علی داخل اہل عبا نہیں ہیں اور علوی کو سید نہیں کہہ سکتے اور جن پنجتن کو پاک کہتے ہیں اہل سنت کے عقیدہ کے خلاف ہے کیا اور اصحاب کرام پاک نہ تھے۔"

انجام یہ ہوا کہ[۲]

"جمعہ کے روز کچھ مغل زادے اوباش وضع کربلا کی تسبیں گردن اور بازو میں ڈالے ہوئے وعظ کے وقت پہنچے اس پر گمان ہوا کہ وہ شیخ عبداللہ کے قتل کرنے کو آئے ہیں شیخ عبداللہ کے ہوا خواہوں نے فرخ سیر سے استغاثہ کیا جس کا فیصلہ یہ ہوا کہ عبداللہ واعظ ملتان جائے اور خواجہ جعفر شہر سے باہر نکلے۔"

دہلی میں عزا داری اور مرثیہ خوانی بڑے زوروں سے ہوتی تھی نواب درگاہ قلی خاں نے اس سلسلہ میں خاصی تفصیل دی ہے، جس طرح دہلی میں "قدم شریف"

---

[۱] تاریخ ہندوستان از شمس العلماء مولوی ذکاءاللہ صفحہ ۱۲۱

[۲] تاریخ ہندوستان جلد نہم صفحہ ۱۲۲

کے نام مجاروں نے ایک فرضی زیارت گاہ قائم کر رکھی تھی اور مشہور کر دیا کہ یہ نقش قدم حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ہے [1] اسی طرح امامیہ حضرات نے دہلی میں "شاہ مردان" اور "پنجہ شریف" [2] کی زیارات قائم کیں اور مشہور کر دیا کہ یہ حضرت علی کا نقش قدم ہے [3] اس کی یہ کیفیت تھی کہ [4]

"بروز شنبہ زائرین اور حاجت مندوں کا بڑا ہجوم ہوتا اور ۱۲ ار
محرم کو (بروز زیارت خامس اہل عبا) خصوصیت سے اہل عزا برسم
پرسہ داری گریاں و نالاں حاضر ہو کر مراسم تعزیت بجالاتے تھے
اس روز کوئی متنفس ایسا نہ ہوتا تھا کہ زیارت سے محروم رہے"

مرثیہ خوانی کا بڑا زور ہوتا تھا درگاہ قلی خاں ایک مرثیہ خواں کے متعلق لکھتے ہیں [5]

"نہائے مرثیہ بر عجیب سوز وگداز می گزارد معدن اندوہ است

---

[1] قدم شریف کے فرضی ہونے کے متعلق ملاحظہ ہو "مخدوم جہانیاں جہاں گشت" از محمد ایوب قادری صفحہ ۲۱۰ ، ۲۲۱ (ادارہ تحقیق وتصنیف، کراچی ۱۹۶۳ء)

[2] "پنجہ شریف" کے متعلق مشہور ہے کہ وہاں حضرت علی رض کی انگلیوں کے نشان ہیں اور دہلی میں یہ شیعوں کا مشہور قبرستان ہے ملاحظہ ہو نجوم السماء صفحہ ۳۶۰ وملفوظات شاہ عبدالعزیز صفحہ ۲۰۰/۲۰۱

[3] ملاحظہ ہو مخدوم جہانیاں گشت صفحہ ۲۲۳ ۔ عوام کو بہکانے کے لئے اوچ، حیدرآباد (مغربی پاکستان) میں حضرت علی رض کے نقش قدم اور ٹھٹھہ میں حضرت حسین رض کے نقش قدم شیعہ مجاوروں نے مشہور کر دیئے ہیں

[4] مرقع دہلی از نواب درگاہ قلی خاں صفحہ ۲۴ (مقدمہ م ۲ متن) حیدرآباد دکن سن طباعت ندارد

[5] مرقع دہلی صفحہ ۵۰ - ۵۱ ، ۵۲

وکان الم مخسترن مصیبت است دگنجینہ غم امیر اہتمام عاشور خانہ جاوید خاں است و بمراعات زائراں وتعزیہ داراں، می پردازد

دوسرے کی کیفیت ملاحظہ فرمائیے[1]

"میر عبداللہ از تعزیہ داراں جناب حضرت ابا عبداللہ الحسین علیہ السلام است مرثیہ ہائے نادیم وحزیں را تسیمے باہنگ ہائے حزیں می خواند کہ بے اختیار شور از نہاد سامعاں برمی خیزد از کثرت نوحہ و فریاد گوش فلک کر می گردد... درماہ محرم مقدمش ہمہ جا واجب الاحترام، نوبت در تعزیہ خانہائے مردم عمدہ واری شود و بتقدیم مراسم عزامی پردازد خلائق درا ماکن موعودہ بر یک دگر سبقت جستہ ہجوم می نمایند"

ایک اور تعزیہ دار اور مرثیہ خواں کا ذکر ملاحظہ ہو[2]

"میر درویش حسین از تعزیہ داران جناب خامس آل عبا است و در تقدیم مراسم شیون بے ہمتا، آہنگ ہائے برجستہ، انتخابش پیش ہمہ کس مسلم الثبوت است وایرادرا دخلے نیست"

دہلی میں تعزیہ داری دکن سے آئی دہلی کے رزیڈنٹ چارلس مٹکاف کے زمانے (سنہ ۱۸۲۵ء تا سنہ ۱۸۲۶ء) میں تعزیہ داری کے موقعہ پر جھگڑا ہو گیا تو اس

---

[1] مرقع دہلی صفحہ ۵۰ ـ ۵۱ ـ ۵۲

[2] مرقع دہلی صفحہ ۵۳

نے مفتی اکرام الدین صدر الصدور دہلی (ف ۱۲۶۰ھ) سے اس کے آغاز و ابتدا کے متعلق استفسار کیا تو مفتی صاحب نے بتایا کہ :[1]

"ماہ محرم از قدیم است مگر تعزیہ داری نبود ہر گاہ اورنگ زیب عالمگیر بادشاہ در دکن رفتند لشکریاں شاہی از عبداللہ پیر زادہ دکن کہ در آنجا تعزیہ داری می کرد ایں رسم آموختند ازاں در شاہجہاں آباد نیز رسم تعزیہ داری جاری گردید"

یہ حالات تھے کہ حکیم الامت شاہ ولی اللہ دہلوی نے دو معرکتہ الآرا تصانیف "ازالۃ الخفاء عن خلافۃ الخلفاء" اور "قرۃ العینین فی تفضیل الشیخین" تصنیف کیں ازالۃ الخفا کے آغاز میں شاہ ولی اللہ لکھتے ہیں :[2]

"دریں زماں بدعت تشیع آشکار شد و نفوس عوام بشبہات ایشاں متشبث گشت"

مندرجہ بالا اقتباسات سے ہم اس دور کی عام مذہبی زندگی کا اندازہ لگا سکتے ہیں کہ امراء و وزراء کی سرپرستی میں شیعیت اور تفضیلیت کو کس قدر فروغ ہو رہا تھا کہ ہر شخص اسی رنگ میں رنگا ہوا تھا۔ مذہب اور ادب ہر شعبہ حیات میں اس کی چھاپ نظر آتی ہے۔ اردو شاعری کے اساطین شعراء، میر (د ۱۲۲۵ھ / ۱۸۱۰ء)، فغاں (د ۱۱۸۶ھ / ۱۷۷۲ء) سودا (۱۱۹۵ھ / ۱۷۸۱ء) سوز (د ۱۲۱۲ھ / ۱۷۹۸ء) میر حسن (د ۱۲۰۱ھ / ۱۷۸۶ء) انشا (د ۱۲۳۳ھ / ۱۸۱۷ء)

---

[1] سیر کریمی از نواب کریم اللہ خاں رام پوری صفحہ ۹۳ (قلمی) مخزونہ صولتیہ لائبریری رام پور

[2] ازالۃ الخفا عن خلافۃ الخلفاء از شاہ ولی اللہ دہلوی جلد ۱ (مطبع صدیقی بریلی ۱۲۸۶ھ)

سلیمان شکوہ سلیمان (ف ۱۸۳۷ء)، نظیر (ف ۱۲۴۶ھ / ۱۸۳۰ء)، آتش (ف ۱۲۶۳ھ / ۱۸۴۷ء)، ناسخ (ف ۱۲۵۴ھ / ۱۸۳۸ء) سب اسی جماعت کے ارکان ہیں اور اسی فکر و نظر کے مبلغ و مناد شعراء اور متصوفین کے ذریعہ یہ افکار و خیالات خوب اشاعت پذیر ہوئے اور تفضیلی مشائخ شاہ فخرالدین دہلوی (ف ۱۱۹۹ھ / ۱۷۸۴ء) وغیرہ نے تو اس لے کو آگے بڑھایا جس کی تفصیل حسب موقع پیش کی جائے گی اس سلسلہ میں ڈاکٹر ذاکر حسین رقمطراز ہیں [1]

"ہندوستان میں جن حضرات نے تصوف کے پردہ میں تبلیغ دین فرمائی ان کو تمام تر سنی المذہب قرار دینا غلط ہے اس لئے کہ اثنا عشری اور اسماعیلی شیعہ بھی تصوف کے بھیس میں ایران سے ہندوستان آتے رہے ہیں اور اپنے مذہب کی تبلیغ کرتے رہے ہیں نزاری اور مستعلی اسماعیلیوں کی تبلیغ تمام تر تصوف کے پردے میں ہوئی ہے۔ چنانچہ نزاریوں کے پیر صدر الدین اور حسن کبیر الدین... اس سلسلے میں کافی شہرت رکھتا ہے اثنا عشری علماء مبلغین بھی تصوف کے پردہ میں ہندوستان میں تبلیغ کرتے رہے جن کا ایک واضح اشارہ ابوالفضل نے بھی آئین اکبری میں کیا ہے۔"

یہ تو خاص مرکز دہلی کے حالات کا ایک ہلکا سا ناممکل جائزہ ہے دکن، سندھ اور بنگال کا بھی یہی حال تھا، دکن میں یہ پودا سب سے پہلے بارآور ہوا اور دکن کی شیعہ حکومتوں نے اس کو خوب پروان چڑھایا اس دور میں ایران سے امراء و علماء آئے اور دکن

---

[1] اردو مرثیہ اور شاہی سرپرستی از ڈاکٹر ذاکر حسین فاروقی بی اے پی ایچ ڈی رضا کار لاہور اربعین نمبر ۱۹۶۳ء

میں قیام پذیر ہو کر اپنے ادارے قائم کر کے امامیہ مذہب کی تبلیغ و اشاعت میں مصروف ہو گئے، آخر میں آصف جاہ نظام الملک نے حیدرآباد دکن میں جو ریاست قائم کی اس میں شیعہ امیروں، رئیسوں، زمینداروں اور جاگیرداروں کے غلبہ و اقتدار کی وجہ سے یہ افکار و نظریات خوب پھیلے، سندھ میں "امیران سندھ" کا بھی یہی مسلک تھا، تاریخ و ادب اور شعر و شاعری سب میں ان ہی افکار و خیالات کی صدا گونجتی نظر آ رہی ہے سندھی ادبی بورڈ نے اس دور کا جو فارسی لٹریچر شائع کیا ہے اس میں اس کی بھرپور تفصیل ملتی ہے یہاں صرف ایک مثال ملا محمد معین سندھی (ف سنہ ۱۱۶۱ھ / ۱۷۴۷-۸ء) "دراسات اللبیب" کی پیش کی جاتی ہے کہ ایک طرف تو وہ "غیر مقلدیت" کے مبلغ ہیں تو دوسری طرف "رفض و شیعیت" میں ڈوبے ہوئے ہیں [1] اور یہ اس دور کے متصوفین، شعراء اور امراء کا عام رجحان تھا، "امیران سندھ" کے اقتدار کی آخری نشانی "ریاست خیرپور" تھی کہ جس نے اس معاملہ میں اپنی ذمہ داری کو پوری مستعدی سے پورا کیا، سندھ کے دوسرے امیروں اور متصوفین کا بھی یہی حال تھا، تاریخ اوچ کے مؤلف مولوی محمد حفیظ الرحمٰن بہاولپوری (ف سنہ ۱۳۷۹ھ / ۱۹۵۹ء) "اوچ میں شیعیت کا آغاز" کی سرخی کے تحت رقم طراز ہیں [2]

---

[1] دراسات اللبیب کو مولانا محمد عبدالرشید نعمانی نے ایڈٹ کیا ہے اس کے مقدمہ میں انہوں نے ملا محمد معین کے حالات تفصیل سے لکھے ہیں اور ان کے افکار و معتقدات کا جائزہ لیا ہے ملاحظہ ہو مقدمہ دراسات اللبیب صفحہ ۱-۱۰۷ (سندھی ادبی بورڈ۔ کراچی سنہ ۱۹۵۷ء)

[2] تاریخ اوچ از مولوی محمد حفیظ الرحمٰن صفحہ ۱۱۶ دہلی سنہ ۱۹۳۱ء)

"جندوڈہ شاہ نے سندھ میں بالغ ہو کر ایک طوائف گوہر خاتون سے نکاح کر لیا اور میر سہراب خاں تالپر کے اثر تربیت و صحبت سے مذہب شیعہ اختیار کر لیا اور ۱۲۲۴ھ / ۱۸۰۹ء میں اپنے مریدوں کی ایک جماعت کے ساتھ اوچ میں وارد ہوا اور مخدوم ناصرالدین سادس کے لقب سے سجادہ نشین خانقاہ حضرت جلال بخاری و مخدوم جہانیاں جہاں گشت، بن گیا . . . جندوڈہ شاہ پہلا سجادہ نشین اوچ بخاری ہے جس نے سندھ سے مسلک شیعہ لا کر اوچ اور ریاست بہاولپور میں مروج کیا۔"

عہد فیروزی کے مشہور سہروردی بزرگ مخدوم جہانیاں جہاں گشت ۷۸۵ھ / ۱۳۸۴ء کی خانقاہ کا یہ حال ہے اور اس کے سجادہ نشین اب اہل تشیع ہیں۔

بنگال اس معاملہ میں سب سے آگے تھا نظامت مرشد آباد کے بانی "مرشد قلی خاں" ایک شیعہ امیر تھے۔ اس کے بعد جب مسند مرشد آباد پر علی وردی خاں کی بالادستی قائم ہوئی تو مرشد آباد اور عظیم آباد اس تحریک کے دو خاص مرکز قائم ہو گئے علی وردی خاں نے ان رجحانات کی اشاعت میں خاصا حصہ لیا ان کے زمانے میں فضلائے ایران جوق در جوق بنگال و بہار میں پہنچے اور حکومت کی سرپرستی میں اپنے عقائد و افکار کی تبلیغ و اشاعت میں مصروف ہوئے۔ نواب علی وردی خاں مہابت جنگ خود بھی روزانہ بعد عصر ان ایرانی افاضل و اکابر کے ساتھ مجلس مذاکرہ منعقد کرتے اس مجلس میں سید الافاضل میر محمد علی فاضل، تقی قلی خاں، حکیم ہادی خاں میرزا محمد حسین صفوی وغیرہ شریک ہوتے کتاب کافی مصنفہ شیخ محمد بن یعقوب کلینی

سے دو احادیث روزانہ پڑھی جاتیں اور میر محمد علی فاضل اس کی شرح کرتے تھے [۱]

غلام حسین طباطبائی نے سیر المتاخرین کی ایک فصل میں ان افاضل ایران کا تفصیل سے ذکر کیا ہے کہ جو علی وردی خاں کے زمانے میں وارد بنگال و بہار ہوئے ان حضرات کی تبلیغ کا انداز بھی خوب تھا۔ غلام حسین طباطبائی مؤلف سیر المتاخرین کی نانی کے حقیقی چچا شاہ حیدری کربلائی حائری تھے وہ اپنے معتقدات میں بہت پختہ تھے [۲]

"در تشیع نہایت دبے باک و در کمال استغنا بود"

شاہ حیدری بھاگل پور (بہار) میں مقیم تھے وہاں کے ایک رئیس محمد غوث خاں بیمار ہوئے تو ان شاہ صاحب نے کس طرح اپنے معتقدات کی تبلیغ کی ملاحظہ ہو [۳]

"محمد غوث خاں اتفاقاً بیمار شد و بیماریش اشتداد یافتہ، از حیاتش امیدے نماند، درآں وقت شاہ حیدری کہ از مباینت مذہبش نفور اما از شجاعتش راضی و مسرور بود بسر وقتش رسیدہ بشرط قبول مذہب تشیع ضامن شفائے او شد و او قبول نمود و شفا یافت و ارادت کامل باشاہ حیدری بہم رسانیدہ، مع اولاد مطیع و منقادش بود"

---

[۱] ملاحظہ ہو سیر المتاخرین از غلام حسین طباطبائی صفحہ ۶۰۹ - ۶۱۰ (نولکشور پریس لکھنؤ ۱۸۹۷ء)

[۲] سیر المتاخرین صفحہ ۶۱۵ - ۶۲۰

[۳] سیر المتاخرین صفحہ ۶۱۳

جب ہم اودھ کی حکومت کا جائزہ لیتے ہیں اس کا مدت قیام بھی زیادہ رہا اور اس کے حکمرانوں نے اپنے اپنے عقائد و افکار کی اشاعت میں بہت سرگرمی سرگرمی دکھائی اس حکومت کے بانی برہان الملک سعادت خاں (ف ۱۱۵۱ھ / ۱۷۳۹ء) ہیں جن کو پہلے مرشد قلی خاں، ناظم مرشد آباد کی سرپرستی حاصل رہی (۱۱۳۲ھ / ۱۷۲۰ء) میں وہ اودھ کے مستقل صوبیدار ہوئے برہان الملک کی پیشانی پر سب سے بڑا داغ یہ ہے کہ انہوں نے نادر شاہ کے ہاتھوں دہلی کو تباہ و برباد کرایا۔ حکیم نجم الغنی خاں تاریخ مظفری کے حوالے سے لکھتے ہیں [۱]

"روز دیگر فردوس آرام گاہ خلعت میر بخشی گری بہ نظام الملک فتح جنگ مرحمت فرمودند سعادت خاں برہان الملک کہ امیدوار ایں خدمت بود از حد کبیدہ خاطر گشت و نادر شاہ را بر فتن دار الخلافہ شاہجہان آباد ترغیب نمود و او نمک حرامی ادا کرد و خزائن و دفائن آنجا گوش زد کرد"

مفتاح التواریخ میں بھی اس بات کی تصریح کی ہے

"از گفتن او (برہان الملک) نادر شاہ از میدان قتال کرنال بہ بہانۂ ضیافت در قلعہ شاہجہان آباد داخل شدہ والا ارادۂ نادر شاہ چنیں نبود چنانچہ تاریخ وفاتش بزیادت یک عدد چنیں یافتہ اند ع بے سعادت نمک حرام مرد"

---

[۱] تاریخ اودھ جلد اول از حکیم نجم الغنی ص ۸۱ (نولکشور پریس لکھنؤ ۱۹۱۹ء)

برہان الملک کے بعد ان کے جانشین ان کے داماد ابوالمنصور خاں صفدر جنگ (ف ۱۱۶۷ھ ؍ ۱۷۵۴ء) ہوئے جنہوں نے دہلی کی مرکزی حکومت میں وزارت کا منصب حاصل کیا۔ صوبہ اودھ سے ملی ہوئی فرخ آباد اور روہیل کھنڈ کی ریاستیں تھیں جن کے حکمران بنگش اور روہیلہ پٹھان تھے مذہباً یہ لوگ سُنّی تھے۔ اختلاف مذہب کی وجہ سے ان دونوں ریاستوں کا وجود صفدر جنگ کی آنکھوں میں کانٹے کی طرح کھٹکتا تھا اور انہوں نے ان دونوں مسلم ریاستوں کو ختم کرنے میں کوئی کسر اُٹھا نہ رکھی، ان کی اس آرزو کی تکمیل ان کے بیٹے شجاع الدولہ اور پوتے آصف الدولہ کے ہاتھوں ہوئی۔ برہان الملک اور صفدر جنگ کے زمانے میں بہت سے ایرانی اودھ میں آئے اور حکومت کے نظم ونسق میں ہاتھ بٹایا نجم الغنی خاں لکھتے ہیں۔

> "ان (صفدر جنگ) کی سرکار میں سواران مغلیہ بیس ہزار تھے لیکن اکثر ہندوستانی بھی صفدر جنگ کا ادھر میلان پاکر ان کا سا لباس پہن کر بات چیت کرتے تھے اور تنخواہ پاتے تھے"[1]

صاف ظاہر ہے کہ فوج کی ملازمت کے لئے ایرانی لباس وزبان ضروری تھے تو الناس علی دین ملوکہم کے مصداق معلوم نہیں کتنوں نے آبائی عقائد کو خیرباد کہا ہوگا، اختلاف مذہب کی وجہ سے ان حکمرانوں کے زمانے میں سنی علماء ومشائخ کی بہت سی جائدادیں ضبط ہوگئیں۔ میر غلام علی آزاد بلگرامی لکھتے ہیں[2]

---

[1] تاریخ اودھ جلد اول از نجم الغنی خاں صفحہ ۲۹۷

[2] مآثر الکرام جلد اول از غلام علی آزاد صفحہ ۲۲۲ (آگرہ ۱۹۱۰ء)

"تا حدود ۱۱۳۰ھ ہنگامۂ علم و علماء دریں گل زمین دلگرام گرمی داشت تا آنکہ برہان الملک سعادت خاں نیشاپوری در آغاز جلوس محمد شاہ حاکم اودھ شد و اکثر بلاد صوبہ الٰہ باد ... نیز دار الخیر جون پور و بنارس و غازی پور و کڑہ و مانک پور و کوڑہ جہاں آباد و غیرہا ضمیمہ حکومت گردید و وظائف و سیور غالات خانوادہائے قدیم و جدید یک قلم ضبط شد کار شرفا و نجباء بہ پریشانی کشید، و اضطرار مردم آنجا از کسب علم باز داشتہ و رواج تدریس و تحصیل بآں درجہ نماند، و مدارسے کہ از عہد قدیم معدن علم و فضل بود یک قلم خراب افتاد و انجمن ہائے ارباب کمال بیشتر برہم خورد انا للّٰہ و انا الیہ راجعون، و بعد ارتحال برہان الملک نوبت حکومت بخواہر زادہ او ابو المنصور خاں صفدر جنگ رسید وظائف و اقطاعات بدستور زیر ضبط ماند و در اواخر عہد محمد شاہ ۱۱۵۹ھ صوبہ داریٔ الٰہ آباد نیز صفدر جنگ مقرر شد و تتمہ وظائف آں صوبہ کہ تا حال از آفت ضبط محفوظ ماندہ بود بضبط در آمد و در عہد جہاں دار شاہ، صفدر جنگ بپایۂ وزارت اعلیٰ صعود نمود و نائب صوبہ کار را بر ارباب وظائف تنگ تر گرفت و تا حین تحریر کتاب ایں دیار پامال حوادث روزگار است"

جائداد اور املاک کی واگزاری کے لئے بہت سے قدیم خاندانوں نے اپنے

آبائی مذہب کو خیرباد کہہ دیا۔ اس سلسلہ میں مآثر الکرام کے مقدمہ میں بابائے اردو مولوی عبدالحق لکھتے ہیں [1]

"ایک بات تاریخی حیثیت سے اس تذکرہ میں خاص طور پر قابل لحاظ ہے کہ ان علماء و فضلائے بلگرام میں سے جن کا اس میں ذکر ہے ایک بھی اہل تشیع میں سے نہیں۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ مذہب شیعہ نے وہاں بعد کے زمانے میں رواج پایا"

حقیقت یہ ہے کہ سادات بلگرام نے معاشی اور معاشرتی مجبوریوں سے پہلے تفضیلیت اور پھر شیعیت اختیار کی اور آخر زمانے میں تو یہ رنگ بہت پختہ ہوگیا۔ یہاں کی تعزیہ داری نے دور و نزدیک شہرت پائی۔ بلگرام کے صرف ایک محلہ میدان پورہ کی تعزیہ داری کا حال ملاحظہ ہو [2]

"۱۰ محرم کو گیارہ بجے تک کل محلہ میدان پورہ کے تعزیئے جن کی فہرست درج ذیل مع بنانے والوں کے ہے جو تعداد میں چوبیس پچیس کے ہوتے اور ہمراہ سفید تعزیہ کے گشت میں شامل رہ کر کربلا جاتے مشہور تعزیوں میں بیٹوں کا تعزیہ، کنجڑوں کا تعزیہ کرم میاں پیرزادہ کا تعزیہ، رسول بخش کا تعزیہ، حیدری پنجہ بسار کے تعزیئے تھے اس کے بعد بزقصابوں گاڈ قصابوں، خیاطوں، معماراں، جوگیاں، نور باقاں، گاڈراں کے تعزیئے امام باڑے میں آکر شریک گشت ہوتے تھے اہل ہنود کے یہ لوگ تعزیہ

---

[1] مآثر الکریم جلد اول مقدمہ صفحہ ۳۱

[2] تاریخ خطہ پاک بلگرام از قاضی شریف الحسن بلگرامی صفحہ ۲۵۸ دہلی کراچی ۱۹۶۰ء

بناتے تھے اور شریک عزاداری ہوتے تھے، الیشری شاہ تیتال
ہیرالال سیودجی، سوہن تیتال، گوکل تنبولی، لچھمن بقال، سوہن
نجار... قریب ۵ بجے دن کے جبکہ تعزیہ متصل مکان مولوی،
محمد عالم صاحب پہنچا تو شیخ مظہر حسین مذکور مرثیہ۔

ع قتل جب رن میں ہوا سبط رسول الثقلین

خاص اپنے چیدہ بازؤں کے ساتھ بہت شان سے پڑھتے
اس مرثیہ میں ہندی کے الفاظ کی ٹیپیں ہیں جو بہت دردناآمیز
اور بھلی معلوم ہوتی ہیں۔ اس مرثیے کے سننے کے واسطے تمام بلگرام
کے معززین اہل ہنود اور حکامان تحصیل و تھانہ آتے تھے مجمع نہایت
کثیر اور پر رونق ہوتا تھا، ہجوم مرداں کی وجہ سے مرثیہ خوان بمشکل
ایک دو ہاتھ سے زیادہ نہیں پڑھ سکتے تھے اس مرثیہ کا جواب بھی
اہل ہنود ہی پڑھا کرتے تھے بعدہٗ واپسی تعزیہ از کربلا تمام ہندوگان و
اہالیان محلہ امام باڑہ میں موجود ہوکر علم امام علیہ السلام میں شریک ہوتے
اور مجلس شربت کی ہوتی اور یہی مجلس سوم اور چہلم کو کربلا میں ہُوا
کرتی تھی۔

اودھ اور روہیل کھنڈ میں تعزیہ داری کا یہ رنگ بھی نوابان اور شاہان اودھ
کی ترغیب و تحریص اور ان کی سرپرستی کی وجہ سے پیدا ہوا، بلگرام کی تعزیہ داری
کی جو تفصیل بیان ہوئی ہے تمام مقام کو چھوڑ کر کم و بیش روہیل کھنڈ کے شہر و قصبات
میں بھی تعزیہ داری کا یہی انداز تھا۔ تقسیم ہندوستان سے قبل آنولہ، بدایوں، اور جھبانی

بریلی، پیلی بھیت، رام پور اور امروہہ وغیرہ میں اسی زور شور سے تعزیہ داری ہوتی تھی، آج کراچی میں تقسیم کے بعد سے تعزیہ داری کا رنگ اس سے بھی چوکھا ہو گیا ہے بات ذرا آگے بڑھ گئی ذکر تھا صفدر جنگ کے جاگیرداروں کے ضبط کرانے کا آئینہ اودھ کے مؤلف ابوالحسن مانکپوری لکھتے ہیں۔

"سادات موضع بتی، پرگنہ سہوہ و فتح پور خاص میں مقیم ہوئے مدت تک اولاد ان کی بہ مذہب آبائی (اہل سنت) قائم رہی لیکن بعہد ریاست ابوالمنصور خاں صفدر جنگ مذہب امامیہ اختیار کرتے گئے"۔ ؎۱

"ان (سید غلام حسین ثانی ساکن بہرائچ) کے دو پسر غلام محمد و غلام رسول ثانی (ہوئے) یہ معاصر تھے نواب شجاع الدولہ بہادر کے بعد شکست بکسر کے سبب صلح نامہ گورنمنٹ انگلشیہ سے ہوا نواب ممدوح الذکر نے حکم ضبطی کل معافیات صوبہ اودھ کا صادر کیا یہ دونوں بھائی بہ طمع بحالی معافی بہ تبدیلی مذہب آبائی (اہل سنت) پابند مذہب امامیہ ہو گئے"۔ ؎۲

صفدر جنگ کے بعد شجاع الدولہ (ف ۱۱۸۸ھ / ۱۷۷۵ء) سریر آرائے حکومت ہوئے وہ اپنی مذہبی پالیسی میں اپنے والد بزرگوار کے سختی سے پابند رہے بلکہ ان کے زمانے

؎۱ آئینہ اودھ از ابوالحسن مانک پوری صفحہ ۱۱۶ (مطبع نظامی کانپور ۱۸۸۰ء)

؎۲ آئینہ اودھ صفحہ ۱۵۵

میں یہ پودا اور بھی برگ و بار لایا۔ انہوں نے فرخ آباد کے بنگش اور سنبھل کھنڈ کے روہیلہ حکمرانوں کا پورے طور سے استیصال کیا۔ احمد خاں بنگش کے صاحبزادے نواب نواب دلیر ہمت خاں مظفر جنگ (ف ۱۲۱۱ھ / ۱۷۹۶ء) کے زمانے میں ۱۷۷۲-۳ء میں ریاست فرخ آباد شجاع الدولہ کے ماتحت ہوگئی اور ۱۷۷۳ء نواب مظفر جنگ نے باقاعدہ شیعہ مسلک اختیار کر لیا۔ لوح تاریخی (تصنیف ۱۲۵۵ھ) کے مولانا منور علی خاں لکھتے ہیں سلہ

ہر کول (علی گڑھ) کی راہ میں ایک قصبہ جلالی ہے کہ سید اس میں رہتے ہیں وہاں محرم کا چاند دکھائی دیا تب نواب شجاع الدولہ نے وہیں قیام کیا اور تعزیہ داری وہیں کی۔ امام باڑہ کپڑے کا کھڑا کیا گیا اور چاندی کے تعزیے رکھے گئے جو امیروں کے ہمراہ رہتے ہیں چنانچہ نواب مظفر جنگ اس مقام پر شیعہ ہو گئے۔

شجاع الدولہ نے جلالی میں ایک صاحب حکیم خیرات علی کے امام باڑے کے لئے چار گاؤں مال پور، کمال پور، تورجہ اور تیزولی معاف کئے سلہ

۱۷۷۴ء میں شجاع الدولہ نے انگریزوں کی مدد سے روہیلوں پر چڑھائی

سلہ لوح تاریخی از منور علی خاں ورق ۱۲۰ الف (قلمی، سال کتابت ۱۲۷۳ھ) (مخزونہ مسلم یونیورسٹی لائبریری، علی گڑھ)

سلہ حیات حافظ رحمت خاں از سید الطاف علی بریلوی صفحہ ۲۵۹ (طبع ثانی، کراچی ۱۹۶۶ء)

کردی، روہیلہ سردار حافظ الملک حافظ رحمت اللہ خاں میراں پور کٹرہ کی جنگ میں شہید ہوئے۔ تمام ریاست روہیل کھنڈ پر شجاع الدولہ کا قبضہ ہوگیا اور اس کی ایک دیرینہ آرزو پوری ہوگئی۔ اہل روہیل کھنڈ کو سخت مصیبتوں کا سامنا کرنا پڑا۔ شہر و قصبات بری طرح تاراج کیے گئے، امراء و رؤساء اور علماء و مشائخ کو سخت تکلیفیں پہنچائی گئیں، شعائر اسلامی کی اعلانیہ بے حرمتی کی گئی۔ شیو پرشاد کی کتاب فرحت بخش کے حوالہ سے نجم الغنی خاں لکھتے ہیں [1]

"مسجدوں، مدرسوں، خانقاہوں اور مقبروں میں تلنگے گوبر سے چوکا دیتے اور کھانا پکاتے ہیں، آنولہ نواب علی محمد خاں کے عہد میں دارالاسلام تھا اور نواب ممدوح نے بڑی کوشش کے ساتھ آبادی میں ترقی دی تھی قلعہ اور مسجدیں تعمیر کرائی تھیں آنولہ کی دینداری پر بلاد اسلام کو رشک تھا شجاع الدولہ کی فتح کے بعد اس شہر کی یہ نوبت پہنچی کہ آخوند محمد رحیم کی مسجد میں جو ایک متدین اور مجتہد شخص تھے رنڈیاں اور فاحشہ عورتیں رہنے لگیں اور اعلانیہ ان میں بیٹھ کر کسب کراتیں بدفعلی میں مشغول رہتیں ان سے کوئی یہ تعرض نہیں کرتا کہ تم مسلمانوں کے ایک مقدس مقام میں ایسا کیوں کرتی ہو"

شجاع الدولہ نے فتح روہیل کھنڈ کے سلسلہ میں مشہور حق گو صوفی، شیخ، پیرزادہ مدن کی جائداد ضبط کر لی اور ان کو قید کر دیا، قید ہی میں ان کا انتقال ہوا یہ وہی شاہ

---

[1] تاریخ اودھ جلد دوم از نجم الغنی خاں صفحہ ۲۷۱ نولکشور پریس لکھنؤ ۱۹۱۹ء

مدن ہیں جن کے متعلق مشہور ہے ؎

بڑھائی شیخ نے داڑھی اگرچہ سن کی سی
مگر وہ بات کہاں مولوی مدن کی سی

ضبطی جائداد کے سلسلہ میں ہم عصر مؤرخ منشی فیض بخش بن غلام سرور کاکوروی مرتب "رقعات" "رقعات لچھمی نرائن" لکھتے ہیں [۱]

"بعد انقضائے مدت دہ سال کہ صحبت شاہ مدن بجہات شتی کہ اظہار آں محض طول مقال است از وزیر الممالک نواب شجاع الدولہ بہادر برہم خوردو دیہات جاگیر ایشاں کہ قریب بہ محاصل یک لکھ روپیہ بود بہ ضبط سرکار دولت مدار در آمد شاہ موصوف باایں ہمہ طنطنہ مشیخت و سیادت محبوس زنداں شدند"

اس سلسلہ میں مزید تفصیل نامہ مظفری میں ملاحظہ ہو [۲]

"شجاع الدولہ کے سامنے نواب سالار جنگ جو بہو بیگم کے بھائی تھے وہ بہت متعصب، حاسد شخص تھے شاہ (مدن) صاحب کے احترام سے انہیں دلی عناد تھا اکثر وہ شجاع الدولہ کے دل میں شاہ صاحب کی برائیاں جماتے تھے شاہ صاحب حافظ الملک کے طرفدار تھے۔

---

[۱] رقعات لچھمی نرائن مرتبہ منشی فیض بخش بن غلام سرور کاکوروی صفحہ ۵ (مطبع جعفری، کانپور ۱۲۸۸ھ)

[۲] نامہ مظفری حصہ دوم از منشی محمد مظفر حسین خاں صفحہ ۲۴۰، ۲۴۱ (مطبع مجتبائی لکھنؤ ۱۹۱۸ء)

> کیونکہ حافظ الملک شاہ صاحب کے ارادت مند تھے بلکہ بعض
> راوی حافظ صاحب کو شاہ صاحب کا مرید بتلاتے ہیں اس وجہ سے
> شجاع الدولہ نے شاہ صاحب پر حافظ الملک سے سازش رکھنے کا الزام
> لگایا اور ان کی جاگیرات ضبط کرلیں اور اسی پر اکتفا نہ کی بلکہ یہاں
> تک ظلم کیا کہ شاہ آباد کے قیام میں اثاث البیت اور مستورات کے
> زیورات تک شاہ صاحب سے منگوا لئے اس کے چھ ماہ کے بعد
> شاہ مدن صاحب نے انتقال کیا شاہ صاحب کے صبر اور حافظ الملک
> کے خون ناحق نے شجاع الدولہ کو ایک سال بھی خوشی نصیب ہونے
> دی حافظ الملک کے قتل کرنے کے نو مہینے بعد اور شاہ مدن صاحب
> کے انتقال کے تین ماہ کے بعد عین شباب میں ۴۷ برس کی عمر میں
> ۲۴ ذیقعدہ ۱۱۸۸ھ کو شجاع الدولہ نے انتقال کیا۔"

شجاع الدولہ کے عہد کے دو واقعات کی طرف اشارہ کرنا اور ضروری ہے کہ اس کے عہد میں اس زمانے کے دو نامور فاضل ملا عبد العلی بحر العلوم (وفات ۱۲۳۵ھ / ۱۸۲۰ء) اور ملا محمد حسن فرنگی محلی (وفات ۱۱۹۹ھ / ۱۷۸۴ء) اختلاف عقائد کی وجہ سے لکھنؤ سے خارج البلاد کئے گئے، اور ان مقبولوں کو پھر کبھی اپنا وطن دیکھنا نصیب نہ ہوا۔ ملا عبد العلی بحر العلوم نے ساری عمر شاہجہان پور، رام پور، ہگلی اور مدراس میں غریب الوطنی میں گزاری اور مدراس ہی میں پیوند خاک ہوئے۔ ملا محمد حسن نے رام پور میں سکونت اختیار کرلی اور وہیں ان کا انتقال ہوا۔ لکھنؤ کی سرزمین ان افاضل پر فخر کرتی ہے مگر یہ حقیقت بھی ہے کہ اہل لکھنؤ اور حاکم لکھنؤ (شجاع الدولہ) نے ان کے ساتھ کیسا ننگ انسانیت سلوک

کیا ۶ آسمان را حق بود گر خوں ببارد بر زمین

ملا عبد العلی بحر العلوم کے سلسلہ میں مولانا فضل امام خیر آبادی لکھتے ہیں لہ

"بعد ازاں بہ سببے از اسباب از لکھنؤ بر آمدہ چندے در رام پور ماند و آنجا بہ افادہ و افاضہ پرداختند"

مؤلف اغصان اربعہ اس سبب کی کسی قدر نشان دہی کرتے ہیں ؎۲

"در اوائل حال او (ملا عبد العلی بحر العلوم) را سانحۂ عظیمے در وطن پیش آمد، بر سبب آں صورت قیام در آنجا مناسب ندیدہ، ہر چند اعانت و امداد از خویشاں و عزیزاں درخواست آنہا ہم شریک او گشتند لاکن گفتند کہ ماباں مدام در خانہ نمی باشیم ... ملا مذکور بہ فساد ارباب شہر دیدہ قیام دریں شہر نتوانست و راہی شاہجہان پور گشت حاکم آنجا حافظ رحمت خاں مرحوم آمدن فرزند مولانا نظام الدین در ملک خود غنیمت دانست بجمال اعزاز و اکرام او را گرفتہ وجہ معقول برائے مصارف طلبہ علم مقرر ساخت و نواب شاہجہاں پور عبد اللہ خاں مرحوم آمدہ اندرون قلعہ در حویلی خود او را جا داد تا حیات حافظ رحمت خاں مرحوم ہماں جا سکونت داشت"

لہ تراجم الفضلاء از فضل امام خیر آبادی صفحہ ۱۲ (پاکستان اسٹاریکل سوسائٹی، کراچی ۱۹۵۶ء)

؎۲ اغصان الاربعہ للشجرہ الطیبہ از ولی اللہ لکھنوی صفحہ ۱۲۲ - ۱۲۳ مطبع کارنامہ فرنگی محل لکھنؤ ۱۲۹۸ھ / ۱۸۸۱ء

واقعہ یہ تھا کہ بلگرام کا ایک رئیس نورالحسن خاں ملا بحرالعلوم کے مدرسہ کے پاس ان کے ایک عزیز مولوی محب اللہ کے مکان میں علاج کی غرض سے مقیم تھا محرم کا مہینہ آگیا اس رئیس نے وہاں تعزیہ منگوایا اس بات پر جھگڑا ہوگیا، بحرالعلوم کی جان کے لالے پڑ گئے ان کو لکھنؤ چھوڑنا پڑا اور پھر کبھی وطن نصیب نہ ہوا۔

ملا حسن بھی اسی نوع کے قضیے میں لکھنؤ سے نکالے گئے، مؤلف اغصان الاربعہ لکھتے ہیں [1]

"بشرارت بعضے از حساد مفسدہ عظیم در وطن سر دادہ کہ در آں ہلاک خود را مشاہدہ ساخت وطعام وطن ممکن ندانستہ راہی روہیل کھنڈ شد وبقیہ عمر درحمایت حکام آں ملک بسر بردہ در رام پور وفات یافت"

شجاع الدولہ کے بعد نواب آصف الدولہ (ف ۱۲۱۲ھ/۱۷۹۷ء) مسند نشین حکومت ہوئے چونکہ فتح روہیل کھنڈ کے بعد جلد ہی شجاع الدولہ کا انتقال ہوگیا تھا لہٰذا نظم ونسق کے قیام کی تمام پالیسی آصف الدولہ کو وضع کرنی پڑی، آصف الدولہ نے بڑی حد تک اپنے باپ اور دادا کی روایات کو برقرار رکھا، قدیم جاگیرداروں کی جاگیریں ضبط ہوئیں۔ روہیلوں کے مرکزی مقامات کے محلات، اور سرائیں ضبط ہوکر ان شیعہ عمال اور افسران کو ملیں جو آصف الدولہ کی طرف سے ان مقامات پر مقرر ہوئے آنولہ میں نواب علی محمد خاں کے قلعہ میں شیعہ سادات آباد کئے گئے یہ لوگ ۱۹۴۷ء تک قلعہ کے ایک حصہ چوبرجی میں قابض و دخیل رہے، تقسیم

---

[1] اغصان الاربعہ صفحہ ۸

ہند کے بعد یہ تتر بتر ہو گئے، سید الطاف علی بریلوی لکھتے ہیں [1]

"شاہان اودھ کے عہد حکومت میں اہل تشیع حضرات کی مہذب و ذی علم آبادی کا کافی اضافہ ہوا روہیل کھنڈ کے ہر ایک ضلع میں ہمارے ان بھائیوں کے مشہور خاندان آکر سکونت پذیر ہو گئے اور حکومت جانب سے ان کو معقول زمینداریاں اور جاگیریں عطا کی گئیں۔ بریلی میں حسینی باغ گزری کی مسجد اور آصف الدولہ کا کالا امام باڑہ وغیرہ اسی عہد کی مشہور یادگاریں ہیں۔"

محرم کی عزا داری کے سلسلہ میں بریلوی صاحب رقمطراز ہیں [2]

"سرزمین روہیل کھنڈ میں موجودہ زمانے کی سی دھوم دھام کی محرم داری جس میں باجے تاشے، نوبت، علم، تخت، تعزیوں وغیرہ کے جلوس نکالے جاتے ہیں اس کا روہیلوں کے دور حکومت یا اس سے قبل کے زمانے میں جہاں تک تحقیق کی گئی، وجود نہیں ملتا، اس قسم کی تعزیہ داری کا سلسلہ بعد شہادت حافظ الملک والیانِ اودھ کے بست و ہفت سالہ عہد سلطنت میں شروع ہوا، کالا امام باڑہ تعمیر کردہ نواب آصف الدولہ اور بریلی میں شیعہ حضرات کی دوسری عمارتیں بھی اسی زمانے کی یادگار ہیں۔"

بسولی میں نواب دوندے خاں کا تعمیر کردہ شیش محل تھا اس کی ایک پرانی محل سرا میں میر مشرف علی کو مقیم کیا جو شجاع الدولہ کے زمانے میں ایران سے وارد لکھنؤ

---

[1] حیات حافظ رحمت اللہ خاں (طبع دوم) صفحہ ۲۱۸

[2] حیات حافظ رحمت خاں (طبع دوم) صفحہ ۳۲۵ — ۳۲۶

ہوئے تھے، ان کی اولاد تقسیم ملک تک اس محل سرا میں رہتی تھی اور یہ حصہ حویلی سادات
.... کہلاتا تھا۔ اس خاندان کے آخری نمائندے سید محمود علی تھے۔ قیام پاکستان کے بعد
بسولی میں وہ فوت ہوئے۔ اسی طرح اوجھیانی کا قلعہ جو نواب عبداللہ خاں ولد نواب
علی محمد خاں کا تعمیر کردہ تھا وہ بھی شیعہ سادات کو ملا۔ اس خاندان کے آخری آدمی سید شیدا
علی بن سید حمزہ علی تھے، آصف الدولہ کے زمانے میں اوجھیانی میں (محلہ ساہوکارہ) ایک وسیع
اور عالی شان امام باڑہ بھی بنا تھا نواب آصف الدولہ نے خادم حسین خاں متولی امام باڑہ
کو چھ گاؤں برائے امام باڑہ وقف کئے تھے، اس امام باڑہ کی تمام عمارت ختم ہو گئی صرف
صدر دروازہ باقی ہے اس خاندان کے آخری آدمی مرزا صفدر حسین تھے جو کراچی میں اندھے
ہو کر مرے انہوں نے امام باڑہ کی تمام موقوفہ جائداد موضع نناکھیڑہ اور پیر پور ضلع بدایوں
بیچ کر خورد برد کر دی تھی۔

غرض کہ آصف الدولہ کے دور میں روہیل کھنڈ میں اثنا عشری مسلک کی خوب
نشر و اشاعت ہوئی۔ حکومت کی طرف سے تحریص و ترغیب اور تنبیہ و تخویف کے حربے
بھی استعمال کئے گئے، گزیٹیر مراد آباد کا درج ذیل اقتباس ملاحظہ ہو[1]

> "اکبر کے عہد سے نوابان اودھ کے تسلط حکومت کے ابتدائی زمانہ
> تک، امروہہ کے تمام سید موخر الذکر مذہب (اہل سنت وجماعت)
> کے پابند تھے نوابان اودھ چونکہ بذات خود غالی شیعہ تھے اس لئے امروہہ
> کے بہت سے سیدوں نے اپنا قدیم مذہب[2] (شیعیت)

---

[1] گزیٹیر مراد آباد صفحہ ۱۸۴ (مطبوعہ الہ آباد ۱۹۱۱ء) [2] گزیٹیر کا یہ بیان درست نہیں کہ ان کا قدیم مذہب شیعہ تھا بلکہ ان کا قدیم مذہب اہل سنت وجماعت تھا۔

پھر اختیار کر لیا اور اس طرح تبدیل مذہب کرنے سے انہیں بہت سے دنیوی فوائد بھی، صحرائی و سکنائی جائداد و املاک کے حصول کی صورت میں حاصل ہو گئے۔

اس سلسلہ میں آل حسن بخشی مؤلف نخبۃ التواریخ کا بیان ملاحظہ ہو[1]

"سید علی اصغر در ابتداء مذہب قدیم اہل سنت و جماعت داشت چوں او را و ہم دیگر سادات جاگیرداران امروہہ را پئے استخلاص حال جاگیر ضبط کردہ نواب آصف الدولہ کہ درآں وقت متصرف ایں ممالک بود اتفاقاً بہ لکھنؤ افتاد و چندگاہ آنجا اقامت اختیار کردند و صحبت ہائے شیعان آنجا کہ معادن کار آناں بودند، بر داشتند "الصحبۃ مؤثرۃ" مذہب تشیع اختیار کردند پیش از و دریں سلسلہ کسے متہم بہ شیعیت نشد"

مولوی محب علی خاں عباسی مؤلف آئینہ عباسی اس مسلک کی اشاعت کا چشم دید حال اس طرح بیان کرتے ہیں[2]

"اس شہر (امروہہ) میں بعد سالار غازی کہ آٹھ سو برس ہوئے ہوں گے اہل اسلام سادات و شرفاء بود و باش رکھتے ہیں سب کا ایک مذہب اہل سنت و جماعت تھا جیسا کہ آثار و اطوار و تصانیف و اخبار سے بخوبی

---

[1] بحوالہ تاریخ امروہہ جلد اول از محمود احمد عباسی صفحہ ۲۷۹ دہلی ۱۹۳۰ء

[2] بحوالہ تاریخ امروہہ جلد اول صفحہ ۲۷۸

ثابت ہے اب عرصہ ۷۵ برس سے بوجہ آنے عملداری نواب وزیر کہ وہی

اس مذہب کا موجد ہندوستان میں ہے بمصداق الناس علیٰ دین ملوکہم

بعض بعض نے بہ طمع نفسانی اپنے بزرگوں کا مذہب چھوڑ کر تشیع اختیار کیا

اب ہمارے سامنے اس مذہب کی ترقی ہوئی"

جنہوں نے نوابانِ اودھ کے مذہب کو قبول نہیں کیا ان کا کیا حشر ہوا اس کی داستان بھی سُنیے مؤلف تذکرہ کاملان رام پور، علی برادران (مولانا محمد علی و شوکت علی مرحومین) کی ننھیال کے سلسلہ میں رقمطراز ہیں [1]

"اودھ کے تسلطِ روہیل کھنڈ کے وقت امروہہ کے امراء نے تبدیل مذہب اور حاضری دربار کی بدولت اپنی جاگیروں کو قائم رکھا اس خاندان میں سے کوئی سلطنت اودھ کے دربار میں شریک نہیں ہوا اس لئے کثیر حصہ جائداد کا ضبط ہو گیا۔

بدایوں میں حکومت اودھ کی طرف سے ۱۷۷۴ء میں خواجہ آفتاب خاں پہلا عامل مقرر ہُوا اور اپنے پیش رو فتح خاں خانساماں (وفات ۱۱۸۶ھ/۱۷۷۲ء) کی حویلی میں مقیم ہوا۔ کیونکہ فتح خاں کا خاندان قید ہو کر لکھنؤ اور الٰہ آباد پہنچ چکا تھا اسی زمانے سے بدایوں میں تعزیہ داری شروع ہوئی شیعہ حکام کی خوشنودی حاصل کرنے کے لئے تعزیہ داری کے جلوس حکام کی قیام گاہ (محلہ بھاجی ٹولہ۔ حسینی گلی) سے نکالے گئے خواجہ آفتاب کے بعد مسلمان عاملوں میں خواجہ عین الدین، مہدی علی خاں، الماس علی خاں اور

---

[1] تذکرہ کاملان رام پور از حافظ احمد علی خاں صفحہ ۱۳۰

حسین علی خاں آئے [1] ان شیعہ حکام کے قیام کی غرض سے اس گلی سے خاص طور سے تعزیہ داری کے جلوس گزرنے شروع ہوئے اور ان کے قیام کی وجہ ہی سے اس گلی کا نام "حسینی گلی [2] پڑ گیا خواجہ عین الدین اس مسلک میں بڑے غالی تھے [3]

"وہ ائمہ اطہار سے بے حد محبت رکھتا تھا۔ یہ روایت مشہور ہے کہ عشرہ محرم میں معمول تھا کہ عاشورے کو تمام مال و متاع ولقد و جنس اور عمارات اور زن و مرد بلکہ اپنی ذات سمیت جناب سید الشہداء کے نام خیرات کر دیتا تھا اور پھر قرض ادہار سے زر نقد پہنچا کر مول لیتا تھا جس جگہ تھوڑے دنوں کے لئے جاتا تو امام باڑہ اور مسجد کی پہلے نیو ڈالتا۔"

---

[1] عمدۃ التواریخ (تاریخ بدایوں) از مولوی عبدالحیٔ صفا بدایونی صفحہ ۴۸ - ۴۹ (مطبع مطلع العلوم مراد آباد ۱۸۶۹ء)

[2] بدایوں کے اس تاریخی کوچہ "حسینی گلی" کی طرف ذرا اشارہ کرنا ضروری ہے ۱۸۸۶ء و ۱۸۸۷ء میں مسٹر لیمب کلکٹر ضلع بدایوں کے زمانے میں عشرۂ محرم اور دسہرہ ایک ساتھ پڑے ہندو اور مسلمانوں کے درمیان بعض امور پر جھگڑا ہوا، ہندو مانع تھے کہ اس گلی سے تعزیئے نہ نکلیں مسلمان مصر تھے کہ حسب معمول نکلنے جائیں واقعہ یہ ہے کہ یہ محلہ اور راستہ قطعاً ہندوؤں کی بستی ہے صرف ایک دو مکان مسلمانوں کے، ایک مسجد اور ایک مزار اس گلی میں ضرور واقع ہیں، اس جھگڑے کے موقعہ پر مسٹر ٹیل کمشنر روہیل کھنڈ کے معاینہ کے وقت مسلمانوں نے اس مزار کا فرضی نام "سید حسین شہید" رکھ کر اسی نام سے "حسینی گلی منسوب کیا تنقیح طلب امر یہ ہے کہ یہ محلہ پورا ہندو محلہ ہے اس راستے سے مسلمانوں کے علم، تعزیئے اور جلوس کیوں نکلے جبکہ وہ محلہ میں آباد بھی نہیں شہر کے اور راستے ہو سکتے تھے۔ واقعہ یہ ہے کہ اودھ کے شیعہ حکام کی وجہ سے تعزیہ داری کے جلوس اسی گلی سے نکلے اور اسی وجہ سے اس گلی کا نام "حسینی گلی" پڑا۔ [3] تاریخ اودھ جلد سوم ص ۱۵۲

بدایوں میں اس مسلک کی ترویج و اشاعت کے متعلق مولوی محمد سلیمان بدایونی (وفات ۱۹۶۳ء) اپنے ایک مقالہ "بدایوں کے اہل تشیع" میں لکھتے ہیں[1]

"صورت سنگھ نے بدایوں کا چارج لے کر اندازہ کیا کہ عوام کی تالیف قلوب عطیات سے کی جاوے اور علماء میں سے بھی انتخاب کر کے مخالفت کی آواز کو بالکل نہ اُٹھنے دیا جائے چنانچہ اس کی نظر انتخاب مفتی محمد علی صدیقی حمیدی اور مولوی محمد علی عثمانی پر پڑی، مولوی صاحب (محمد علی عثمانی) نے موضع شادی پور تحصیل داتا گنج میں معافی کی اراضی لے کر سکوت اختیار کر لیا۔

مفتی صاحب نے علاوہ ہدایا اور عطایا کے حکومت کا مذہب بھی اختیار کر لیا اور ان کی اولاد اس وقت تک شیعیت پر قائم ہیں مفتی جی کی ترویج شیعیت سے ان کے اکثر عم زادوں نے شیعیت اختیار کی مفتی جی کے بیٹے مفتی مظفر علی نے "عروج الشیعہ فی البدایوں" لکھی ایک امام باڑہ تعمیر کرایا جو بڑا امام باڑہ کہلاتا ہے یہ میرے مکان کی شمالی حد تھا اس امام باڑے کے نام موضع خیر پور[2] تحصیل بدایوں میں معافی عطیہ

---

[1] بدایوں کے اہل تشیع از مولوی محمد سلیمان بدایونی صفحہ ۶، رسالہ [illegible] کراچی ۱۹۵۹ء مملوکہ محمد ایوب قادری

[2] اس امام باڑے کیلئے خیر پور (ضلع بدایوں) میں ۱۲۲ ایکڑ اراضی وقف تھی، ملاحظہ ہو بدایوں کی معافیات کا دخل نامہ مورخہ ۹ اگست [illegible] جاری شدہ صدر بورڈ آف ریونیو شمالی مغربی صوبہ آگرہ (محمد ایوب قادری)

نواب آصف الدولہ ہے "

اسی زمانے میں بدایوں کے مشہور شاعر ظہور اللہ خاں نوا (ف ۱۲۴۶ھ / ۱۸۲۹ء) ولد مولوی علی دلیل اللہ صدیقی حمیدی نے بھی اثنا عشری مسلک اختیار کر لیا تھا۔ نوا مدتوں لکھنؤ۔ حیدر آباد اور ایران کے درباروں میں رہے۔ ان ہی درباروں کے اثر سے یہ مسلک اختیار کیا ہوگا۔ بدایوں میں ایک اور امام باڑہ (۱۲۲۱ھ / ۱۸۰۶ء) میں تعمیر ہوا ضلع بدایوں کے قصبہ اسلام نگر میں بھی شیعہ سادات عہد آصفی کی یادگار ہیں اسلام نگر میں ایک امام باڑہ بھی تھا۔ شیعہ سنی تعلقات کے سلسلہ میں مولوی محمد سلیمان بدایونی لکھتے ہیں [1]

"بدایوں میں شیعہ سنیوں میں اس وقت تک باہم دگر شادی و بیاہ ہوتے ہیں عموماً شیعہ لڑکیوں کی اولاد شیعہ ہوتی ہے اور اکثر سنی لڑکیاں اپنے خاوندوں کے مذہب پر شیعہ ہو جاتی ہیں۔ بدایوں شہر (حدود میونسپلٹی) کا کوئی سید شیعہ نہیں ہے جتنے بھی ہیں شیخ صدیقی ہیں نہ جیلدری نہ علوی نہ جعفری"

نواب آصف الدولہ نے ۱۲۰۹ھ / ۱۷۹۴ء میں رام پور پر چڑھائی کی اور ریاست کا ایک حصہ ضبط کر لیا اس واقعہ کی تہہ میں بھی مذہبی جذبہ کار فرما تھا نواب فیض اللہ خاں کے انتقال کے بعد ان کے فرزند نواب محمد علی خاں مسند نشین ریاست ہوئے چونکہ وہ آصف الدولہ کے دربار لکھنؤ میں رہے تھے اس لئے نواب کی ترغیب سے انہوں نے شیعہ مذہب اختیار کر لیا تھا انہوں نے سربرآرائے حکومت ہونے کے بعد لکھنؤ کے آئین و قانون رام پور میں بھی جاری کئے انہوں نے غلام محمد خاں کو شریک بنا کر محمد علی خاں کو ختم کر دیا۔ پس پھر کیا تھا

---

[1] بدایوں کے اہل تشیع صفحہ ۸

انگریزوں کو ساتھ لے کر آصف الدولہ نے فوج کشی کی اور مقتول کے صاحبزادے احمد علی خاں کو مسند نشین کیا۔ اسی زمانہ سے رام پور میں شیعیت کا زور ہوا اور نواب کلب علی خاں کو چھوڑ کر رام پور کے تمام نواب اثنا عشری ہوئے۔ نواب محمد سعید خاں کے زمانے میں شاندار امام باڑہ تیار ہوا۔

مارہرہ ضلع ایٹہ کا مشہور قصبہ ہے یہاں پیر زادوں کا ایک قدیم مشہور خاندان ہے جس میں نامی گرامی مشائخ گذرے ہیں۔ ان کا تعلق بلگرام کے سادات سے ہے۔ ان میں اثنا عشری مسلک کی ترویج کے سلسلہ میں اسی خاندان کے ایک مؤرخ مولوی سید محمد میاں مارہروی لکھتے ہیں[1]

"ہمارے اسلاف کرام اور ان کے اخلاف فخام سب بحمد اللہ تعالیٰ ہمیشہ سے دین اسلام و مذہب مہذب اہل سنت و جماعت سے آراستہ و پیراستہ چلے آئے تھے اور اپنے اس دین متین و مذہب مہذب میں تعصب و تصلب کو مقبول و محمود جانتے اور مانتے اور بتاتے رہتے تھے اور اگرچہ اودھ کی رافضی سلطنت کے قرب اور اثر سے بلگرام اور اس کے نواح کے مقامات میں رہنے والے بعض ہماری نسل کے منتسبین میں شیعیت کا دخل ایک عرصۂ کثیر و دراز سے ہو گیا تھا جو بامتداد زمانہ بڑھتا رہا مگر بحمدہٖ تعالیٰ ہمارے اجداد کرام کے علم و عمل ظاہری و باطنی اور ان کی پختگیٔ دین و مذہب و حفاظت شریعت نے ہمارے مارہرہ کی نسل میں اس ضلالت

---

[1] خاندان برکات از مولوی سید محمد میاں صفحہ ۸۱ - ۸۲ (مطبوعہ حسنی پریس بریلی ۱۹۲۷ء)

کو داخل نہ ہونے دیا جہاں تک معلوم ہوتا ہے اول جما میاں صاحب[1]

لکھنؤ اور پورب کی صحبتوں سے اس طرف مائل ہوئے اور اب ان کی بانچ بجیہ

کی نسل کی جو حالت ہے وہ میں اوپر بتا چکا ہوں اور حضرت سید شاہ

آل حسین سچے میاں صاحب قدس سرہ کے بعد ان کے دوسرے بیٹے

سید محمد تقی خاں صاحب سے ان کی نسل میں بھی شیعیت کی کچھ کچھ داغ

بیل پڑنا شروع ہوئی اور اب فقیر کے علم میں اس نسل کا کوئی بھی ایسا نہیں

جو شیعہ تبفاوت مراتب نہ ہو اور ہمارے حضرات کی صاحبزادیوں کی بھی

جو نسل مارہرہ سے باہر کوات، بلگرام، باڑی ساندی وغیرہ میں ہے

ان میں بھی ایک عرصہ سے شیعیت گھس گئی ہے۔"

چونکہ آصف الدولہ کے دور میں علاقہ روہیل کھنڈ میں خاص طور سے اثنا عشری مسلک کی تبلیغ و اشاعت ہوئی اس لئے ہم نے اس کا قدرے تفصیلی جائزہ لیا ہے آصف الدولہ کو ان کے نائب سرفراز الدولہ نواب حسن رضا خاں کی وجہ سے اس معاملہ میں خاصی دلچسپی تھی مولوی سید عبدالحی مصنف گل رعنا لکھتے ہیں[2]

"نواب آصف الدولہ کے زمانے کا یہ کارنامہ بھی یاد رکھنے کے قابل ہے کہ لہو و لعب میں مشغول ہونے کے ساتھ مذہب تشیع کی اشاعت میں انہوں

---

[1] جما میاں کا نام آل امام بن آل برکات ہے ۱۱۹۲ھ میں پیدا ہوئے ۸ رمضان ۱۲۴۸ھ میں فوت ہوئے تفصیل کے لئے دیکھئے خاندان برکات ۲۴ سے ۲۵

[2] گل رعنا از مولوی عبدالحی صفحہ ۱۵۲ -- ۱۵۳

نے دل سے کوشش کی ان کے نائب حسن رضا خاں بھی مذہبی آدمی تھے وہ بھی اسی کوشش میں لگے رہتے تھے ان کی کوششوں سے ہزاروں خاندان سُنّی سے شیعہ ہو گئے اور ان کو جاگیریں ملیں اور جو اپنی ضد پر قائم رہے ان کی جاگیریں، جو شاہان مغلیہ کے وقت سے چلی آتی تھیں ضبط کی گئیں۔

سید غلام علی نقوی مصنف عماد السعادت لکھتے ہیں [۱]

"بانی جمعہ و جماعات در اثنا عشریاں در لکھنؤ او (حسن رضا خاں) بودہ است در ہیچ شہرے از شہر ہائے ہندوستان نماز جمعہ و جماعت در مذہب امامیہ رائج نبود بلکہ کسے را گمان ایں ہم نہ بود کہ در ایران و بلاد عرب نماز جماعت در عشریاں گزاردہ می شود"

سید کمال الدین حیدر مشہدی اس واقعہ کو قدرے تفصیل سے لکھتے ہیں [۲]

"دوسرا امر حسنات دینی یہ ہوا کہ لکھنؤ میں مومنین برائے نام شیعہ تھے۔ اور اپنی عدم واقفیت سے اعمال عوام خلاف بھی کرتے تھے اس قدر ضروریات مذہب سے آگاہ نہ تھے اور بعض جو از راہ علم واقف تھے طریقہ ہدایت پند و وعظ و جماعت نماز علی الروس الاشہاد نہ کہہ سکتے تھے ہر چند اپنے ایمان میں کامل تھے یہ ترقی شریعت محمدی کی فقط مرزا حسن رضا خاں کی بجہت سے ہوئی اتفاقاً اسی زمانے میں مرزا جواں بخت شاہزادہ و فرزند

---

[۱] عماد السعادت، از سید غلام علی نقوی صفحہ ۱۳۷ ؛ (نولکشور پریس لکھنؤ ۱۸۹۷ء)

[۲] قیصر التواریخ جلد اول صفحہ ۱۱۳ ، ۱۱۴ (نولکشور پریس لکھنؤ ۱۸۹۶ء)

شاہ عالم ثانی) مہمان جناب عالی (آصف الدولہ) تھے کس واسطے کردہ سنی تھے پہلے نماز جمعہ جماعت میں جناب عالی (آصف الدولہ) بھی شریک ہوئے جناب غفراں مآب سید دلدار علی زیارت عتبات عالیات اور تحصیل کتب فقہ امامیہ اور اجازت جہاد (اجتہاد؟) جناب میر سید علی صاحب طباطبائی سے کر آئے تھے صالحین و مقدسین جو اس زمانے میں صاحب احتیاط مشہور تھے ان کے صلاح و مشورہ سے جناب غفراں مآب کا جانا بھی عتبات عالیات کا ہوا تھا نظر با احتیاط امامت نماز اپنی گوارا نہ کی ان کے واسطے تجویز کی تھی وگر نہ جناب غفراں مآب مرزا حسن رضا خاں کے بیٹے کے معلم تھے غرض غفراں مآب پیشوا و مقتدائے مومنین ہوئے چنانچہ ان کے فیضان صحبت سے بہت سے شیعہ نکلے بہت سے شاگرد رشید ہوئے جن کی تعلیم و تلقین سے اکثر جاہل ناواقف اپنے اعمال خلاف سے باز رہے توفیق ہدایت پائی اور رواج درس و تدریس و تصانیف ہونے لگا اور رد و غلط احکام مسائل اثنا عشریہ جاری ہوئے۔"

"صالحین و مقدسین" کی نشان دہی کرتے ہوئے سید عبدالحی لکھنوی لکھتے ہیں[۱]

"شاہ اکبر علی چشتی مودودی کے مشورہ اور ملا محمد علی فیض آبادی کی تحریک سے نواب حسن رضا خاں نے جمعہ و جماعت قائم کر کے سب سے پہلے مولوی سید دلدار علی نصیر آبادی کے اقتدا میں ۱۳ رجب ۱۲۰۰ھ کو نماز ادا کی

---

[۱] گل رعنا صفحہ ۱۵۴

یہ پہلا دن ہے کہ وسط ہند میں شیعوں نے اپنا جمعہ و جماعت علیحدہ کر لیا
نائب امام کی حیثیت سے مجتہدین کے ہاتھ میں زمام مذہب دی"
ملا محمد علی فیض آبادی کی مساعی جمیلہ کے سلسلہ میں، مولوی مرزا محمد علی مؤلف نجوم السماء
لکھتے ہیں [1]

"وقتیکہ جناب غفران مآب دریں بلاد بنائے اقامت جمعہ و جماعت فرمودہ
واشاعت شعائر شریعت نمودہ باعث آں ملا علی مذکور شد کہ بہ ترغیب
و تحریص او ایں امر خیر از نواب آصف الدولہ و وزیرش نواب سرفراز
الدولہ مرزا حسن رضا خاں مرحوم کہ از عقیدت مندان ملا علی بودند بظہور
پیوست۔"

ملا محمد علی فیض آبادی کی "ترغیب و تحریص" کے سلسلہ میں یہی مصنف رقمطراز ہے [2]
"دریں اثناء قدوۃ الافاضل و فخر الاماجد والاماثل مقبول بارگاہ اللہ ملا
محمد علی کشمیری ملقب بہ پادشاہ طاب ثراہ کہ در علم فقہ علم اشتہار
برافروختہ و در فیض آباد رحل اقامت انداختہ بود و در رسالہ در بیان فضیلت
نماز جمعہ کہ از احادیث ماثورہ و غیر آں یا دلہ شرعیہ واضح ست تالیف
نمودہ و خطبہ آنرا بنام نامی جناب نواب مرحوم (آصف الدولہ) مزین
فرمودہ و در پنج باب مبوب گردانید و باب چہارم آں را مختص ایماء

---

[1] نجوم السماء از مرزا محمد علی صفحہ ۳۵۱ (مطبع جعفری لکھنؤ ۱۳۰۳ھ)
[2] نجوم السماء صفحہ ۳۴۷

ہر کس را کہ بہ طبق تحقیق شاں دریں بلاد و اہلیت پیش نمازی داشتند

نوشتہ باب پنجم را متضمن التماس کہ بخدمت وزیر الممالک نواب آصف

الدولہ مرحوم کردہ و در آں رسالہ مندرج ساختہ مرسل نمودہ "

ملا محمد علی فیض آبادی کے اس رسالہ کا خاطر خواہ اثر ہوا یہی مؤلف لکھتا ہے[1]

"سخن ملا علی در دل نواب مرحوم (آصف الدولہ) استقرار یافت و چناں

تصمیم فرمود کہ ہر گاہ اتفاق مراجعت جناب مولانا از وطن بہ بلدۂ لکھنؤ افتد

تکلیف گزاردن نماز جماعت بآں عالی جناب نماید افتاد نواب جنت مکاں

التماس گزاردن نماز بجماعت فرمود و دریں باب مبالغہ از حد گزرانید

آصف الدولہ نے لکھنؤ میں دس لاکھ روپے کی لاگت سے ایک بڑا امام باڑہ

تیار کرایا اور نجف اشرف میں دریائے فرات سے ایک نہر نکلوائی جس سے زوار کو پانی کی

سہولت ہوئی آصفی دور کی سب سے اہم دریافت "درگاہ حضرت عباس" کا قیام ہے، ایک

شخص فقیرا نامی نے ایک علم دریائے گومتی کے کنارے پوشیدہ دفن کر دیا اور مشہور یہ کیا کہ

مجھے خواب میں بتایا گیا ہے کہ "حضرت عباس کے ہاتھ میں جو علم معرکۂ کربلا میں تھا وہ فلاں

مقام پر دفن ہے تو اس کو نکال لے" چنانچہ اس کے بعد وہ چند آدمیوں کے ساتھ وہاں پہنچا

تو علم نکلا رفتہ رفتہ اس بات کی شہرت ہوئی ضعیف الاعتقاد عوام منت مرادیں مانگنے لگے

اتفاق سے ایک روز نواب آصف الدولہ اپنے کسی خدمت گار سے خفا ہو گیا اور کہا کہ کل تیری

ناک کٹوا دوں گا۔ وہ بھی بھاگا ہوا درگاہ عباس پر منت مانگنے پہنچ گیا، آصف الدولہ

---

[1] نجوم السماء صفحہ ۳۴۹

کو دوسرے دن یاد بھی نہ رہا۔ کچھ دنوں کے بعد وہ مہربان ہوگیا ایک روز خادم نے باتوں باتوں میں نواب کو ناراضی کا واقعہ یاد دلاتے ہوئے کہا "بعنایت خدا و بہ تصدق علم جناب عباس علیہ السلام و تفضلات حضور ناک غلام کی بچ گئی" نواب آصف الدولہ نے علم کی کیفیت پوچھی، نواب آصف الدولہ نے فقیرا کو بلا کر ایک ہزار روپیہ دیا نجم الغنی خاں لکھتے ہیں[1]

"نواب آصف الدولہ ہزار جان و دل سے شہدائے کربلا کے جان نثار تھے اس علم کی زیارت کے لئے آنے لگے اور ایک گنبد اینٹوں کا وہاں تعمیر کرا دیا۔ یہ گنبد اور بھی موجب ترقی ہوا"

نواب آصف الدولہ کے سریر آرائے حکومت ہونے کے بعد ان کے بھائی سعادت علی خاں (ف ۱۲۲۹ھ / ۱۸۱۴ء) روہیل کھنڈ کی صوبے داری سے معزول ہو کر بنارس پہنچے، سعادت علی خاں نے یہ نیت کی کہ اگر آصف الدولہ کے بعد لکھنؤ کی حکومت مجھے مل گئی تو میں علم جناب عباس کی درگاہ کو رونق دوں گا چنانچہ آصف الدولہ کے متبنیٰ وزیر علی خاں کے علیحدہ ہونے کے بعد سعادت علی خاں نواب اودھ بنے اور ان کی دلی مراد بر آئی۔ نواب سعادت علی خاں نے درگاہ علم عباس کے گنبد خشتی کو طلائی کیا اور درگاہ کو وسعت دی۔ اس میں دو درجے زنانے اور مردانے قائم کئے اور وہاں کی رونق بہت بڑھ گئی اس کے بعد غازی الدین حیدر نے بلند نقار خانہ بنوایا۔ نوبت اور گھڑیال رکھے گئے، اندرون درگاہ، دروازہ اور ضریح چاندی کے بنائے گئے اور آرائش کا سامان

---

[1] درگاہ علم حضرت عباس کے لئے ملاحظہ ہو تاریخ اودھ از نجم الغنی خاں جلد سوم صفحہ ۱۰۷

رکھا گیا۔ نصیر الدین حیدر کے وقت میں ملکہ زمانیہ نے درگاہ کا باورچی خانہ تعمیر کرایا[1]۔ غرض اس قسم کی درگاہیں قائم کر کے عوام کے لئے عقیدت کے آستانے فراہم کئے گئے[2]۔

ہم نے اودھ کے پہلے چار حکمرانوں کے دور کا جائزہ لیا ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ انہوں نے اثنا عشری مسلک کی اشاعت میں بھرپور کوشش کی آصف الدولہ کے زمانے میں اس مسلک کی سب سے زیادہ اشاعت ہوئی اس کے زمانے میں نظام حکومت تو بالکل ڈھیلا پڑ گیا۔ انگریزوں کی گرفت سخت سے سخت تر ہو گئی مگر اثنا عشری مسلک کی تنظیم کی بنیادیں خوب مضبوط ہو گئیں۔ ڈاکٹر ابو اللیث صدیقی لکھتے ہیں[3]

---

[1] درگاہ علم حضرت عباس کے لئے ملاحظہ ہو تاریخ اودھ از نجم الغنی خاں جلد سوم صفحہ ۲۰۰، ۲۰۳

[2] ماہنامہ "عارف" لاہور ستمبر ۱۹۶۲ء میں "رضا کار لاہور" مجریہ ۱۲ رجولائی ۱۹۶۲ء سے ایک مضمون نقل ہوا ہے جس کا عنوان ہے "قافلہ نبوت لاہور میں" مضمون نگار کا نام حکیم خادم اسلم ہے جنہوں نے لکھا ہے کہ حضرت علیؓ کی صاحبزادی رقیہ زوجہ مسلم بن عقیل، عقیل کی پانچ بہنوں کے ہمراہ واقعہ کربلا (۶۱ھ) کے بعد ہندوستان آئیں اور لاہور میں "بیبیاں پاک دامناں" کی جو قبریں ہیں وہ انہی خواتین کی ہیں مضمون میں کشف و کرامات اور افسانے کے سوا کچھ نہیں ہے، تاریخ کا منہ چڑایا گیا ہے حیرت تو ہمیں مدیر "عارف" عبد الرحمٰن شوق مصنف تاریخ اسلام پر ہے کہ انہوں نے اپنے موقر جریدے میں کیسے نقل کر دیا، پیر غلام دستگیر نامی (ف ۱۳۸۱ھ / ۱۹۶۱ء) نے اس کی تردید فرمائی ہے۔ ملاحظہ ہو تاریخ جلیلہ از پیر دستگیر نامی صفحہ ۱۳۲، ۱۳۳ (لاہور ۱۹۶۰ء)

[3] لکھنؤ کا دبستان شاعری از ڈاکٹر ابو اللیث صدیقی صفحہ ۲۸ (لاہور ۱۹۵۵ء)

"نواب وزیر اور ان کے خاص محل کے ذاتی اثر نے اس عقیدے (امامیہ مسلک) کو لکھنوی تمدن کا ایک نمایاں عنصر بنا دیا۔"

اسی زمانے میں دہلی میں ذوالفقار الدولہ نجف خاں امیر الامراء (ف ۱۱۹۶ھ/۱۷۸۲ء) شاہ عالم ثانی کی حکومت کے سیاہ و سپید کے مالک بنے ہوئے تھے۔ ۱۷۷۱ء میں جب شاہ عالم ثانی دہلی آئے تو انگریزوں نے نجف خاں کو سپہ سالار فوج کی حیثیت سے بادشاہ کے ساتھ بھیجا۔ امراء کی آپس کی کمزوری، نفاق اور دشمنی نے موقعہ دیا کہ وہ سب پہ بازی لے گئے۔ وہ اپنے عقائد میں نہایت متصلب اور متعصب تھے۔ مرزا محمد علی مولف نجوم السماء لکھتے ہیں [1]

"نواب نجف خاں مرحوم کہ سرآمد امرائے روزگار، و از شیعانِ المتمہ اطہار بود۔"

شیخ غلام ہمدانی مصحفی لکھتے ہیں [2]

"در عہد شاہ عالم بادشاہ کہ بہ سبب بودن امیر الامراء ذوالفقار الدولہ بہادر در دہلی علویٔ اہل تشیع بیشتر بود۔"

ذوالفقار الدولہ نجف خاں امیر الامراء کا دس گیارہ سال تک دہلی میں استیلا اور غلبہ رہا۔ ان کے زمانے میں ان کے مسلک کو بڑا فروغ اور سنیوں کو سخت مصائب کا سامنا کرنا پڑا۔ مرزا مظہر جانجاناں لکھتے ہیں [3]

---

[1] نجوم السماء صفحہ ۳۵۲ [2] عقد ثریا از غلام ہمدانی مصحفی، مرتبہ مولوی عبدالحق، صفحہ ۵۵ (اورنگ آباد دسمبر ۱۹۳۴ء) [3] کلمات طیبات (ملفوظات و مکتوبات مرزا مظہر جانجاناں) مرتبہ ابوالخیر محمد بن احمد مراد آبادی صفحہ ۸۵ مطبع مجتبائی، دہلی ۱۳۰۹ھ)

"حالِ مردم ایں شہر از روزیکہ نجف خاں" است از شاہ تا گدا تباہ است"

اکابر صحابہ کرام مثل خلیفہ دوم سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ عنہ پر حضرت مظہر جان جاناں جیسے شیخ کی موجودگی میں مرثیہ خواں تبرا کرتے تھے ملفوظات مظہری میں ہے [1]

"حضرت ایشاں (مرزا مظہر جان جاناں) می فرمود کہ یک بار فقیر را بر جمع از مرثیہ خواناں شیعی اتفاق گذر افتاد ناگاہ یکے از آناں بے ادبی در جناب حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کشود چوں تاب تحمل و طاقت ضبط آں نماند زمام اختیار از دست رفت"

اس زمانے میں دہلی میں محرم کی مجالس میں صحابہ کرام اور اولیائے عظام کے بعد حضرت شاہ عبد العزیز دہلوی پر تبرا ہوتا تھا [2] مرزا نجف خاں کے زمانے میں سلسلہ عالیہ نقشبندیہ کے مشہور و معروف بزرگ اور اجل شیخ حضرت مرزا مظہر جان جاناں کی شہادت ہوئی حضرت مرزا نے اس دور میں شیعیت کے طوفان کو بڑی پامردی

---

[1] معمولات مظہریہ از مولوی نعیم اللہ بہرائچی صفحہ ۵۰ مجتبائی نظامی کانپور ۱۲۷۵ھ)

[2] اخبار رنگیں از سعادت یار خاں رنگیں (مرتبہ ڈاکٹر سید معین الحق) صفحہ ۲۰ (پاکستان ہسٹاریکل سوسائٹی ۱۹۶۲ء) مرزا محمد رفیع سودا نے حضرت شاہ ولی اللہ دہلوی کی ہجو کی ہے قصیدہ کا مطلع ہے ؎ کہ دل چمن میں اگر جا کے غزل خوانی — تو بلبلیں ہوں میرے پیچھے کی دیوانی تفصیل کے لئے دیکھیے "سودا" از شیخ چاند صفحہ ۲۵۵ (اورنگ آباد ۱۹۳۶ء)

سے روکا تھا اور عقائدِ اہلِ سنت کی حکیمانہ انداز میں تبلیغ کی مرزا صاحب کے مکتوبات اس پر شاہد ہیں [۱] ذوالفقار الدولہ نجف خاں کے ایک لشکری فولاد خاں شیعہ [۲] نے مرزا صاحب کو شہید کیا ایک اہم عصر تذکرہ نگار لکھتا ہے [۳]

"در دورۂ نواب نجف خاں بہ سبب اختلافِ مذہب از دست شخصے شیعہ بضربِ طپانچہ رخصتِ شہادت یافت"

ایک قریب العصر مؤرخ مولوی عبد القادر رام پوری لکھتے ہیں [۴]

"جناب مرزا کو نواب نجف خاں کے ایک نادان شیعہ لشکری نے رات کے وقت آکر اور حضرت کو تنہا پاکر بندوق کی گولی ماردی اس شیعہ لشکری نے یہ کام مذہبی تعصب کی بنا پر کیا اس زخم نے مرزا مظہر جانجاناں کو ان کے بزرگوں کے پاس پہنچا دیا۔ کہتے ہیں کہ شاہ عالم نے اس سانحہ کو سن کر انگریز ڈاکٹر کو معالجہ کے لئے تجویز فرمایا اور نجف خاں کو تاکید کی کہ ان کے قاتل کو پکڑ کر قصاص کے لئے حضور میں پیش

---

[۱] تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو کلماتِ طیبات مرتبہ ابوالخیر محمد (مطبع مجتبائی دہلی ۱۳۰۹ھ) مقاماتِ مظہری مرتبہ شاہ غلام علی مجددی (مطبع مجتبائی دہلی ۱۳۰۹ھ) معمولاتِ مظہریہ مرتبہ مولوی نعیم اللہ بہرائچی (مطبع نظامی ۱۲۷۵ھ)

[۲] آبِ حیات از شمس العلماء محمد حسین آزاد صفحہ ۱۴۴ (شیخ مبارک علی، لاہور)

[۳] طبقاتِ سخن از مبتلا میرٹھی بحوالہ مرزا مظہر جانجاناں اور ان کا اردو کلام صفحہ ۹۳

[۴] علم و عمل (وقائع عبد القادر خانی) جلد اول ص ۲۲۹

غیرتِ اسلامی اور معافی

کرے جناب مرزا نے اس حالت میں بادشاہ کو مضمون لکھا ۔
دستِ شیعہ کے زخم کا علاج عیسائی سے کرانا اپنے کی شکایت غیر
سے ہے جس کو میں اچھا نہیں سمجھتا اور فقیر کا قاتل اگر گرفتار ہو جائے
تو اس کو احقر ہی کے حوالے کر دیں تاکہ بطریق معافی خود قصاص لے لوں۔"
غلام علی آزاد ابراہیم نے گلزار ابراہیم میں لکھا ہے [1]

"گویند بہ سبب تعصب مذہب منع تعزیہ سید الشہدا علیہ السلام
می نمود بدیں جمیعت از دست یکے از ساکنان دہلی در سنہ یک ہزار
و یک صد و نود و چہار ہجری [2] کہ عمرش قریب صد بود کہ مقتول شد
علی لطف اس سلسلہ میں کچھ مزید گوہر افشانی فرماتے ہیں [3]

"کہتے ہیں کہ ہفتم روز عاشورہ کو لبِ بام پہ اپنے گھر میں مرزا بیٹھے
تھے اور کوئی سردار روہیلوں کا بھی آیا تھا واسطے ان کی ملاقات کے
کہ ناگاہ گذر شدوں کا ان کے زیر بام سے ہوا اس روہیلے نے کھڑے
ہو کر سینہ زنی بھی کی اور موافقت سلام سے ہوا اور میرزا صاحب مذکور جس طرح
بیٹھے تھے اسی طرح بیٹھے رہے بلکہ متبسم ہو کر فرمانے لگے کہ بارہ سو برس
جس مقدمہ کو ہو چکے ہوں ہر سال اسے زیادہ کرنا کیا بدعت ہے اور

---

[1] علم و عمل (وقائع عبدالقادر خانی) جلد اول صفحہ ۲۲۹
[2] گلشن ہند از مرزا علی لطف (تحشیہ و تصحیح از شبلی نعمانی و مقدمہ از مولوی عبدالحق)
۲۱۶ حیدرآباد دکن ۱۹۰۶ء)
[3] گلشن ہند صفحہ ۲۱۷ یہ تاریخ غلط ہے ۱۰ محرم ۱۱۹۵ھ ۱۷۹۰ء کو یہ واقعہ ہوا۔

لکڑیوں کو سلام و تسلیم کرنا نہایت عقل کی خفت ہے یہ گفتگو بخشہ روہ

وہ لوگ جو کہ ظلم اور تشدد کے ساتھ تھے انہوں نے سنی اور تعصب

کی مرزا صاحب مذکور کے امام باڑوں میں اور محفلوں میں دو تین شب گفتگو

رہی آخر شب شہادت کو کہ عبارت شب چہار دہم عاشورہ سے

ہے کوئی شخص ان کے دروازہ پہ آیا اور ان کو باہر بلوایا جب باہر

آئے تو بے گفتگو ایک چوٹ طپنچے کی نذر کی اور کام ان کا پورا کر کے

نلدہ راہ اپنے گھر کی لی "

غرض نجف خاں کی امیر الامرائی میں حضرت مرزا مظہر جان جاناں جیسے

اجل شیخ دن دھاڑے قتل ہو گئے جن کے ہزاروں مرید و معتقدین پاک و ہند میں پھیلے

ہوئے تھے خود دہلی میں ان کا بڑا اثر و قبول عام تھا اور پھر اس ظلم صریح کی داد فریاد

شاہ غلام علی دہلوی لکھتے ہیں[1]

"نجف خاں کہ بہ تقاضائے او مرتکب ایں امر شہادت مرزا

شدہ بودند و وے در اجرائے حد تغافل کرد، عنقریب مرد و اتباع او

باہم مجادلات نمودہ رخت حیات بر بستند نشانے از آں ظالماں پیدا

نیست "

کسی نے کیا خوب کہا ہے[2]

---

[1] مقامات مظہری از شاہ غلام علی دہلوی صفحہ ۹۲ (مطبع مجتبائی دہلی ۱۳۰۹ھ)

[2] معمولات مظہریہ از محمد نعیم اللہ بہرائچی صفحہ ۱۴۴ (مطبع نظامی کانپور ۱۲۷۵ھ)

نجف خاں نماند و نجف خانیش نہ افراسیاب ورنہ ہمدانیش
نہ لشکر بماند و مرزا شفیع شود حاکم تولفضل ربیع

خود شاہ عبدالعزیز اور ان کے خاندان کو نجف خاں کے زمانے میں شدائد و مصائب اختیار کرنے پڑے اس کا سبب شاہ صاحب کا شیعیت کے خلاف قلمی و لسانی جہاد میں حصہ لینا تھا۔ شاہ صاحب کی جائداد اور املاک ضبط ہوئی اور وہ شہر دہلی سے نکالے گئے مؤلف مناقب فخریہ کا بیان ہے [1]

"فرزندان شاہ ولی اللہ مغفور در انچہ متصدیان سلطانی حویلی علیحدہ ساختہ و حویلی را بضبط آوردہ بودند"

امیر الروایات میں ہے [2]

(نجف خاں) نے شاہ عبدالعزیز صاحب اور شاہ رفیع الدین کو اپنے قلمرو سے نکال دیا تھا اور یہ ہر دو صاحبان معہ زنانوں کے شاہدرہ تک پیدل آئے تھے اس کے بعد مولانا فخرالدین صاحب

---

[1] مناقب فخریہ از غازی الدین خاں نظام صفحہ ۱۹ (مطبع احمد دہلی ۱۳۱۵ھ)

[2] حکایات اولیاء مرتبہ مولانا اشرف علی تھانوی صفحہ ۲۴ (مطبوعہ لاہور ۱۹۵۶ء)

شاہ عبدالعزیز اور شاہ رفیع الدین دہلوی کا دہلی سے نکالا جانا اور کسی تاریخی ماخذ یا ہم عصر لٹریچر میں نظر سے نہیں گزرا پھر دہلی سے لکھنؤ یا جونپور جانا کیا معنی رکھتا ہے وہاں بھی نوابان اودھ کی حکومت تھی اگر جاتے تو روہیل کھنڈ (رام پور) وغیرہ جاتے اور پھر لکھنؤ یا جونپور کے اس دور کے کسی شخص نے نے ان بزرگوں کی آمد کا ذکر نہیں کیا ہے۔

سعی سے زنانوں کو تو سواری مل گئی تھی اور وہ بحفاظت روانہ ہو گئے
تھے مگر شاہ رفیع الدین اور شاہ عبدالعزیز صاحب کو سواری نہ ملی تھی
اور شاہ رفیع الدین صاحب پیدل لکھنؤ چلے گئے تھے اور شاہ عبدالعزیز
صاحب پیدل جون پور چلے گئے تھے کیونکہ ان دونوں بھائیوں کو نہ سوار
ہونے کا حکم تھا اور نہ ساتھ رہنے کا ۔"

اگرچہ یہ روایت قدرے مبالغہ آمیز ہے مگر ضبطی جائداد کا واقعہ صحیح ہے کیونکہ
جائداد کے متعلق تحریری حوالہ ملتا ہے کہ شاہ عبدالعزیز دہلوی نے ۳۰ رجون
۱۸۰۶ء کو ایک درخواست رزیڈنٹ دہلی کے توسط سے سیکرٹری، پولیٹکل ڈپارٹمنٹ
کو دی تھی کہ دہلی میں ان کی جو جائداد ضبط ہو چکی ہے وہ واگزاشت کی جائے اس درخواست
کو قابل اعتنا سمجھا گیا چنانچہ کیفیت کے خانہ میں درج ہے ۔

The Resident, Delhi forwards copy and letter from the Superintendent of the Assigned Territory and recommends that the land in Haveli Palam formerly owend by Maulvi Shah Abdul Aziz be restored to him

شاہ عبدالعزیز دہلوی کی یہ درخواست منظور ہو گئی اور ۱۰ رجولائی ۱۸۰۶ء
سیکرٹری پولیٹکل ڈپارٹمنٹ کی طرف سے رزیڈنٹ کو اطلاع دی گئی کہ گورنمنٹ

شاہ عبدالعزیز کی جائداد واگزاشت ہونے کی تجویز منظور کرتی ہے [۱]

معلوم ہوتا ہے کہ جب شاہ عبدالعزیز صاحب کو دہلی میں دوبارہ رہنے کی اجازت مل گئی تو وہ پرانی دہلی (کوچہ انبیاء) اور پھر حویلی خاں دوراں خاں (کلاں محل) میں مقیم رہے چنانچہ پرانی دہلی کے قیام میں بھی شیعہ حضرات کی طرف سے ایذا رسانی کا سلسلہ جاری رہا [۲] پھر مکانات واگزاشت ہو گئے ہوں گے اور صحرائی... جائداد باقی رہ گئی ہو گی جو انگریزی حکومت کے قیام کے بعد واگزاشت ہوئی۔ مگر ان شدائد و مصائب کے باوجود شاہ عبدالعزیز نے اپنے تبلیغی اور اصلاحی مشن کو جاری رکھا۔ ملفوظات عزیزی کی روایت ہے کہ ایک مرتبہ انہوں نے فرمایا [۳]

> "غازی الدین حیدر بلا منصب و جاگیر مجھے طلب کرے تو میں جانے کو تیار ہوں بشرطیکہ تعرض نہ کرے اور انشاءاللہ خلقت الٰہی کو بڑی ہدایت ہوگی اور میں اپنی تقریروں میں مناسب تبدیلی کر کے ان کو مفید بنا دوں گا اور نئے انداز کی تقریریں کرونگا

---

[۱] جائداد اور اس کی واگزاشت ہونے کے متعلق ملاحظہ ہو "پریس لسٹ آف اولڈ ریکارڈس ان دی پنجاب سیکرٹریٹ جلد اول (دہلی ریزیڈنسی اینڈ ایجنسی ۱۸۰۶ - ۱۸۵۷) لاہور ۱۹۱۱ء" ممکن ہے شاہ عبدالعزیز دہلوی کی یہ اصل درخواست لاہور کے ریکارڈ آفس میں موجود ہو

[۲] ملاحظہ ہو ملفوظات شاہ عبدالعزیز (ترجمہ مفتی انتظام اللہ شہابی و مولوی محمد علی)، صفحہ ۵۵، ۱۱۲، ۱۱۶ (پاکستان ایجوکیشنل پبلشرز، کراچی ۱۹۶۰ء)

[۳] ملفوظات شاہ عبدالعزیز صفحہ ۱۱۱

جو عوام میں مقبول ہوں گی اور لوگ فریفتہ ہوں گے۔"

اس زمانے میں شیعیت کے فروغ کے ساتھ "تفضیلیت" کا بھی باقاعدہ پرچار ہوا بلکہ شیعیت کا پہلا زینہ تفضیلیت ہی ہے یہ لوگ حضرت علی رض کو شیخین السیدین حضرت صدیق اکبر اور فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہما پر من حیث الوجوہ فضیلت دیتے ہیں۔ پنجتن پاک اور چہاردہ معصوم کا عقیدہ رکھتے ہیں، ائمہ طاہرین کا دم بھرتے اور محرم میں عزاداری کرتے ہیں۔ متصوفین کے ذریعے تفضیلیت کی تبلیغ واشاعت ہوئی ہے اکبر کے زمانے کے مشہور صوفی شیخ میر عبدالواحد بلگرامی (۱۰۱۷ھ/۱۶۰۸ء) نے اپنی معرکۃ الآرا تصنیف سبع سنابل کا پہلا سنبلہ (باب) تفضیلی عقائد اور مفضلہ سادات ہی کے رد میں لکھا ہے شاہ عبدالعزیز کے زمانے میں تفضیلی عقائد کی نشر واشاعت میں حضرت شاہ فخر الدین دہلوی (ف ۱۱۹۹ھ/۱۷۸۴ء) نے سب سے زیادہ حصہ لیا وہ باقاعدہ شیعہ حضرات کو بیعت کرتے تھے امام باڑے جاتے، ایک روپیہ نذر کرتے اور پانی کی سبیل لگاتے بلکہ شیعہ لوگ ان کو شیعہ اور سُنی ان کو سُنی سمجھتے تھے[1] ایک مرتبہ شاہ عبدالعزیز نے شیعوں کے بیعت کرنے پر شاہ فخر صاحب پر اعتراض کیا تو انہوں نے جواب دیا کہ شیعہ اس طرح (بیعت کرنے سے) سب و شتم اور تبرا سے باز آجاتے ہیں[2] اگرچہ یہ بات کسی حد تک درست ہو لیکن شیعوں کے دوسرے معتقدات کی اشاعت بھی عام سنیوں

---

[1] ملفوظات شاہ عبدالعزیز صفحہ ۱۲۱

[2] ملفوظات شاہ عبدالعزیز صفحہ ۷۹

میں اسی اختلاط کی وجہ سے ہوئی اور عوام اہل سنت میں پنجتن پاک، ائمہ معصومین، چہاردہ معصومین، بارہ امام، امام ضامن، بی بی کی صحنک اور دوسرے شیعہ معتقدات و معمولات نے جڑ پکڑی اور پھر اس کا نقطۂ عروج مراسم محرم اور تعزیہ داری کی شکل میں ظاہر ہوا حضرت شاہ فخر دہلوی رح کے خلیفہ شاہ نیاز احمد بریلوی رح (ف ۱۲۵۰ھ ۱۸۳۴ء) روہیل کھنڈ میں تفضیلی عقائد کے سب سے بڑے مبلغ ہیں ان کے افکار سمجھنے کے لئے صرف ایک واقعہ نقل کیا جاتا ہے [1]

"حضرت نیاز بے نیاز کا معمول تھا کہ دوپہر کو اندر مکان کے قیلولہ فرما کر قبل نماز ظہر خانقاہ میں برآمد ہوتے تھے لیکن ایک روز ایسا ہوا کہ آپ وقت معین پر خانقاہ میں تشریف نہیں لائے ظہر کا وقت گزر گیا اور عصر کا وقت قریب آگیا اس وقت خادماں و غلامان موجود خانقاہ اس خلاف معمول امر سے سخت پریشان ہوئے اور زنانہ مکان کی ڈیوڑھی پر حاضر ہو کر سبب عدم تشریف آوری کا دریافت کرنے لگے آپ نے فرمایا کہ میرے خانقاہ نہ آنے کا یہ باعث ہے کہ تم خانقاہ میں ایسی کتاب لائے ہو جس میں مولا علی کی شان میں طریق گستاخانہ

---

[1] نازونیاز صفحہ اول حالات و ملفوظات شاہ نیاز احمد بریلوی، مرتبہ نصیر الزماں خاں صفحہ ۶۹ ولنظامی پریس بدایوں سال طباعت ندارد

کا استعمال کیا ہے اس کتاب کو ہماری خانقاہ سے باہر کردو
جب خانقاہ میں آئیں گے یہ سُنکر حاضرین میں سے ایک صاحب
نے معذرت کی کہ فی الحقیقت یہ خطا مجھ سے ہوئی ہے۔ آج
دوپہر کو میں ایک دوست سے کتاب تحفہ اثنا عشریہ پڑھنے
کے لئے خانقاہ میں لے آیا تھا اب فوراً کتاب واپس کرتا ہوں
غرض جب کتاب خانقاہ سے چلی گئی، جب حضرت خانقاہ میں
تشریف لائے کتاب تحفۂ اثنا عشریہ درحقیقت تصنیف شاہ
عبدالعزیز محدث دہلوی کی ہے اگرچہ انہوں نے اس کو اپنے
ایک شاگرد کے نام سے شائع کیا"

اس کے بعد مؤلف راز و نیاز نصیر الدین صاحب نے حضرت شاہ
ولی اللہ اور حضرت شاہ عبدالعزیز کی مزید تخفیف، تنقیص بلکہ تبرا کیا ہے[1]
اسی کے قریب زمانے میں حضرت شاہ دلدار علی مذاق بدایونی رد (ف ١٢١٢ھ / ١٨٩٤ء)
مشہور تفضیلی بزرگ گزرے ہیں[2] انہوں نے روہیل کھنڈ میں سب سے پہلے
علی کرم اللہ وجہہ کا میلاد شریف "میلاد مصطفوی و مرتضوی" لکھا اور مروج کیا
اسی طرح حضرت علیؓ کا ایک سہرا لکھا جو اکثر شادی کے موقعہ پر گایا جاتا ہے اس

---

[1] راز و نیاز (حصہ اول) صفحہ ٦٩ ــــ ٧٠

[2] شاہ دلدار علی مذاق کے حالات کے لئے ملاحظہ ہو تذکرۃ الواصلین از رضی الدین
بدایونی صفحہ ٢٦٢ ــــ ٢٦٤ (نظامی پریس بدایوں ١٩٤٥ء)

سہرے کا پہلا شعر ہے ؎

علی نوشہ بنا سہرا بندھا مشکل کشائی کا
ملا خلعت نبی سے خلق کی حاجت روائی کا

اودھ میں تفضیلیت کی اشاعت تکیۂ کاکوری کے مشہور قلندریہ مشائخ کے ذریعہ ہوئی انہوں نے یہ صور اتنی بلند آہنگی سے پھونکا کہ جس کی صدائے بازگشت آج تک سنائی دیتی ہے۔ اضلاع سہارن پور، میرٹھ، مظفر نگر اور بلند شہر میں بھی تفضیلی عقائد تیزی سے پھیلے ان میں بعض تو شیعہ ہو گئے [1] دیوبند میں تو (تمام شیخ عثمانی) تفضیلی تھے [2] نانوتہ کے صدیقی شیخ زادگان میں شیخ تفضل حسین بن شیخ علی محمد شیعہ ہو گئے تھے [3] شیعہ اور سنی حضرات میں آپس میں شادی بیاہ ہوتے تھے مولانا محمد قاسم نانوتوی لکھتے ہیں [4]

"دیوبند کہ زاد و بوم احقر است شیعان و سنیاں چناں مخلوط اندکہ رشتہ و رابطہ قرابت طرفین را بطرفین محکم و مستحکم است"

دیوبند کے ایک عثمانی شیخ زادے شیخ احمد بن مولوی محمد وجیہہ الدین عثمانی نے تفضیلیت کے بعد مسلک اختیار کیا اور اس کی تبلیغ کے لئے ایک کتاب نور الہدیٰ

---

[1] حکایات اولیاء صفحہ ۱۴۱

[2] سوانح قاسمی جلد اول از مولانا مناظر احسن گیلانی صفحہ ۶۱

[3] سوانح قاسمی جلد اول صفحہ ۶۲، ۶۳

[4] فیوض قاسمیہ از مولانا محمد قاسم نانوتوی صفحہ ۵، ۶ (کتب خانہ اعزازیہ دیوبند سال طباعت ندارد)

لکھی اس کتاب کے آغاز میں وہ خود لکھتے ہیں [۱]

"خاکسار ذرۂ بے مقدار شیخ احمد بن جناب مولانا مولوی محمد وجیہہ الدین صاحب عثمانی ساکن دیوبند ضلع سہارن پور مضاف صوبہ دارالخلافہ شاہجہان آباد خدمت ارباب تحقیق میں عرض کرتا ہے کہ سن شعور سے از روئے عقیدۂ آبائی یہ عاجز متمسک طریقہ اہل سنت وجماعت کا تھا اور اس مذہب کے حق ہونے پر نہایت درجہ غلو رکھتا تھا اور فرقہ شیعہ سے بالخصوص ایک قسم کی نفرت تھی مگر خارج از مذہب ایک یہ عقیدہ کہ جناب علی مرتضیٰ جمیع صحابہ سے افضل ہیں درحقیقت ورثہ پدری میں پہنچا تھا اور اگرچہ متمسکان طریقہ امامیہ سے ایک کاوش تھی لیکن اس عقیدہ پر نہایت مستقل طور سے قائم تھا اب اس عقیدہ کا نتیجہ کیا نکلا وہ ملاحظہ ہو [۲]

"اب بالکل یقین اس بات کا ہو گیا کہ مذہب اہل سنت والجماعت کسی طرح مذہب حق نہیں ہے بلکہ مذہب امامیہ اثناعشریہ برحق ہے اور معلوم ہوا کہ میاں جعفر زٹلی کا یہ قول صحیح ہے کہ "السنی متمسک مذہب ناحق بزور مجادلہ"

---

[۱] انوار الہدیٰ از شیخ احمد بن مولوی وجیہہ الدین عثمانی صفحہ ۲ مطبع اثنا عشری دہلی ۱۳۰۹ھ

[۲] انوار الہدیٰ صفحہ ۴

حضرت شاہ عبدالعزیز کے زمانے میں بعض مشہور مشائخ بھی اسی رنگ میں رنگے ہوئے تھے۔
اوپر ہم نے حضرت فخرالدین دہلویؒ اور شاہ نیاز احمد بریلوی وغیرہ کا ذکر کیا ہے
یہاں ہم ایک واقعہ مجالس رنگین سے نقل کرتے ہیں جس سے اندازہ ہو سکے گا کہ پیری
مریدی کے ذریعہ سے بھی اثنا عشری مسلک کس خوبی سے پروان چڑھا سعادت یار
خاں رنگیں لکھتے ہیں [1]

"سہارن پور کے قریب ایک اشرافوں کا شہر ہے اس کو منہاروں
کا رام پور کہتے ہیں اس میں ایک بدی آدھے سنی آدھے شیعہ
آباد ہیں مگر ہمیشہ ان سب میں باعث دین کے نزاع رہتی ہے
پر ہر ایک اپنے مذہب سے دل شاد ہیں ہر گاہ فرقہ سنیوں کا کچھ
لکھنؤ میں زیادتی شیعوں کی سنیوں پر سنتے ہیں تو باہم نہایت غم
کرتے ہیں اور آزردہ ہوتے ہیں اور جب فرقہ شیعوں کا کچھ رام
پور جو افغانوں کا ہے اس میں کچھ زیادتی سنیوں کی شیعوں
پر سنتے ہیں تو باہم مل کر ماتم کر کے روتے ہیں۔ قصہ کوتاہ
اب کی سال جو فرقہ شیعوں نے سنا کہ میاں صابر بخش پیر زادے
نے امام باڑہ بنا کر تعزیہ داری اختیار کی اور پیر محمدی صاحب
کو جو بڑے مشائخ سنیوں کے تھے انھوں نے محرم میں سر یا نار
جبس اڑا کر اور سینہ زنی اور ماتم کر کر اپنی ماتم داری اظہار

---

[1] اخبار رنگیں ص ۱۴ ، ۱۸

کی تو انہوں نے کمال اس بات کی شادی کی کہ سبحان اللہ ایسے دو مشائخ زبردست گروہ سنیوں میں سے اس مذہب کو اچھا جان کر داخل ہو کر ظاہر ہوئے اور فرقہ سنی یہ سمجھ کر نہایت خوش ہوئے کہ الحمد للہ کو جو چور ہم میں چھپے ہوئے لوگوں کو مرید کر کر گمراہ کرتے تھے ہم ان سے باہر ہوئے۔"

شاہ میر محمدی (وف ۱۲۱۰ھ / ۱۸۲۰ء) حضرت شاہ فخر الدین دہلوی کے خلیفہ ہیں [1] صابر بخش (وف ۱۲۳۶ھ / ۱۸۲۰ء) چشتی صابری سلسلہ کے دہلی کے مشہور بزرگ ہیں [2] حضرت شاہ فخر الدین دہلوی کے ایک مرید و خلیفہ مشہور شاعر مرزا قمر الدین منت (وف ۱۲۰۸ھ / ۱۷۹۴ء) تھے [3] انہوں نے کھلم کھلا شیعہ مسلک اختیار کر لیا قمر الدین منت کے متعلق مولوی عبد القادر رام پوری لکھتے ہیں [4]

---

[1] میر محمدی بیدار کے حالات کے لئے ملاحظہ ہو (۱) مقدمہ دیوان بیدار از جلیل احمد قدوائی صفحہ ۱۱-۱۲ (ہندوستانی اکیڈمی الہ آباد ۱۹۳۵ء) مجموعہ نغز از قدرت اللہ قاسم (مرتبہ پروفیسر محمود شیرانی صفحہ ۱۸۱/۱) (لاہور ۱۹۳۳ء)

[2] ملاحظہ ہو علم و عمل (وقائع عبد القادر خانی) صفحہ ۲۶۲، ۲۶۳ آثار الصنادید صفحہ ۲۳، ۲۴ (باب چہارم) لکھنؤ ۱۸۷۶ء

[3] قمر الدین منت کے حالات کے لئے ملاحظہ ہو (۱) علم و عمل (وقائع عبد القادر خانی) جلد دوم صفحہ ۲۰۰، ۲۰۱ (۲) لکھنؤ کا دبستان شاعری از ابو اللیث صدیقی صفحہ ۱۲۹، ۱۳۲ (لاہور ۱۹۵۵ء) (۳) مجموعہ نغز جلد دوم صفحہ ۲۱۵ (۴) فخر الطالبین (ملفوظات شاہ فخر الدین دہلوی) مرتبہ نور الدین حسینی صفحہ ۱۹ - ۲۰ (مطبع مجتبائی دہلی ۱۳۱۵ھ)

[4] علم و عمل (وقائع عبد القادر خانی) جلد دوم صفحہ ۲۰۰، ۲۰۱

"میر قمر الدین منت جناب شاہ عبد العزیز صاحب کے عزیزوں میں سے ہیں اور یگانۂ آفاق جناب مولوی فخر الدین اورنگ آبادی مولانا و دہلوی مرقداً جناب شاہ کے مرید ہوئے۔ اور ایک عالم کے مرشد ہو گئے... قمر الدین منت نے کچھ عرصہ کے بعد لکھنؤ میں نواب حسن رضا خاں اور حیدر بیگ خاں کا تقرب حاصل کر لیا اپنے کو اثنا عشری ظاہر کیا۔ اور اس راہ (مذہب اہل سنت) سے پھر گیا حیدر بیگ خاں کی رفاقت میں کلکتہ آیا اور مر گیا"[1]

قمر الدین منت شاہ ولی اللہ کے پروردہ یافتہ اور شاہ عبد العزیز کے عزیز اور شاگرد تھے[1] شاہ صاحب نے اصول حدیث کی مشہور کتاب عجالۂ نافعہ ان ہی کے لئے قلم بند فرمائی[2]

تعزیہ داری اور مرثیہ خوانی وغیرہ کے زور شور کو دیکھ کر شاہ غلام علی مجددی (ف ۱۲۴۰ھ / ۱۸۲۴ء) اپنے ایک مکتوب میں لکھتے ہیں[3]

"درویشاں ایں شہر اسماء می خوانند و تعویذ ہا می نویسند برائے تسخیر و رجوع خلق و تفضیل جناب امیر المومنین علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ

ص ۹۲

[1] قمر الدین منت کے شیعہ ہونے کا اشارہ ملفوظات عزیزی میں بھی ملتا ہے ملاحظہ ہو ملفوظات شاہ عبد العزیز

[2] عجالہ نافعہ از شاہ عبد العزیز دہلوی صفحہ ۳ مطبع مجتبائی دہلی ۱۳۴۸ھ

[3] مکاتیب شریفہ حضرت شاہ غلام علی دہلوی مرتبہ رؤف احمد مجددی صفحہ ۱۶۱ ولاہور ۱۳۷۱ھ

بر خلفاء ثلثہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم می نمایند و تعزیہ ہا می

سازند و مرثیہ ہا می شنوند و امر می کنند بایں دو کارو

شنیدن طنبور و سارنگی و بدعتہا طریقہ دارند

ایک دوسرے خط میں لکھتے ہیں [1]

"و تعزیہ ساختن و مرثیہ خواندن و تصویر پیش خود داشتن و

تراشیدہ نام قدم پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم برآں نہادہ

خلق را سنگ پرست ساختن و قصر ریش کردن، و نماز

ترک قومہ و جلسہ و طمانیت ضائع نمودن و لہو بادہ مزیع

جنگا نیدن و نغمہ تار طنبور و اعمال جوگیاں و انواع اذکار

کہ از قدما مردی نیست معمول داشتن طریقہ صحابہ نیست"

ایک اور خط میں لکھتے ہیں [2]

"شنیدن تار و نغمہ و تعزیہ بادہ مرثیہ ہا و صور تصاویر

معاذ اللہ اکابر چشتیہ و قادریہ رحمۃ اللہ علیہم با مریداں را

بایں بدعتہا نفرمودہ اند"

یہ حضرات بعض اوقات امام مسجد اور پیش نماز بن کر بھی جمہور اہل سنت

کی مساجد میں امامت کے فرائض انجام دیتے اور اس طرح اپنے مسلک کی تبلیغ

---

[1] ایضاً صفحہ ۱۵۹

[2] ایضاً صفحہ ۱۴۶

کرتے رہے ہیں۔ ایک مشہور شیعہ مشنری نقاء علی حیدری بدایونی دفات ۱۹۶۴ء
اپنی خودنوشت حالات میں لکھتے ہیں۔[1]

"رنگون کی مجالس کے سلسلہ میں یہ بات قابل ذکر ہے کہ
پہلے دن چاندو صاحب (مہتمم مجالس) نے فرمایا کہ بنگالی مسجد
کے امام چاہتے ہیں کہ آپ کی تقریر سے قبل کچھ بیان کریں میں نے
منظور تو کر لیا لیکن یہ اندیشہ ہوا کہ اگر انہوں نے کچھ ہمارے عقیدے
(شیعی مسلک) کے خلاف بیان کیا تو مجبوراً جواب دینا پڑے گا بہر
حال وہ جناب مجلس میں تشریف لائے ان کا حلیہ یہ تھا بہت لانبی
داڑھی، عبا، قبا، جبہ دستار سے مزین، لانبا عصا، ہاتھ میں متعدد
رنگ برنگ کی تسبیحیں گلے میں ڈالے، لوگ تعظیم کو کھڑے ہوئے
میں نے بھی تعظیم کی، دعا کی چند منٹ کے بعد منبر پر تشریف
لے گئے، پہلے ایک فارسی قصیدہ حضرت امیرالمومنین کی شان
میں شمس تبریز یا کسی دوسرے نامی صوفی کا پڑھا پھر چند منٹ
کچھ فضائل اہل بیت اور خاتمہ پہ جناب علی اصغر کی شہادت بیان
کی، تقریر کے بعد کہنے لگے میں تقریر کرنے نہیں آیا تھا صرف
حیدری صاحب کا بیان سننے آیا ہوں، وہ منبر سے اُترے اور میں نے
ایک گھنٹے کے قریب فضائل و مصائب عترت اہل بیت اطہار بیان کئے

---

[1] سرگذشت از نقاء علی حیدری صفحہ ۳۶، ۴۷ (کراچی ۱۹۶۳ء)

لوگ بے حد متاثر ہوئے، ختم تقریر کے بعد مجھ سے گلے ملے اور میرے کان میں کہا: "نجم الحسنؒ سے کہہ دینا کہ علی حسین ملا تھا" جب میں نے لکھنؤ پہنچ کر قبلہ و کعبہ سے یہ سارا واقعہ بیان کیا تو بے ساختہ کھل کھلا کر ہنس پڑے اور فرمایا یہ مفتی صاحب اعلی اللہ مقامہ کے شاگرد ہیں۔"

اس عہد میں جو غیر مسلم داخل اسلام ہوتے تھے وہ اثنا عشری مسلک کے متبع نظر آتے ہیں اس سلسلہ میں محمد حسین قتیل فرید آبادی (م ۱۲۳۳ھ / ۱۸۱۸ء) اور محمد رام قدسی لاہور کی مثالیں موجود ہیں کہ یہ دونوں نو مسلم عقیدتاً شیعہ تھے اور اس مسلک کا اس قدر غلبہ تھا کہ ہندو مصنفین بھی حمد و نعت کے بعد منقبت علیؑ یا ائمہ اطہار لکھنی ضرور سمجھتے تھے، وقائع عالم شاہی کا مؤلف کنور پریم کشور فراقی لکھتا ہے[2]

"صلوات بے غایات و نیاز بے نہایات بر ابن عم و وصی اکرم او کہ مظہر العجائب و اسد اللہ الغالب و صاحب ذو الفقار و قسیم الجنۃ والنار راست"

دیا شنکر نسیم مثنوی گلزار نسیم میں لکھتے ہیں:

---

[1] نجم الحسن مشہور مجتہد و مہتمم مدرسۃ الواعظین لکھنؤ

[2] وقائع عالم شاہی از کنور پریم کشور فراقی (مرتبہ امتیاز علی خاں عرشی صفحہ ۱ رام پور ۱۹۴۹ء)

پانچ انگلیوں میں یہ حرف زن ہے
یعنی کہ مطیع پنج تن ہے

راجا رتن سنگھ زخمی (ف ۱۲۶۷ھ) ایک "قصیدہ ہفت بند" حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی شان میں (۱۲۵۴ھ / ۱۸۳۸ء) میں لکھا ہے اس کے آخری بند کے تین شعر درج ذیل ہیں [1]

تا بسے درد و غم ندارد بیش ازیں زخمی دگر
زود رحمے کن بحالش اے شہ والا مقام
تا بکے ایں درد غربت تا کے ایں رنج سفر
در بریلی باز کے بینم دل خود را بکام
بر تو شاہا صد سلام و بر تو شاہا صد درود
زخمی غم دیدہ را بہر خدا دریاب زود [2]

اس دور میں امارت و وزارت، جاگیرداری و منصب داری کے عہدوں پر شیعہ حضرات فائز تھے اور رفاہ معیشت بھی ان کو حاصل تھی اسی لئے فریقین اہل سنت و اہل تشیع میں مناکحت و مصاہرت کے رشتے بھی ہوتے تھے اور اس طرح بھی ان کے مسلک کی اشاعت ہوتی تھی قاضی ثناء اللہ پانی پتی (ف ۱۲۲۵ھ / ۱۸۱۰ء) اپنے وصیت نامہ میں ان امور کی طرف خاص طور سے نشاندہی کرتے

---

[1] قصیدہ ہفت بند حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے لئے دیکھیے معتقد علی گڑھ بابتہ ۱۵ اپریل ۱۹۲۶ء

[2] بعض حضرات کا خیال ہے کہ مزاقی اور زخمی مسلمان ہو گئے تھے اگر ایسا ہے تو وہ قدسی اور ثقیل کے ساتھ محشور ہوں گے

ہوئے فرماتے ہیں [1]

"از جملہ تقدیم مصلحت دینی بر مصلحت دنیوی آنست کہ
در مناکحت دینداری کا منظور دارد و چوں دریں زمانہ دریں
شہر مذہب روافض بسیار شیوع یافتہ است و شرفا بیشتر
بہ علو نسب یا رفاہ معیشت نظر می دارند اول رعایت ایں باید
کرد و دختر بکسے رافضی یا متہم برفض اگرچہ صاحب دولت عالی
نسب باشد نباید داد روز قیامت سوائے دین و تقویٰ ہیچ بکار
نخواہد آمد و نسب را نخواہند پرسید"

قاضی صاحب اپنی معرکۃ الآرا تصنیف السیف المسلول کے آغاز میں مذہب
روافض بسیار شیوع یافتہ است" کی تشریح اس طرح کرتے ہیں [2]

"روافض خصوصاً اثنا عشریہ در زمانہ دریں وقت دریں و
دیار مذہب اثنا عشریہ ظہورے پیدا کردہ و بسبب
جہل و حمق اکثر اہل زماں خصوص بعض از اہل بلدہ پانی پت
کہ آبا و اجداد شاں اہل سنت و ایمان بودند گمراہ شدند فقیر خواست
کہ کتاب بعبارت فارسی آسان در رد روافض نویسد تا ہر عامی
ازاں نفع گیرد و شاید کہ کسے براہ ہدایت آید و اجر و ثواب

---

[1] مجموعہ وصایا اربعہ مرتبہ محمد ایوب قادری صفحہ ۱۲۸، ۱۲۹ (شاہ ولی اللہ اکیڈمی حیدرآباد سندھ ۱۹۶۴ء)

[2] السیف المسلول از قاضی ثناء اللہ پانی پتی صفحہ ۲ (مطبع احمدی دہلی ۱۲۶۹ھ)

براقسمم عابد گدرر ۱۱

قاضی صاحب نے عبدالرحیم شیعی ملتانی کے رد میں ایک اور رسالہ "شہاب ثاقب برد الروافض الشیاطین المارقین" تصنیف کیا جو مطبع محمدی دہلی میں طبع ہو چکا ہے۔

حقیقت یہ ہے کہ شیعیت و تفضیلیت کے بڑھتے ہوئے سیلاب کو اس دور میں اکابر مشائخ نقشبندیہ شاہ ولی اللہ دہلوی رح حضرت مرزا مظہر جان جاناں رح حضرت شاہ غلام علی نقشبندی رح حضرت قاضی ثناءاللہ پانی پتی رح وغیرہم نے بڑی پامردی اور ہمت سے روکا، اور ان حضرات کے بعد سب سے زیادہ کوشش اس سلسلہ میں حضرت شاہ عبدالعزیز رح نے کی نوبت یہاں تک پہنچی تھی کہ یہ سیلاب بڑھتے بڑھتے خود ان کے خاندان میں داخل ہو چکا تھا[۱] ان کے شاگرد اور رشتہ دار قمرالدین منت شیعہ ہو چکے تھے ان حالات میں شاہ عبدالعزیز نے قلمی جہاد فرمایا، اس سلسلہ میں ان کے والد ماجد حضرت شاہ ولی اللہ دہلوی کی دو معرکۃ آرا تصانیف ازالۃ الخفاء اور قرۃ العینین فی تفضیل الشیخین نے مشعل راہ کا کام دیا ہوگا۔ شاہ عبدالعزیز نے اپنے والد کے مشن کو جاری رکھا اور "ہرچہ پدر تمام نہ کند پسر تمام کند" کے مقولہ کو ثابت کر دکھایا۔

اس سلسلہ میں شاہ عبدالعزیز کی سب سے معرکۃ الآرا تصنیف تحفہ

---

[۱] ملفوظات شاہ عبدالعزیز صفحہ ۹۲

اثنا عشریہ" ہے جو اپنے موضوع پر نہایت مدلل، مفصل، متوازن اور واضح کتاب ہے۔ علمائے محققین اس کی تعریف میں رطب اللسان اور علمائے مخالفین اس کے دلائل و براہین کے سامنے عاجز ہیں شاہ صاحب کا انداز بیان نہایت حکیمانہ اور متاثر کن ہے۔ کلامی مباحث کو دل نشین انداز میں بیان کیا گیا ہے۔ رشتۂ اعتدال کو کہیں ہاتھ سے نہیں چھوڑا ہے۔ حوالے نہایت ذمہ داری اور احتیاط سے نقل کئے گئے ہیں۔

شاہ صاحب لکھتے ہیں[1]

در یں رسالہ انچہ ز کتب معتبر شیعہ منقول است احتمال
افتراء و بہتان را در آں گنجائش ندہد زیرا کہ کتب منقول
عنہا از مشاہیر کتب شیعہ و معتبرات ایشاں اند باید کہ بے
دماغی نفر باید و نقل را با اصل مطابقت دہد و ناتماں متہر سد کہ
اگر صحت نقل ظاہر شود تقبل آں لازم گردد"

تحفۂ اثنا عشریہ کے سبب تالیف کے متعلق خود شاہ صاحب لکھتے ہیں[2]

در غرض از تسوید ایں رسالہ و تحریر ایں مقالہ آں است
کہ دریں بلاد کہ ماساکن آنیم و دریں زماں کہ ما دراَنیم رواج
مذہب اثنا عشریہ و شیوع آں بحدے اتفاق افتادہ کہ کم خانہ

---

[1] تحفہ اثنا عشریہ از شاہ عبدالعزیز صفحہ ۳

[2] تحفہ اثنا عشریہ صفحہ ۲ دفتر المطابع دہلی ۱۲۹۰ھ

باشد کہ یک دو کس ازاں خانہ بآں مذہب متمذہب نباشند
در رافضیہ بایں عقیدہ نشوند لیکن اکثرے از حلیہ علم تاریخ واخبار
خود عاطل وازاحوال اصول واسلاف خود بے خبر و غافل می
باشند و ہر گاہ در محافل و مجالس با اہل سنت وجماعت
گفتگوی نمایند کج مج حی گزینند وشتر گربہ می آرند حسبۃ للہ
تعالیٰ بتحریر ایں رسالہ پرداختہ شد تا در وقت مناظرہ از جادۂ
خود بیروں نروند و اصول خود را منکر نشوند و در بعضے از امور
واقعی شک و تردد را راہ ندہند و دریں رسالہ التزام کردہ شد
کہ در نقل مذہب شیعہ وبیان اصول ایشاں والزاماتے کہ عاید
بایشاں می شود غیر از کتب معتبرہ ایشاں منقول عنہ نباشد"
تحفہ کو بارہ اماموں کی نسبت سے مندرجہ ذیل بارہ ابواب میں تقسیم کیا
گیا ہے۔

باب اول، در کیفیت حدوث مذہب تشیع وانشعاب آں بفرق مختلفہ

باب دوم، در مکائد شیعہ وطرق اضلال وتلبیس

باب سوم، در ذکر اسلاف شیعہ علماء وکتب ایشاں

باب چہارم، در احوال اخبار شیعہ وذکر رواۃ انہا

باب پنجم، در الہیات

باب ششم، در نبوات

باب ہفتم، در امامت

باب ہشتم ، در معاد

باب نہم ، در مسائل فقہ

باب دہم ، در مطاعن خلفاء ثلثہ وام المومنین و دیگر صحابہ

باب یازدہم ، در خواص مذہب شیعہ ، اوہام ، تعصبات ، ہفوات

باب دوازدہم ، در تولا و تبرا

شاہ صاحب نے تحفہ اثنا عشریہ بارھویں صدی کے گذرنے کے بعد لکھا ہے

خود فرماتے ہیں [۱]

"بعد از انقضاء قرن ثانی عشر از ہجرت خیر البشر علیہ التحیہ والسلام صورت تالیف پذیرفتہ و جلوہ ظہور گرفتہ"

خاتمہ کتاب میں لکھتے ہیں [۲]

"ایں نسخہ عجیبہ کہ مسمیٰ بہ تحفہ اثنا عشریہ است بعد از گزشتن دوازدہ قرن صدی از ہجرت حضرت خیر الانام علیہ وعلی اہل بیتہ واصحابہ التحیۃ والسلام سمت تحریر یافت ، نقش اختتام پذیرفت"

تحفہ اثنا عشریہ ۱۲۰۴ھ (۹۰-۱۷۸۹ء) میں تالیف ہوا کسی نے تاریخ تالیف کہی ہے [۳]

تحفہ را یک فن مداں کہ درد   سوئے ہر معرفت سراغ آمد

[۱،۲] تحفہ اثنا عشریہ صفحہ ۲ - ۷۰۱

[۳] ملفوظات عزیزی صفحہ ۷۰

سوئے الفاظ معانی اش بنگر ہست دریا کہ در ایاغ آمد
بسکہ نور ہدایت است بیقین سال تصنیف او "چراغ" آمد

سنہ ۱۲۰۳ھ

تحفہ اثنا عشریہ کے رد میں شاہ صاحب کے ایک معاصر حکیم مرزا محمد المتخلص بہ کامل دہلوی (ف سنہ ۱۲۳۵ھ ۱۸۱۹ء) نے سب سے پہلے قلم اٹھایا اور انہوں نے تحفہ اثنا عشریہ کی تالیف کے دو سال بعد ایک کتاب نزہت اثنا عشریہ سنہ ۱۲۰۶ھ ۱۷۹۱-۲ء میں تالیف کی[1] تحفہ اثنا عشریہ ذوالفقار الدولہ مرزا نجف خاں امیر الامرا ر کے مرنے کے بعد لکھا گیا۔ مرزا کا انتقال ۶ اپریل سنہ ۱۱۹۶ھ ۱۷۸۲ء میں ہوا ہے۔

مرزا نجف خاں کے مرنے کے بعد دہلی کی سیاست پہ مرزا نجف خاں کی بہن خدیجہ سلطان بیگم، اور اس کی پارٹی کے چار ممتاز رکن افراسیاب، مرزا شفیع، نجف قلی خاں اور محمد بیگ ہمدانی پوری طرح اثر انداز رہے[2]۔ اول الذکر افراسیاب اور مرزا شفیع نجف خاں کے پروردے اور متبنیٰ تھے اور مرزا نجف خاں کے مرنے کے بعد یہی دونوں امیر الامرائی کے منصب پر قابض ہوئے[3] ان دونوں کے خاتمہ کے بعد مہاداجی سندھیا اور غلام قادر روہیلہ کا عمل دخل ہوا

---

[1] نجوم السماء کی تالیف سنہ ۱۲۸۶ھ میں ہوئی ہے اور اس وقت وہ لکھتا ہے کہ نزہت اثنا عشریہ کی تالیف کو اسی سال ہو گئے (ملاحظہ ہو نجوم السماء صفحہ ۳۵۹)۔

[2-3] اس سلسلہ میں ملاحظہ ہو فال آف دی مغل ایمپائر جلد سوم صفحہ ۱۶۴ ۱۹۷ (کلکتہ سنہ ۱۹۵۲ء)

مگر اس وقت بھی شیعہ امراء زین العابدین دیوان مرزا نجف خاں، نجف قلی خاں، محمد بیگ ہمدانی اور اسماعیل بیگ ملکی سیاست پر پوری طرح چھائے ہوئے تھے[1] ان لوگوں کے اقتدار، تشیع کے عام غلبہ اور اودھ کے نواب وزیر کے سیاسی اقتدار و استیلاء کی وجہ سے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ شاہ عبد العزیز نے تحفہ اثنا عشریہ میں بحیثیت مصنف اپنا نام لکھنا مناسب نہ سمجھا اور انہوں نے مصنف کی حیثیت سے اپنا غیر معروف (تاریخی) نام "غلام حلیم بن شیخ قطب الدین احمد"[2] لکھا ہے تحفہ اثنا عشریہ نے شیعیت اور تفضیلیت کے بڑھتے ہوئے اثرات کو روکنے میں بہت کام کیا۔ شاہ صاحب لکھتے ہیں[3]

"غرض کہ منظور رد ایں مذہب بود کہ مردم بدیدن ایں کتاب ورآں اعتقاد سست شوند یا ترک نمایند الحمد للہ کہ ایں معنی حاصل شد منظور فقیر ازیں مقدمات سلوک ایں طریق جدید بیا ذہان اولی الالباب وطالبان راہ صواب بود الحمد للہ کہ حاصل شد"

---

[1] اس سلسلہ میں ملاحظہ ہو فال آف دی مغل ایمپائر جلد سوم صفحہ ۱۶۴ - ۱۷۰ (کلکتہ ۱۹۵۲ء)

[2] شاہ عبدالعزیز کے والد شاہ ولی اللہ دہلوی کا نام قطب الدین احمد بھی تھا

[3] فتاوائے عزیزی جلد اول (بہ تصحیح مولوی محمد احسن نانوتوی) صفحہ ۱۳۱ (مطبع مجتبائی دہلی ۱۳۲۱ھ)

مرزا محمد علی مؤلف نجوم السماء لکھتے ہیں [1]

"چوں فاضل عزیزیہ تحفۂ خود را ظاہر نمود، ضلالت
شیوع گرفت و مردم جہاں و ناحق بین بطرف آں گردیدند"
تحفہ اثنا عشریہ کے متعلق سر سید احمد خاں (ف ۱۸۹۸ء) لکھتے
ہیں [2] "اوائل حال میں فرقہ اثنا عشریہ نے شورش کو بلند کیا اور
باعث تفرقہ خاطر جہال اہل تسنن کے ہوئے حضرت شاہ عبدالعزیز
نے بسبب التماس طالبین کمال کے کتاب تحفہ اثنا عشریہ کہ غایت
شہرت محتاج بیان نہیں بدل توجہ قلیل بصرف اوقات وجیز سے
بایں کثرت ضخامت تصنیف کی کہ دقت عبارت اس کتاب کی اس
طرح سے زبانی ارشاد کرتے جاتے تھے کہ گویا از بر یاد ہے اور
حوالہ کتب شیعہ کے جن کو علمائے فرقہ مذکور نے شاید بجز نام کے
سنا نہ ہوگا، باعتماد حافظہ بیان ہوتے جاتے تھے اور اس پر متانت
عبارت اور لطائف و ظرافت جیسے ہیں ناظرین پر ہویدا ہے"

سر سید احمد خاں نے ۱۸۴۴ء میں تحفہ اثنا عشریہ کے دسویں اور بارھویں
باب کا اردو ترجمہ "تحفہ حسن" کے نام سے شائع کیا [3] یہ دونوں باب خلفائے

---

[1] نجوم السماء صفحہ ۳۵۲ [2] تذکرہ اہل دہلی (آثار الصنادید باب چہارم) از سر سید احمد خاں، مرتبہ
احمد میاں اختر جوناگڑھی، صفحہ ۵۲، ۵۴، (انجمن ترقی اردو پاکستان، کراچی ۱۹۵۵ء) [3] سیرت فریدیہ
از سر سید احمد خاں (مرتبہ حکیم محمود احمد برکاتی) صفحہ ۱۷ (پاک اکیڈمی، کراچی ۱۹۶۴ء)

ثلاثہ، ام المومنین اور صحابہؓ کے مطاعن کے جواب اور تولا وتبرا بیان کیے ہیں، سرسید نے یہ ترجمہ اپنے استاد مولوی نورالحسن صاحب کی مدد سے کیا تھا چنانچہ سید صاحب خود اسی میں لکھتے ہیں "مجھ میں ایسی قابلیت نہ تھی کہ جو میں اس کتاب کا ترجمہ کر سکتا لیکن استادی مولوی نورالحسن کاندھلوی کی مدد سے یہ کام انجام کو پہنچا" لہ یہ تحفہ اثنا عشریہ کا (جزوی طور سے) پہلا اردو ترجمہ ہے جو سرسید احمد خاں کے ہاتھوں ظہور پذیر ہوا۔ معلوم ایسا ہوتا ہے کہ جنگ آزادی سے دس بارہ سال پہلے بھی اس مسلک کا اس قدر زور تھا کہ سرسید احمد خاں جیسے معتدل مصلح نے بھی اس موضوع پر کتاب لکھنی ضروری سمجھی۔ حالانکہ جب علامہ شبلی نے "الفاروق" کی تالیف شروع کی تو سرسید احمد خاں کو خیال ہوا کہ کہیں شیعہ و سنی بحث پھر شروع نہ ہو جائے۔

تحفہ اثنا عشریہ کے متعلق شیخ محمد اکرام لکھتے ہیں کہ

"تحفہ اثنا عشریہ فی الحقیقت ایک عہد آفریں کتاب ہے اور شاہ عبد العزیزؒ نے اس کی تالیف میں بیحد محنت اور جانفشانی

لہ سرسید کا علمی کارنامہ از قاضی احمد میاں اختر جوناگڑھی صفحہ ۳۵ ایجوکیشنل کانفرنس، کراچی ۱۹۶۴ء

کہ رود کوثر از شیخ محمد اکرام صفحہ ۵۷۱، ۵۷۲ (لاہور ۱۹۵۸ء)

سے کام لیا اس سے پہلے مختلف شیعہ سنی مسائل پر کتابیں
تصنیف ہوئیں خود شاہ ولی اللہ صاحب نے قرۃ العینین فی
تفضیل الشیخین، ازالۃ الخلفا اور بعض رسائل میں ان مسائل سے بحث
کی تھی لیکن ایسی جامع ومانع کتاب کوئی نہ تھی فی الحقیقت تحفہ اثنا
عشریہ شیعہ سنی مسائل کا ایک انسائیکلو پیڈیا ہے کتاب کا مطبوعہ نول
کشوری ایڈیشن بڑی تقطیع کے ساڑھے چھ سو صفحوں پر محیط ہے
لیکن چونکہ بیان میں بڑے ایجاز و اختصار سے کام لیا گیا ہے اسلئے
مطالب معانی اور دلائل وحوالے بے شمار آگئے ہیں کتاب کے جامع
ومانع ہونے کے علاوہ اس کی دوسری خصوصیت یہ ہے کہ روایات و
بیانات کے بیان میں فقط مستند از معتبر شیعہ کتب پر انحصار
کیا گیا ہے اور تواریخ وتفسیر میں سے فقط ان ہی چیزوں کو
چُنا ہے جن پر شیعہ سنی دونوں فریق متفق ہیں کتاب کی زبان
اور طرز بیان بھی متین اور مہذبانہ ہے"

علمائے شیعہ نے تحفہ کے رد میں پوری کوشش کی ہے مگر اس کے ساتھ ہی
شاہ عبدالعزیز کے علمی وقار ومرتبہ کو بھی مجروح کرنے کی مذموم سعی کی ہے کبھی تو یہ
الزام تراشا کہ اس کی تصنیف میں دوسرے علماء بھی شریک رہے ہیں اور اس بات کو
شہرت دی کہ یہ کتاب مسروقہ ہے اور خواجہ نصر اللہ کابلی کی "صواعق موبقہ" کا فارسی
ترجمہ ہے[1] لکھنؤ میں یہ اعتراض بڑی شد ومد سے کیا گیا۔ چنانچہ شاہ

---

[1] نجوم السماء صفحہ ۳۵۳، ۳۵۸

صاحب نے اپنے تلمیذ رشید مرزا حسن علی محدث لکھنوی (ف ۱۲۵۵ھ/۱۸۳۹ء) کے ایک استفسار کے جواب میں ایک طویل مکتوب ارقام فرمایا ہے جس سے نہ صرف یہ بے بنیاد اعتراض رفع ہو جاتا ہے بلکہ تحفہ اثناء عشریہ کے ماخذ اور اس کی ترتیب پر بھی روشنی پڑتی ہے۔ شاہ صاحب لکھتے ہیں [1]

"در وقت تصنیف تحفہ اثناء عشریہ از کتاب ہائے اہلسنت که در رد مذہب شیعہ وکتب شیعہ کہ در رد مذہب اہل سنت تالیف شدہ سہ قسم بہم رسیدہ بود قسم اول در مجادلہ این مسئلہ خاص یعنی اثبات خلافت خلفائے ثلثہ و رد آں مثل نواقض الروافض و مرافض الروافض و صواعق محرقہ و شرح تجرید از طرف اہل سنت و مصائب النواصب و رد شبہات الاعور و اظہار الحق و سفینۃ النجات از طرف شیعہ قسم دوم آں کتاب ہا است کہ در مسئلہ امامت و شروط آں و مواقع آں بہ تفصیل تصنیف شدہ مثل بحث امامت در شرح مقاصد و شرح مواقف و طوالع الانوار و اربعین از طرف اہل سنت و تصانیف علامہ حلی و مقداد و حدائق مولقہ در رد صواعق محرقہ و مقداد از طرف شیعہ قسم سوم آں است کہ تمام مذہب شیعہ را ہم در الہیات و ہم در معاد و ہم در امامت و ہم در روایت احادیث و ہم در اصول رد

---

[1] فتاویٰ عزیزی جلد اول صفحہ ۱۲۹، ۱۳۱

کردہ اند شل ابطال الباطل و صواعق مولفۂ تالیف،
نصر اللہ کابلی از طرف اہل سنت منہج الحق علامہ حلی و احقاق
الحق نیز ہمیں ترتیب دارد و ابطال الباطل نیز ہمیں
ترتیب دارد لیکن ترتیب صواعق بسیار مختصر و خوش نما
بہ نظر آمد ہماں را اختیار کردہ شد مگر بحث تولا و تبرا
درآں نبود و شرح حدیث الثقلین نیز درآں نبود و مسئلہ
انکار نبوت و الحاد کہ لازم مذہب شیعہ است بشرح و بسط
نیز درآں نبود ایں ابواب افزودہ شد و باب مطاعن و
جواب آں اصلا درآں کتاب مذکور نیست و نیز در صواعق
اکتفا بہ دلائل کلامیہ نمودہ در روایات از کتب امامیہ کوشیدہ
شد پس ایں کتاب را ترجمۂ آں گفتن محض نظر بظاہر ترتیب آں
می تواند شد مانند آں کہ مواقف را از طوالع و مسلم را از مختصر
مختصر الاصول ابن حاجب ماخوذ دانند حالا فرق واضح شد
پس فی الحقیقت ایں را ترجمہ قرار دادن کہ دور از عقل و
ادراک است در ہر دو کتاب نظر تامل بکار بردہ شود تا ایں
خیال بالکلیہ زائل گردد"

تحفہ اثنا عشریہ متعدد مطابع میں چھپتا رہا ہے اس کا اردو ترجمہ بھی
شائع ہو چکا ہے پہلا اردو ترجمہ مولوی عبد المجید خاں بیلی بھیتی نے کیا تھا جو
ہدیۂ مجیدیہ کے نام سے شائع ہوا تھا۔ حال میں کارخانہ تجارت کتب (کراچی)، نے

بھی اردو ترجمہ شائع کیا ہے ترجمہ کے فرائض مولوی سعد حسن خاں یوسفی نے انجام دیئے ہیں۔ تحفہ اثنا عشریہ کا عربی ترجمہ مولوی اسلمی مدراسی (ف ۱۲۷۴ھ) نے کیا کہا جاتا ہے کہ نواب علی محمد خاں والاجاہ کے صاحبزادے نے عربی ترجمہ عرب بھیجا تھا [۱] مولانا اسلمی کے عربی ترجمہ کی تلخیص مصر سے شائع ہو چکی ہے۔

اب ہم شیعہ علماء کی ان کوششوں کا جائزہ لیتے ہیں جو انہوں نے تحفہ اثنا عشریہ کے رد کے سلسلہ میں صرف کی ہیں اس ضمن میں حکیم مرزا محمد المتخلص بہ کامل دہلوی (ف ۱۲۳۵ھ) کا نام سرفہرست ہے وہ اپنے دور کے نامور فاضل اور طبیب تھے اور بقول مؤلف نجوم السماء تحفہ کی تالیف سے پہلے حکیم صاحب اور شاہ عبدالعزیز کے درمیان آپس میں ملاقات کا سلسلہ جاری تھا۔ انہوں نے سب سے پہلے ۱۲۰۶ھ/۱۷۹۱-۲ء میں نزہت اثنا عشریہ کتاب تالیف کی مؤلف نجوم السماء نے نزہت اثنا عشریہ کا ایک طویل اقتباس اپنی کتاب میں نقل کیا ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ حکیم صاحب تہذیب و متانت اور شرافت و ثقاہت کے دامن کو چھوڑ کر سب و شتم پر اتر آئے ہیں [۲] مرزا محمد

[۱] ملفوظات عزیزی صفحہ ۷۰

[۲] نجوم السماء صفحہ ۳۰۵ تا ۳۵۷

نے نزہت اثناء عشریہ کا دوسرا نام نصرۃ المومنین و ذلۃ الشیاطین رکھا[1] اس کتاب میں تحفہ کے پہلے، تیسرے، چوتھے، پانچویں اور نویں باب کا رد کیا گیا ہے مؤلف نجوم السماء کا بیان ہے کہ نزہت اثناء عشریہ کے جواب میں شاہ عبدالعزیز نے ایک رسالہ عزۃ الراشدین لکھا جس کے جواب دینے سے حکیم مرزا محمد نے اعراض کیا مگر ایک دوسرے شیعہ عالم حکیم باقر علی خاں نے جو اپنے آخر زمانے میں دہلی میں رہ پڑے تھے عزۃ الراشدین کے جواب میں ایک کتاب معین الصادقین لکھی عزۃ الراشدین کا دوسرے شیعہ علماء نے بھی جواب لکھا[2]

دوسرا قابل ذکر نام مجتہد العصر سید دلدار علی (ف ۱۲۳۵ھ/۱۸۲۰ء) کا ہے ان کی تبلیغی کوششوں کا اوراق گزشتہ میں جائزہ لیا جا چکا ہے انہوں نے تحفہ اثناء عشریہ کے مختلف ابواب و مضامین کی تردید میں مختلف چھ رسالے۔

(۱) صوارم الٰہیات

(۲) حسام الاسلام

(۳) احیاء السنۃ

---

[1] نجوم السماء ۳۵۸۳

[2] نجوم السماء صفحہ ۳۵۹

(۴) رسالہ ذوالفقار

(۵) کتاب صوارم (رسالہ دراثبات امامت)

(۶) رسالہ غیبت لکھے [1]

مجتہد العصر کے فرزند سید محمد (ف ۱۸۶۷ء) نے تحفہ اثنا عشریہ کے رد میں دو رسالے البوارق فی مبحث الامامت و طعن الرماح فی مبحث فدک والقرطاس لکھے [2] اور ان کے تلمیذ مفتی سید محمد قلی خاں کنتوری (ف ۱۲۹۰ھ) نے تحفہ کے رد میں متعدد رسالے لکھے انہوں نے پہلے باب کے رد میں سیف ناصری دوسرے باب کے رد میں تقلیب المکائد، ساتویں باب کے رد میں برہان السعادت اور آٹھویں باب کے رد میں تشئید المطاعن وکشف الضغائن اور گیارھویں باب کے رد میں مصارع الافہام لکھیں تشئید المطاعن دو ضخیم جلدوں میں ہے [3] اور مفتی کنتوری کے فرزند مولوی حامد حسین نے اپنی تمام

---

[1] نجوم السماء صفحہ ۳۵۰

[2] الثقافتہ الاسلامیہ فی الہند از سید عبدالحی صفحہ ۲۲۰ (دمشق ۱۹۵۸ء)

[3] نجوم السماء صفحہ ۴۲۲ نیز دیکھئے الذریعہ الی تصانیف الشیعہ از محمد محسن جلد سوم صفحہ ۹۶ (نجف ۱۳۵۷ھ)

عمر تحفہ کے رد میں صرف کردی سید عبدالحی لکھتے ہیں سلہ

"فشانۃ صرف عمرہ فی الرد علی التحفہ"

ملفوظات شاہ عبدالعزیز میں ہے کہ حسن رضا خاں نے تحفہ کے رد کے لئے علامہ تفضل حسین خاں (سنہ ۱۲۱۵ھ) سے کہا تھا مگر انہوں نے اس کا رد لکھنے سے انکار کردیا ٹلہ

شاہ عبدالعزیز نے تحفہ اثنا عشریہ کے خاتمہ کے طور پر ایک رسالہ "سر الجلیل فی مسئلۃ التفضیل" لکھا ہے جس میں انہوں نے عقلی و نقلی دلائل سے فضیلت شیخین رضہ کو "کالشمس فی النہار" کی طرح واضح کیا ہے یہ رسالہ گیارہ مقدمات پر مشتمل ہے شاہ صاحب اس رسالہ کے سبب تالیف میں لکھتے ہیں۔

"چوں از تسوید و تبئیض تحفہ اثنا عشریہ
بعون عنایت الٰہی فراغت حاصل شد
بعضے از دوستان صادق و یاران
موافق بآرزوئے تمام اشتیاق لاکلام
استدعائے نمودند کہ مسئلہ تفضیل را

سلہ الثقافۃ الاسلامیہ فی الہند از سید عبدالحی صفحہ ۲۲۰

ٹلہ ملفوظات شاہ عبدالعزیز صفحہ ۷۱۲

نیز تفضیلے لائق دادہ شود تا دریں مباحث
کہ نقل ہر مجلس و مشغلہ ہر محفل اند تعطشی
باقی نماند برآں ایں رسالہ مختصر
بطریق عجالہ آں وقت تحریر در آمد
کہ مالا یدرک کلہ لا یترک کلہ " سمیتہا
بالسر الجلیل فی مسئلۃ التفضیل "

رسالہ کے خاتمہ میں لکھتے ہیں ۔

" چوں ایں مقدمات احدی عشر تمام شد
خاتمہ کتاب تحفہ اثنا عشریہ تمام شد

رسالہ سر الجلیل فی مسئلہ التفضیل، فتاوای عزیزی کی جلد دوم میں شامل ہے، اس رسالہ کا ایک قلمی نسخہ مولانا رشید احمد گنگوہی (ف ۱۹۰۵ء) کے کتب خانہ سے مفتی محمد شفیع دیوبندی صاحب کو دستیاب ہوا تھا مفتی صاحب نے مولوی عتیق احمد دیوبندی مدیر قاسم العلوم دیوبند کی فرمائش پہ اس کا اردو ترجمہ ۱۳۴۹ھ میں رسالہ قاسم العلوم کی مختلف اشاعتوں میں شائع کیا تھا ۔ پھر یہ رسالہ علیحدہ کتابی صورت میں شائع ہوا ۔ مفتی صاحب کا وہی ترجمہ ان کی اجازت سے اس مجموعہ میں شامل ہے ۔

شاہ عبد العزیز نے ایک دوسرا رسالہ عزیز الاقتباس

فی فضائل اخیار الناس تحریر فرمایا اس میں شاہ صاحب نے وہ احادیث جمع فرمائی ہیں جو خلفائے اربعہ کے فضائل میں مروی ہیں اس رسالہ کا آخری حصہ ان احادیث پر مشتمل ہے جو اہل بیت کے فضائل میں ہیں اس کا فارسی ترجمہ مرزا حسن علی لکھنوی نے کیا تھا ۱۹۰۴ء میں یہ رسالہ تطہیر الدین۔۔ سید احمد ولی اللہی کی سعی ہے اردو ترجمہ کے ساتھ شائع ہو چکا ہے ترجمہ اور تحشیہ کے فرائض مولوی نظام الدین کیرانوی نے انجام دیئے ہیں۔ اس پر نظر ثانی حکیم عبدالغفور مرحوم نے فرمائی ہے یہ رسالہ بھی اس مجموعہ میں شامل ہے۔

اس موضوع پر شاہ صاحب کا ایک اور رسالہ "وسیلۃ النجاۃ" ہے جس میں شاہ صاحب نے کسی شخص کے سوال کے جواب میں دلائل و براہین سے ثابت کیا ہے کہ فرقہ ناجیہ "اہل سنت و جماعت" ہے اور اس رسالہ میں شاہ صاحب نے بڑی حد تک نصوص قرآنی ہی کو بنیاد بنایا ہے اور صحابہ کرام کے مرتبہ کو بڑے مؤثر کن انداز میں بیان کیا ہے یہ رسالہ بھی فتاویٰ عزیزی جلد اول میں شامل ہے اور علیحدہ بھی متعدد بار چھپ چکا ہے، یہ رسالہ بھی اس مجموعہ میں شامل ہے، اردو ترجمہ پر نظر ثانی کے فرائض مولوی حکیم عبدالغفور وقت ۱۹۶۴ء (۱۴ اگست)

نے انجام دیئے ہیں۔

شاہ عبدالعزیز نے بہت سے ان مسائل کا مفصل بیان کیا ہے جو اس زمانے میں شیعہ سنی مباحث کے موقعہ پر زیر بحث آتے تھے یہ تمام مسئلے فتاویٰ عزیزی میں موجود ہیں۔ اگر ان مسائل کی تبویب کی جائے تو بآسانی معلوم ہو جائے گا کہ شیعیت اور تفضیلیت کے متعلق ہر مسئلہ پر شاہ عبدالعزیز نے اپنی رائے کا اظہار فرمایا ہے اور مذہب اہل سنت وجماعت کی حقانیت کو ثابت کیا ہے

شاہ عبدالعزیز کے آخر الذکر تینوں رسالے

(۱) سر الجلیل فی مسئلۃ التفضیل

(۲) عزیز الاقتباس فی فضائل اخیار الناس

(۳) وسیلۃ النجات ایک مجموعہ میں جمع کر دیئے گئے ہیں اور مجموعہ کا نام "فضیلت صحابہؓ و اہل بیت" رکھا گیا ہے مجموعہ کے آخر میں شاہ عبدالعزیز اور ان کے بھائی شاہ رفیع الدین (ف ۱۲۳۳ھ / ۱۸۱۷ء) کے مکتوبات بھی شامل کر دیئے ہیں یہ مکتوبات مختلف کتابوں اور رسالوں سے جمع کئے گئے ہیں۔ ان کا ترجمہ مولوی محمد سلیمان بدایونی مرحوم (ف ۱۹۶۳ء) اور مولوی محمد جمیل الدین بدایونی نے کیا ہے۔

پاک اکیڈمی "کراچی کی کوششیں قابل تحسین اور مبارک باد

ہیں کہ اس نے شاہ عبدالعزیز رح کے ان نادر اور قیمتی رسائل کو فراہم کر کے "فضیلت صحابہ اور اہل بیت" کے نام سے شائع کیا ہے اللہ تعالیٰ جمیع مسلمانوں کو توفیق دے کہ وہ ان رسائل سے استفادہ کریں اور صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کے اعلیٰ مقام کو پہنچائیں۔

محمد ایوب قادری

یکم جمادی الاول ۱۳۸۴ھ

مطابق ۹ ستمبر ۱۹۶۴ء

بروز چہار شنبہ

۱/۱۴۱ د سید آباد

کراچی ۱۸

سِرّ الجلیل

فی

مسئلۃ التفضیل

(فارسی متن)

(مؤلفہ)

شاہ عبدالعزیز محدث دہلویؒ

مفتی محمد شفیع صاحب

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم وعلی آلہ ذوالفضل العظیم وصحبہ
اولی الفخر الجسیم۔

امابعد: چوں از تسوید تبفیض تحفہ اثنا عشریہ بعون عنایت الٰہی فراغت
حاصل شد بعضے از دوستان صادق و یاران موافق باآرزوی تمام واشتیاق
مالا کلام استدعا نمودند کہ مسألۂ تفضیل را نیز تنقیحے لائق دادہ شود تا دریں مباحث
کہ نقل ہر مجلس و مشغلہ ہر محفل اند لغطے باقی نماند بنا براں ایں رسالہ مختصر
بطریق عجالۃ الوقت بتحریر آمد کہ مالا یدرک کلہ لایترک کلہ وسمیتہا بالسر
الجلیل فی مسألۃ التفضیل وما توفیقی الا باللہ علیہ توکلت وہو حسبی ونعم الوکیل۔
وایں رسالہ مشتمل ست بر پانزدہ مقدمہ اولیٰ باید دانست کہ فضل منقسم است
بدو قسم۔

قسم اول

اختصاصی از جانب خدا کہ بی سابقہ عملی و بی تقدم خدمتی و
عبادتی چیزے را بر چیزے دیگر فضل بخشیدہ ترجیح دہد زیرا کہ او مالک ست ہر چہ
را خواہد از مملوکات خود یا فزونی مرتبہ و اعلائے منصب امتیاز دہد و دریں فضل
عمومیست بنہایت وسیع کہ ناطق وغیر ناطق وحیوان وجماد ونبات بلکہ جواہر و
اعراض را نیز شامل ست مثل تفضیل ملائکہ در آفرینش کہ پیش از ہمہ خلعت وجود
پوشیدہ اند ومثل تفضیل انبیاء کہ بی استعداد سابق و عبادات وریاضات
بانزال وحی مشرف شدہ اند و از ہمیں جنس ست تفضیل سیدنا ابراہیم ابن رسول اللہ صلعم

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بر جمیع اطفال و تفضیل ناقہ حضرت صالح علیہ السلام بر شتران عالم و تفضیل مکہ و مدینہ بر جمیع شہرہا و تفضیل مساجد بر سائر بقاع و تفضیل حجر اسود بر سائر احجار و ماہ رمضان بر ماہ ہا و روز جمعہ و عرفہ عاشورہ بر دیگر روزہا و دہ روز ذی حجہ بر بقیہ ایام و شب قدر بر شب ہائے دیگر و نماز فرض بر نفل و نماز عصر و صبح بر دیگر فرائض و تفضیل سجود بر قعود و ارکان نماز تفضیل بعض اذکار بعض و درین تمثیلات واضح شد کہ درین قسم فضل بر انقسام ست پس گاہی وجہ فضل معقول لبشر می شود مثل تفضیل مساجد بر دیگر بقاع کہ محل ذکر الٰہی اند لیکن تخصیص این بقعہ بآن کہ مسجد کردہ شد محض بعنایت او تعالیٰ است و گاہی وجہ فضل ہیچ در عقل بشری نمی آید مثل تفضیل حجر اسود بر سائر احجار و تفضیل بقعہ کعبہ بر دیگر بقاع و نیز این فضل گاہی اصلی می شود مثل تفضیل حجر اسود بر سائر احجار و گاہی تبعی و طفیلی مثل تفضیل ذبیح اسماعیل علیہ السلام و تفضیل حضرت ابراہیم ابن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بالجملہ مدار فضل درین قسم بر تخصیص مجرد ست بلا عمل و سعی۔

قسم دوم

فضل جزئی کہ بمقابل عمل عطا می شود و این قسم نسبت بقسم سابق خصوصیتے دارد کہ در غیر اہل عمل یافتہ نمی شود آنہا سہ گروہ اند ملائکہ و جن و انس و مرجع این فضل در آخر کار ہمان فضل اختصاصی ست چنانچہ واضح خواہد شد و این قسم فضل بیشتر محل تنازع و اختلاف می باشد بخلاف فضل اختصاصی کہ در آنجا نص شارع کفایت می کند و نیز درینجا باید

فہمید کہ جمیع صحابہ را فضل اختصاصی ثابت ست بدلیل اختارلی اصحابا و اصھلا وانصارا و ازواج مطہرات و بنات مکرمات را نیز چنانچہ ظاہر ست لیکن حرف در فضل ایں بزرگان فیما بینہم می رود ظاہر از بعض احادیث آں ست کہ ایں ہمہ فضل اختصاصی ست لیکن نظر دقیق و اکثر آیات حکم می کند کہ از قسم فضل جزئی ست آری در ترتیب خلافت اگر حکم بفضل اختصاص بعضے بر بعضے نمودہ آید انسب می نماید چنانچہ خلافۃ علی الا تقدیم ابی بکر و امثال آں ہمراں گواہ است

مقدمہ ثانیہ

فضل جزئے کہ بمقابلہ عمل ست نیز اقسام دارد و حالا دراں اقسام نظر تعمق باید کرد و در محل نزاع قسمی را کہ احق و اولیٰ باعتبار ست جاری باید ساخت تا مورد فضل جزئی متعین شود و نزاع مرتفع گردد پس اول باید دانست کہ ہر عمل را در عمل خود بہ ہفت وجہ فضیلت بر غیر خود می تواند بود و برائے ایں ہفت وجہ وجہی دیگر مدار فضل نمی تواند شد

اول

ماہیت عمل یعنی صورت صنفیہ او مثل فضیلت نماز فرض بر نماز نفل و ایں را چند صورت ست صورت اول آں کہ شخصے باشد کہ تمام فرائض را ادا می کند و دیگرے بعض فرائض را ادا می کند و بعض را ترک می کند و نوافل را می گزارد یا ہر دو باشند کہ تمام فرائض را ادا می کند و نوافل زائدہ نیز بجا می آرند لیکن نوافل یکے زائد بر نوافل

دیگرے باشد در بزرگی و فضیلت یا شخصی باشد کہ ذکر بسیار در نماز می کند و دیگری باشد کہ در خارج نماز ذکر بسیار می کند یا دو کس باشند کہ یکے از آنہا در معرکۂ کفار جہاد بسیار می کند و در موضع خطرناک می آید و دیگری در ملک مقابلین و دفع اعدا از چپ و راست سعی بسیار می کند یا یکے جہاد بسیار می کند و دیگرے مشغول بر نماز و روزہ بسیار ست یا ہر دو اجتہاد می کنند۔ و یکی را اصابت حق بیشتر دست می دہد از دیگر بالجملہ حاصل ایں وجہ آں ست کہ ذات عمل یکے افضل از ذات عمل دیگر باشد۔

دوم۔ لمیت عمل یعنی علۃ غائیہ و غرض کہ آنرا در عرف شرع نیت گویند مثلاً شخصے بہ عمل خود محض رضا الٰہی قصد می کند و امرے دیگر را با او مخلوط نمی نماید و دیگرے باشد کہ در ہر عمل با او مساوی ست اما در قصد رضا الٰہی قصور دارد و نفع دنیا مردم با دیگر وجوہ نفع دنیاوی را با وے خلط می کند۔

سوم۔ کیفیت عمل مثلاً شخصے باشد کہ ہر عمل را با جمیع حقوق و سنن و آداب می کند و دیگرے بعض از سنن و آداب را فوت می کند اگر چہ باطل نمی کند یا شخصے باشد کہ عمل او صاف ست از لوث کبائر و اصرار بر صغائر و دیگرے با وصف طاعت و عمل ارتکاب کبائر یا صغائری نماید و علیٰ ہذا القیاس تفاوت بحضور قلب و عدم آں و تلاوت و ذکر بر طہارت و عدم آں۔

چہارم۔ کمیت عمل پس در ادای فرائض برابر باشند و یکی نوافل زائد دارد بہ دیگری، چنانچہ در حدیث صحیح مروی ست کہ دو کس در یک وقت ایمان آوردند و ہجرت کردند ـــــ و یکی از آنہا شہید شد و دیگرے زندہ

ماند بعد ازاں مردم مردم آں شہید را ترجیح دادند حضرت پیغمبر فرمودند این صلوتہ بعد صلوٰتہ وصیامہ بعد صیامہ۔

پنجم ۔ زمان عمل پس شخصے کہ در صدر اسلام یا در ایام قحط یا در وقتی کہ بر مسلمین حادثہ افتادہ باشد عملی وطاعتی نماید جہادی وصدقہ وانفاقی نماید بہتر است از کسے کہ بعد از قوت اسلام واستغنا ازاں بعمل آرد چنانچہ در حدیث صحیح وارد است کہ در حق صحابہ فرمود لو انفق احدکم مثل احد ذھبا ما بلغ مد احدھم ولا نصیفہ وقال اللہ عز وجل لا یستوی منکم من انفق من قبل الفتح وقاتل اولئک اعظم درجۃ من الذین انفقوا من بعد وقاتلوا وہمچنیں انفاق درہم بوجہ اللہ در وقت فقر واحتیاج وصحت بہتر ست از انفاق اضعاف مضاعفہ آں در وقت غنا وثروت یا وصیت بآں عند الموت وہمچنیں ادائی فرائض در حال خوف ومرض وسفر ومشقت وقلت فرصت ووفور موانع بہتر ست از غیر آں وہمچنیں در قرب موت وآخر اجل شغل عبادت بہتر است ازاں شغل در اول عمر وعمرۃ فی رمضان یعدل الحجۃ ومن تقرب فیہ بخصلۃ من الخیر کان کمن ادی فریضۃ فیما سواہ ومن ادی فریضۃ فیہ کان کمن ادی سبعین فریضۃ فیما سواہ وافضل الصیام بعد شہر رمضان شہر اللہ المحرم وجمیع طاعات در اشہر حرم مضاعف می شود۔

ششم ۔ مکان عمل مثل نمازی کہ در مسجد حرام یا در مسجد مدینہ ادا کردہ شود بہتر از ہزار نماز است در جائے دیگر وروزہ در دار الحسر سبعۃ

محل جہاد بہتر ست از غیر آں من صام یوماً فی سبیل اللہ حرمہ اللہ علی النار۔

ہفتم۔ اضافہ بر امور خارجہ مثل فاعل یا مشارک و مقارن پس یک رکعت ہمراہ نبی یا از نبی بہتر ست از غیر آں و ہم چنیں صیام و صدقہ و جہاد کہ از پیغمبر یا ہمراہ پیغمبر واقع باشد بہ ہزاراں درجہ بہتر است از غیر آں۔

ولہٰذا اصحابہ با جمیع اعمال خود را کہ بعد از موت پیغمبر کردہ بودند ہرگز موازی اعمال خود را کہ ہمراہ پیغمبر کردہ بودند نمی دانستند و در حدیث ست کہ عمرۃ فی رمضان تعدل حجۃ معی و در قرآن جابجا اشارہ بایں مضمون ست .... قولہ تعالیٰ لکن الرسول والذین امنوا معہ جاھدوا باموالھم وانفسھم اولٰئک لھم الخیرات واولٰئک ھم المفلحون واز ہمیں باطل شد قول ابی ہاشم جبائی حیث قال جاز ان طال عمر امرأن یعمل مایوازی عمل النبی و نیز ظاہر شد کہ انس ابن مالک و ابوامامہ باہلی و عبداللہ ابن بشیر و عبداللہ ابن الحرث و سہل ابن سعد ساعدی و جابر ابن عبداللہ کہ عمر طویل یافتند و اعمال بسیار کردند ہرگز افضل نمی توانستند شد بر ابوبکرؓ و عمرؓ و عثمانؓ و علیؓ و ابوعبیدہ و زید ابن حارثہ و جعفر ابن ابی طالب و مصعب ابن عمیر و عبداللہ ابن جحش و سعد ابن معاذ و عثمان ابن مظعون رضؓ حالاں کہ بعضے از اولین تا ہشتاد سال بلکہ نود سال از موت اینہا طاعات و اعمال بجا آوردند و بہ ہمیں سبب قطع می کنم باں کہ ہر کہ از صحابہ در وقت نبوت آں حضرت افضل بود از دیگرے آں مفضول ہرگز بدرجہ او لاحق نمی تواند شد

مقدمہ سوم

نتیجہ فضل خواہ فضل اختصاصی بود بغیر عمل خواہ جزئی بود بمقابلہ عمل دو چیز
ست اول آنکہ حق تعالیٰ تعظیم فاضل را واجب کند در دنیا بر مفضول و دریں امر
شریک اند جمیع افاضل خواہ مثل کعبہ و مسجد و روز جمعہ و شہر رمضان و ناقہ
صالح وغیرہ جمادات وحیوانات واعراض باشد خواہ مثل انبیاء ملائکہ وصحابہ
وازواج مطہرات واولاد پیغمبر باشند دوم آنکہ برائے فاضل درجہ از قرب
منزلت ومساکن جنت مقرر شود اعلیٰ وارفع از درجہ مفضول وذلک تحقیقاً
لمعنی الفضل والا لم یظہر الفضل وکان الفضل مجرد لفظ لا معنی
لہ و دریں امر خصوصیتی ست کہ غیر از عالمین را میسر نیست ولہذا در غیر فضل جزئی
متحقق نمی شود و نیز دریں جا باید دانست کہ دخول جنت گاہی مبنی بر فضل
اختصاصی می باشد بدون سابقہ عمل چنانچہ اطفال مومنین را وعلی الخصوص
اطفال انبیاء را۔

مقدمہ چہارم

کل من امرنا بتعظیمہ فہو ذو فضیلتہ دریں مقدمہ خدشہ کہ
بخاطری رسد آنست کہ مادر و پدر کافر را نیز تعظیم و بر و احسان و تذلل واجب
ست حالانکہ ہیچ فضیلت ندارند جوابش آنکہ تعظیم ایشان در عرف شرع تعظیم
نیستبلکہ نوعی ست از احسان و بر و احسان را تعظیم نمی تواں گفت مجرد تذلل

نیز تعظیم نیست لان الانسان قد یتذلل لمن یخاف ضره وحیه قسم تعظیم الوالدین الکافرین است در شرع مامور به باشد حالاں کہ براہ از انہا واجب ست قال اللہ تعالیٰ لا تجد قوما یومنون وقال اذ قالوا لقومہم انا برآء منکم ومما تعبدون من دون اللہ بلکہ تعظیم شرعی آنست کہ ناشی باشد بر محبت فی اللہ وللہ ولایت ودوستی از دل واین معنی در غیر اہل فضل ہرگز در شرع وارد نہ شدہ کما یدل علیہ التصفح

مقدمہ پنجم

بیقین معلوم است کہ بعد از تعظیم خدا در شرع تعظیم انبیاء آں در مستحق وواجب است کہ دیگراں را نیست وہیچ کس مستحق آں تعظیم نیست غیر از انبیاء وبعد از انبیاء ازواج مطہرات آں جناب راآں قدر استحقاق تعظیم بہ نص قرآنی ثابت ست کہ ہرگز در دیگراں نیست قولہ تعالیٰ النبی اولیٰ بالمومنین من انفسہم وازواجہ امہاتہم پس در حق ازواج مطہرات فضیلت صحبت آنسرور زیادہ بر صحابہؓ اکثر متحقق است زیرا کہ صحبت ایشاں اعلیٰ است از صحبت غیر ایشاں وبا فضیلت صحبت حق امومیت دینی نیز موجب تعظیم ایشاں گشتہ۔

مقدمہ ششم

ہرگاہ سخن در تفضیل جاری شود مطلق نباید پرسید زیرا کہ مفاضلہ واقع

نمی شود الا دراں دو چیز کہ فضل آنہا از یک وجہ باشد و باہم دراں وجہ زیادہ
وکم بودہ باشد و اگر فضل آنہا از دو جہت باشد پس درانجا مفاضلہ متحقق نمی تواند
شد زیراکہ ہرگاہ بگوییم ای ھذین اکثر اوصافا فی ما اشترکا فیہ پس
رمضان نمی تواں گفت کہ بہتر ست یا ناقۂ صالح یا کعبہ بہتر ست یا نماز و نمیتواں
گفت کہ مکہ بہتر ست یا مدینہ در رمضان بہتر است یا ذی الحجہ و نماز بہتر ست
یا زکوٰۃ و ناقہ صالح بہتر ست یا عصاء پیغمبر پس ازینجا معلوم شد کہ تفضیل
حضرت ابراہیم ابن رسول اللہ مثلاً بر ابوبکر معنی ندارد زیراکہ فضل ابراہیم
مبنے بر عمل نیست بلکہ اختصاص مجرد ست

مقدمہ ہفتم

علو درجہ در بہشت گاہے بطریق تبعیت می باشد مثل اعلائے درجہ اولاد
صغار آں حضرت بہ تبعیت آں حضرت وایں اعلاء درجہ دلالت بر افضلیت
تفضیل جزئی نمی کند و گاہے بطریق اصالت می باشد در مقابلہ عمل ایں شخص ایں
دلالت می کند بر افضلیت تفضیل جزئی وعلیٰ ہذا القیاس تقدم در دخول جنت
و در ورود حوض و شفاعت و موقف حساب بر دو قسم ست یک قسم ازاں
دلالت بر افضلیت تفضیل جزئی دارد و یک قسم نہ مثل تقدم است مصطفویٰ را
در ایں امور بر انبیاء و ذلک قال اللہ ھم وازواجھم فی ظلال علی
الارائک متکئون الحقنا بھم ذریتھم الی غیر ذلک

مقدمہ ہشتم

سیادت غیر فضل ست زیرا کہ سیادت دلالت بر شرف ایں شخص می کند پس اولاد آں حضرت بسبب شرفے کہ دارند سادات اند فضل موقوف بر جزای عمل ست و ہم چنیں امارت موقوف بر فضل نیست بدلیل آں کہ عمر ابن الخطاب رضی اللہ عنہ مامور بود باطاعت عمرو بن العاص رضؓ در حالت امارت وازینجا معلوم شد کہ وجوب طاعت شخصے بر شخصے نیز دلالت بر فضل مطاع بر مطیع نمی کند۔

مقدمہ نہم

وجوہ ہفت گانہ مفاضلت چوں باہم متعارض شوند از روئے آیات و احادیث احق واولیٰ بالاعتبار را تعین باید کرد۔ پس بالقطع از شریعت ثابت است کہ کمیت عمل را در جنت کیفیت آں اعتباری نیست و نیز کمیت و کیفیت را در جنت زماں عمل اعتبار نیست لقولہ تعالیٰ لا یستوی منکم من انفق من قبل الفتح وقاتل و ایں قدر خود از روئے احادیث صحیحہ ثابت است کہ عمل صحابہ را در حضور پیغمبر و با پیغمبر ہیچ عمل نمی رسد و نیز بالقطع معلوم ست کہ با عمل پیغمبر عمل برابر نمی شود پس در عمل کہ با پیغمبر شریک شوند ہیچ عمل با آں برابر نمی شود زیرا کہ مشارکۃ جماعتہ در عمل آں نورانیت و حدانیت بہم می رساند مثل کیفیت وحدانیت مزاج کہ در ہر جزء از اجزاء مرکب متشابہ می گردد و لہذا

جماعت را مشروع ساختہ اند و باین اعتبار صحابہ را فضل جزئی بر جمیع امت ثابت ست و درمیان صحابہ سبقت و تقدیم را بموجب لا یستوی منکم... اعتبار باید کرد زیرا کہ ہر قدر تقدم و سبق بیشتر وقت احتیاج اسلام و تقویت آں بیشتر چنانچہ حدیث فقال صدقت وقلتم کذبت دلالت برآں دارد پس باین اعتبار کسانے کہ قبل ازہجرت باعمال اسلام قیام نمودہ اند افضل باشند از من بعد خود مثل ابوبکرؓ و عثمانؓ و علیؓ و حمزہؓ و جعفر و عثمان ابن مظعون و طلحہ و زبیر و مصعب ابن عمیر و عبدالرحمٰن ابن عوف و عبداللہ ابن مسعود و سعید ابن زید و زید ابن حارثہ و ابی عبیدہ و بلال و سعد و عمار ابن یاسر و ابوسلمہ ابن الاسد و عبداللہ بن جحش وغیرہم من نظرائھم بعد ان اھل العقبۃ بانہ اھل العقبۃ الثانیہ بانہ اھل بدر بانہ اھل مشاھد مشھد مابعد مشھد تاآں کہ نوبت بہ صلح حدیبیہ رسد زیرا کہ انزال سکینہ و صفائی قلوب ایشاں منصوص بنص قرآنی ست اما بعد ازاں پس بالقطع ہیچ مشہد نیست کہ مدار فضل برآں وجہ باشد زیرا کہ در ہر مشہد جماعت منافقین ہم بودند قولہ تعالیٰ و ممن حولکم من الاعراب منافقون و من اھل المدینۃ مردوا علی النفاق آمدیم برآں کہ فیمابین ایں اشخاص کدام یک افضل ست و ہمیں ست محل نزاع زیرا کہ کلام در خلفاء اربعہ است و ایں ہا ہمہ متفق اند در سابقیت و قدم۔

مقدمہ دہم

تعیین افضل را دو طریق است اول نص شارع دوم تتبع احوال

واستعمال اگر گویند کہ طریق اول مخدوش ست بجہت تعارض وقتی مے افتد کہ
یک لفظ در حق دو کس وارد شود و دلالت بر افضلیت ہر دو کند و عند التفحص
چنین نیست۔ بلکہ لفظ افضل و خیر کہ نص در مدعا است در حق ابوبکرؓ و عمرؓ
ورود یافتہ و لفظ سیادت و واجبیت و شرف در حق مرتضیٰ علیؓ و فاطمہؓ و دیگرانؓ
ورود یافتہ و سابق گذشت کہ معنی سیادت و شرف و واجبیت دلالت بر فضل جزئی
می کند پس در حقیقت تعارض نیست اما طریق دوم کہ تتبع احوال و اعمال ست
پس ازاں جملہ است جہاد اگر گویند کہ مرتضیٰ در جہاد افضل بود ازابوبکر
و عمرؓ گوئیم جہاد را سہ قسم ست جہاد زبانی کہ بدعوت اسلام و ——
فہمانیدن شرائع و وعظ و نصیحت و ترغیب و ترہیب می باشد دوم جہاد
نزدیک جنگ بتدابیر و رائے و القاء رعب در قلوب مخالفین و جمع مردم برائے
قتال و تفریق جماعت اعداء سیوم جہاد بدست بطعن و ضرب و بلاشبہ آں
حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بدو قسم اول از جہاد مشغول بودند بقسم ثالث
و قسم ثالث بالیقین ادنیٰ مراتب جہاد ست و دراں دو قسم ابوبکرؓ و عمرؓ
برجمیع صحابہ پیش قدم اند زیرا کہ بدعوات ابوبکرؓ در اول اسلام عمدہ صحابہ
مسلمان شدہ اند و دائماً ہمیشہ مشغول بود بایں دعوت و از روزیکہ عمرؓ اسلام
آوردہ عزت و غلبہ اہل اسلام افزود و عبادات اسلام را جہاراً و علانیہ در مکہ
رواج دادہ و در رائے و مشورہ ایں ہر دو مشیر و زیر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم
بودہ اند ہیچ غزوہ و ہیچے بی مشورہ ایشاں واقع نشدہ و در جمع مردم و تفریق
جمعیت اعدا ہمیشہ بحضور آں حضرت مساعی جمیلہ زیادہ ہر دیگراں نمودہ اند

و نیز بالیقین معلوم است که آں حضرت اشجع الناس بود او ہمیں دو قسم جہاد را اختیار فرمودہ پس ایں دو قسم افضل اند از قسم ثالث و ابوبکرؓ و عمرؓ دریں جہاد ہرگز مفارقت او نمی کردند پس جہاد ایشاں افضل باشد از جہاد دیگراں مثل مرتضیٰؓ و زبیرؓ و حمزہؓ و مصعبؓ و ابودجانہ و سعد ابنؓ معاذ و سماک ابن حربؓ نازیں جاست کہ اکثر سرایائے آنحضرت بسرداری ابوبکرؓ سرانجام شدہ و مع ہذا عمرؓ بن الخطاب نیز مشارکت کردہ است۔ در قسم ثالث کما یدل علیٰ ذالک التواریخ و ازاں جملہ است علم گویند کہ علی در علم افضل بود از دیگر و خدا می فرماید قل ہل یستوی الذین یعلمون والذین لا یعلمون گوییم زیادتی در علم بدو طریق تواں دریافت اول کثرت روایات و فتاوی دوم استعمال آنحضرت شخص را در مقدمہ کہ تعلق بعلم دارد زیرا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عامل نمی فرمود در ہیچ مقدمہ مگر کسی را کہ دراں باب اکمل باشد از دیگراں و بالقطع معلوم است کہ آں حضرت ابوبکرؓ را بر نماز و حج و جہاد امیر ساختہ و عمرؓ را عامل فرمود بر صدقات و اخذ زکوٰۃ و نیز معلوم است کہ اکثر روایات صدقات از طرف ابوبکرؓ رسیدہ و مسائل زکوٰۃ را او شرح دادہ و حدیث زکوٰۃ کہ از طرف مرتضیٰ علیؓ رسیدہ بدرجہ صحت نہ رسیدہ و در وے وہمی واقع شدہ کہ ہیچکس از علمار اسلام بداں عمل نہ کردہ و ہو ان فی خمس و عشرین من الابل خمس شیاہ و نیز معلوم است کہ ابوبکرؓ و عمرؓ ہمیشہ در مسافرت و مصاحبت و مشاورت و مکالمت آں حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم می بودند بغیر علم تمام آں حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم برائے خود مشیر و وزیر نمی گردانید و ہر قدر صحبت پیغمبر

بسیار باشد اطلاع بر احکام وفتاوی بیشتر واتم پس ابوبکرؓ زندہ نماند بعد آں حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مگر اندکی ومردم بسبب آں کہ ــــ قریب العہد بہ صحبت پیغمبر بود محتاج نہ شدند بہ روایت از وہ نیز از مدینہ بیرون نرفت مگر برائے حج وعمرہ تا مردم بلاد دور از وہ روایت می کردند وبا وصف ایں ہمہ از وی یک صد وچہل وپنج حدیث صحیح مرویست کہ اجلاء صحابہ از وے روایت کردہ اند منہم علیؓ ابن ابی طالب وعمرؓ بن الخطاب وعثمان رضؓ بن عفان وحضرت مرتضیٰؓ باوجود طول حیٰوۃ کہ قریب لبی سال امتداد یافت بعد از پیغمبر وباوصف سیر وورود در بلاد وکثرت احتیاج مردم بہ روایت و کثرت تقریبات روایت کہ وقت اختلاف از دو تنازع اہل اہوا بود ہمگی روایات پانصد وہشتاد وشش حدیث ست پس اگر مدت حیات ابوبکرؓ را با مدت حیات دیگراں ومواقع روایات اورا با مواقع دیگراں قیاس کنیم معلوم می شود کہ نزد ابوبکرؓ اضعاف علم دیگراں بود وبہ ہمیں قیاس باید کرد فتاوی راو ہمچنیں ست حال عمر بن الخطاب زیرا کہ مستندات او پانصد وسی وسہ حدیث است وفتاوی او زیادہ از حد بلکہ بہر مسئلہ فقہی تکلم فرمودہ وتحقیق حق نمودہ ومسائل عقائد و سلوک وتفسیر را نیز بیان مستوفی دادہ چنانکہ از مجموع احکام او کتابی مستقل شافی در ہر علم تواں برآورد وچنانچہ صاحب ازالۃ الخفاء در یں باب سعی وافر فرمودہ وہمگی روایات وفتاوی اور جمع نمودہ کتابی کافی ترتیب دادہ معلوم ست کہ مدت حیات مرتضیٰ علی قریب ہفدہ سال زیادہ

از مدت عمر است و دریں مدت دراز مسانید علی رض بر مسانید عمر زیاده نمی شوند الا بقدر چہل و نہ حدیث و در وقت مرتضیٰ علی رض ہیچ مسئلہ مختلف فیہا منقح نہ شد و فتاویٰ وے قاطع نزاع نگردید بخلاف عمر رض وازیں جا معلوم می شود کہ نزد عمر رض اضعاف علم بود بنسبت بہ دیگراں وایں معنی را در وقتی کہ نسبت احادیث او با حادیث علی رض نمودہ آید و فتاویٰ او بفتاوے کردہ شود ہیچ کس منکر نمی تواند شد واز آں جا ست علم قرآن و دریں جا خود...
بالقطع معلوم است کہ مرتضیٰ علی رض را زیادتی در علم قرأت بر ابوبکر رض و عمر رض نبود بالاتفاق بین الفریقین واہل سیر ابوبکر رض و عمر رض و علی رض در یک مرتبہ بودہ اند وقراۃ عثمان رض را دریں امر زیادت بین بود و نیز تقدیم آں حضرت ابوبکر رض را بہ شئی در نماز نیز دلالت می کند بر آنکہ علی رض اقراء از ابوبکر رض نبود وکذا الافقہ والا علم و ازاں جملہ تقویٰ و اتباع شریعت و بالیقین معلوم ست کہ ابوبکر رض ہیچگاہ مخالفت آں حضرت کلمہ نگفتہ چنانچہ در صلح حدیبیہ و اخذ فداء بدریاں معلوم ست و ارادہ او گاہی مخالفت فرمودہ آں حضرت نبودہ و در امتثال او امر ہرگز تہاون نکردہ واز حال مرتضیٰ علی رض معلوم ست کہ در نکاح دختر ابوجہل و در تقیید نماز تہجد مورد عتاب گردیدہ وازانجملہ است زہد گویند کہ از ہد ناس علی بودہ گوئیم زہد نام بی رغبتی ست در تلذذ دنیا و اولاد و اتباع از ازواج و حشم و تدام و بالیقین معلوم ست کہ ابوبکر رض چوں اسلام آورد مال بسیار داشت وآنہمہ را للہ و فی مرضاۃ رسول اللہ صرف کرد و جماعت را از ضعفای مسلمین خریدہ آزاد فرمودہ تا آں کہ ہیچ درہم از مال او باقی نماند وازیں جہاں گذشت و

هیچ مزرعه و عقارے برای خود نخرید و از بیت المال نه گرفت الا بقدر قوت
باز از حصه خود که از غنایم می رسید در بیت المال صرف می کرد بخلاف مرتضی رض
که ضیاع و عقار گرفت و مزارع و باغات احداث فرمود و بر حال ابوبکر رض است
حال عمر رض بن الخطاب چنانچه جمیع صحابه آں وقت باین معنی گواہی داده اند امام مرتضی
علی چوں فوت شد چہار زن گذاشت و نوزده سریه و خادمان و غلامان
بسیار و قریب سی کس از اولاد و برائے ایشاں عقار و ضیاع به قدریکه بسبب
آں اغنیار بودند گذاشته رفت و قصبه ینبع که ہزار وسق تمر از اں می آید
سوائے غله و زراعت نیز از متروکه اوست بخلاف عمر رض و نیز نه ہر حقیقے
آنست که بجود لذت دنیا بردارد و نه اقارب و اولاد خود را بداں منتفع سازد و
حال ابوبکر رض ہمیں ست که مثل طلحه رض بن عبیدالله برادر زاده داشت و مثل عبدالرحمن
بن ابی بکر پسری و مثل عائشه رض دختری یکی را ازیں ہما عامل نفرموده و ہمچنیں
عمر ہیچکس را از بنی عدی عامل نمی فرمود مگر نعمان بن عدی را که بر میسان عامل
فرموده بود وی عزل نمود حالاں که در آنہا ش سعید بن زید و ابو جہیم بن حذیفه
خارجه بن حذیفه و معمر ابن عبدالله و عبدالله بن عمر رض بوده اند و
مرتضی علی رض عبدالله بن عباس رض را عامل بصره فرمود و عبیدالله بن عباس رض را
بر یمن و قثم و معبد ابن عباس را بر مکه و مدینه و جعده بن ہبیره که ہمشیرزاده
اش بر کوفه و محمد بن ابی بکر رض را که ربیب بود بر مصر و حضرت امام حسن رض را خلیفه
فرموده ہر چند ایں ہمه مستحق رسیده لیکن در اقارب و خویشاں ابوبکر و عمر رض
نیز مستحقین ایں مناسب بوده اند کما عمده تا پس زہد آنہا او فرداتم باشد

از زہد علیؓ کہ محض بہ جان خود بود نہ بہ اقارب خود و از آں جملہ است صدقہ و
انفاق و ایں خود امر ظاہر ست کہ مرتضیٰ علی رضؓ را دریں باب شارکتی نیست با ابوبکرؓ
و عمرؓ اگر دریں جا حرف تواں زد از عثمانؓ بن عفان کہ وے دریں امر گوئی
سبقت ربودہ است لیکن ابوبکرؓ و عمرؓ برنری بجہت جہاد و علم و زہد افضل اند و
آنچہ گویند کہ مرتضیٰ علی ہیچ گاہ بت نہ پرستید بر خلاف دیگراں گوئیم کہ نہ پرستیدن
بت بسبب صغر سن ہیچ بزرگی ندارد و بالاجماع ثابت ست کہ عمر حضرت
علیؓ شصت و سہ سال بودہ و در سنہ چہل از ہجرت فوت شدہ اند و
سیزدہ سال پیش از ہجرت بعثت پیغمبر بود پس عمر مرتضیٰ علی رضؓ در وقت بعثت
دہ سال بود و دریں عمر ہمیشہ در خانہ آں حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پرورش
یافت و آں حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مشغول بت پرستی نہ بود آں ست
قاعدہ اطفال کہ آنچہ از بزرگان خود می بینند بموجب آں عمل می کنند و اگر
بت نہ پرستیدن موجب افضلیت مطلقہ شود لازم آید کہ ہر مولودی کہ در اسلام
اسلام باشد از حمزہ رضؓ و جعفرؓ و سلمانؓ و مقدادؓ و عمارؓ افضل باشد و از آں جملہ
است خلافت و حسن سیاست و کفایت در آں کہ در حقیقت مجمع جمیع اعمال خیر
اسلامی ست و دریں جا خود افضلیت ابوبکرؓ و عمرؓ ظاہر و باہر ست زیرا کہ
اول بعد موت پیغمبر فتنہ مرتدین واقع شد و دراں واقعہ صعب ہیچ کس از ابوبکرؓ
ثابت تر نہ بود و بحسن سیاست او آں فتنہ بکل منتفی شد باز با کسریٰ و قیصر
منازعت افتاد و غلبہ اسلام رو داد تا آں کہ حدود فارس و عراق دار الاسلام
شد و فقراء مسلمین اغنیاء شدند و ذلیل ایشاں عزیز شد و ہر گنہ

درمیان ایشاں اختلاف نیفتاد وہمہ مشغول بقرأۃ قرآن وتفقہ فی الدین گشتند
ودر وقت عمر ہمہ ایں معانی بکمال رسید بخلاف مرتضیٰ علی کہ در وقت او
ہیچ قریہ مفتوح نشد وغیر از خانہ جنگی وقتال وجدال اہل اسلام راکاری
نماند وقرآت قرآن وعبادات ہمہ منسی وفراموش شد وغیر از طعن درکبراو
اسلام وتجسس عیوب ہم دیگر وبدگفتن بعض مربعض راکاری نداشتند پس
مثل آفتاب روشن گشت کہ ابوبکر رض وعمر رض را ہم در علم وہم در قرأۃ وجہاد
وزہد وتقویٰ وخشیۃ وصدقہ وعشق وطاعت خدا ورسول وحسن سیاست
خلافت مرتبہ الیست کہ دیگراں را اصلا نیست وہمیں امور را شارع موقع
فضل وقرب گردانیدہ وسابق گذشت کہ سیادت ونجابت وعلو نسب وقرب
قرابت باپیغمبر وامثال ایں امور باایں فضل کہ متنازع فیہ است مماسی
ندارند —— مقدمہ یازدہم — فیما بین عثمان رض وعلی رض علمارا
اختلاف است کہ کدام یک افضل ست ودریں جا حصول قطع ما را ممکن
نیست زیراکہ فضائل ایں ہردو متقادم اند زیراکہ عثمان رض را در قرأت
بالاجماع افضلیت است وجمیع مردم را بر قرآن او نمودہ وعلی رض را
نسبت باو در فتاوے واجتہاد وروایت احادیث زیادت ست و
علی رض را مقامات عمدہ است از جہاد بدست وطعن وضرب وعثمان رض
را اعانت عظیمہ است در جہاد وتبذل مال وعثمان رض را احتیاط عظیم بود
در قتل مسلم وصبرے عظیم بود بر قتل خود ومشقت حصار وعلی رض را
فضیلتے ست عظیم در کف لسان از اعدا وتکلم بغیر کلمۃ الحق در حق

آنہا بالجملۃ فضائل چنیں باہم متعارض اند و در فضل اختصاصی کہ عبارت
از خیریت ست ہر دو شریک اند واللہ اعلم بحقیقۃ الحال و چوں ایں مقدمات
احدے عشر تمام شد خاتمہ کتاب تحفۂ اثنا عشریہ تمام شد

اردو ترجمہ

مترجمہ

مفتی محمد شفیع صاحب

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ٥

دیباچہ مترجم

زین العلم والعلماء منبع العلوم والفنون سراج الامۃ حضرت شاہ عبد العزیز دہلوی قدس اللہ سرہٗ کے نام نامی سے کوئی اہل علم ناواقف نہیں ہو سکتا۔ کہ آپ کے علمی اور تعلیمی احسانات سے امت کی گردنیں جھکی ہوئی ہیں آپ کی تصانیف میں تحفہ اثنا عشریہ مشہور و معروف تصنیف ہے جس میں حضرات صحابہؓ اور اہل بیت اطہار کے متعلق اہل سنت و جماعت کے عقیدہ کو قرآن و حدیث کے دلائل کے ساتھ واضح فرمایا اور اہل تشیع کے شبہات و اوہام کو نہایت تحقیق و توضیح کے ساتھ دفع فرمایا ہے۔ یہ کتاب لاجواب امت میں مقبولیت حاصل کر چکی ہے۔ اسی کتاب کے خاتمہ پر حضرت مصنف نے مسئلہ تفضیل کو ایک عجیب مفید انداز میں ایک مستقل رسالہ میں تحریر فرمایا جس کا نام "السر الجلیل فی مسئلۃ التفضیل" رکھ کر اس کو تحفہ اثنا عشریہ کا خاتمہ قرار دیا۔

اس رسالہ میں حضرت مصنف قدس سرہٗ نے اول تو اصولی طور پر یہ واضح فرمایا کہ کسی چیز کو کسی چیز پر یا کسی انسان کو کسی انسان پر فضیلت اور تفوق کن کن وجوہ سے ہو سکتا ہے۔

اس کے بعد ان اصول ترجیح و تفضیل کے معیار پر صحابہ کرامؓ کے

حالات کا موازنہ فرما کر اس بات کو نصف النہار کے آفتاب کی طرح واضح فرما دیا کہ تمام صحابۂ کرامؓ میں افضل ابوبکر صدیق رضؓ ہی ہو سکتے ہیں اور خلافت کی جو ترتیب عمل میں آئی اصول قرآن و سنت کی رو سے وہی ہونا چاہیئے تھی۔

اصل کتاب تحفہ اثناعشریہ کی طرح یہ رسالہ بھی فارسی زبان میں تھا آج سے تقریباً اٹھائیس سال پہلے ۱۳۴۹ھ میں میرے محترم دوست مولانا عتیق احمد صاحب صدیقی مرحوم مدیر قاسم العلوم دیوبند نے احقر سے فرمائش کی کہ اس کا ترجمہ اردو میں کر دیا جائے اسی وقت یہ ترجمہ اردو زبان میں لکھا گیا اور ماہنامہ قاسم العلوم دیوبند میں باقساط شائع ہوا۔ پھر مولانا موصوف نے اس کو مستقل کتابی صورت میں بھی شائع فرمایا۔ اور بحمد اللہ مقبول و مفید ہوا۔ مگر عرصہ دراز سے یہ رسالہ نایاب ہو چکا تھا۔ حال میں محترم محمد ایوب قادری صاحب نے پاک اکیڈمی کراچی ۱۸ سے شائع کرنے کا ارادہ کیا جزاہ اللہ خیر الجزاء و یوفقہ لما یحب و یرضی

بندہ۔ محمد شفیع۔ دارالعلوم کراچی ۱۴

۲۵ ربیع الاول ۱۳۸۳ھ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہ و نصلی علیٰ رسولہ الکریم و علی ذوی الفضل العظیم و صحبہ اولی الفخر الجسیم۔

اما بعد! جبکہ تحفہ اثنا عشریہ کے مسودہ کو صاف کر کے عنایات حق سبحانہٗ و تعالیٰ کی مدد سے فراغت حاصل ہوئی تو بعض دوستوں نے انتہائی اشتیاق و آرزو کے ساتھ فرمائش کی کہ مسئلہ تفضیل کی بھی ایک مناسب تفصیل کر دی جاوے تاکہ یہ مباحث جو آج کل نقل ہر مجلس اور مشغلہ ہر محفل بنے ہوئے ہیں ان میں کسی کو گفتگو کی مجال نہ رہے۔ اس بناء پر یہ مختصر رسالہ بطور عجالۃ الوقت کے لکھا گیا۔ کیوں کہ قاعدہ ہے کہ اگر کسی ضروری، کام کو آدمی پورا نہ کر سکے تو اس کو بالکل چھوڑ دینا بھی مناسب نہیں۔ اور نام اس رسالہ کا "السر الجلیل فی مسئلۃ التفضیل" رکھا گیا۔ وما توفیقی الا باللہ علیہ توکلت وھو حسبی ونعم الوکیل اور یہ رسالہ گیارہ مقدمات پر مشتمل ہے۔

مُقدمہ اُولیٰ

معلوم کرنا چاہیئے کہ فضیلت دو قسموں پر منقسم ہے۔

قسم اولیٰ:۔ ایک خصوصیت ہے منجانب اللہ کہ بغیر کسی سابق عمل اور بلا کسی خاص خدمت و عبادت کے حق تعالیٰ کسی چیز کو دوسری چیز پر فضیلت عطا فرما کر ترجیح دیتا ہے کیوں کہ وہ مالک ہے اپنی

مملوکات میں جس چیز کو چاہے زیادتی مرتبہ اور بلندی منصب کے ساتھ ممتاز فرمائے اور اس قسم کی فضیلت میں انتہائی عمومیت اور وسعت ہے کہ انسان و غیر انسان اور تمام حیوانات و نباتات اور جمادات کو بلکہ تمام جواہر و اعراض کو بھی شامل ہے۔

مثلاً فرشتوں کی یہ فضیلت کہ سب سے پہلے خلعت وجود ان کو عطا فرمایا گیا ہے اور مثلاً انبیاء علیہ السلام کی فضیلت کہ بغیر کسی سابق عمل اور بلا عبادات و ریاضات کے نزول وحی سے مشرف فرمائے گئے۔ اسی قسم میں سے ہے فضیلت آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے صاحبزادے ابراہیم کی تمام دنیا کے لڑکوں پر اور افضلیت حضرت صالح علیہ السلام کی ناقہ کی تمام عالم کے اونٹوں پر اور فضیلت اس دنبہ کی جو حضرت اسماعیل علیہ السلام کے فدیہ میں ذبح ہوا تھا۔ تمام عالم کی قربانیوں اور حج میں ذبح ہونے والی ہدایا پر اسی طرح حرمین محترمین کی فضیلت تمام دنیا کے شہروں پر۔ اور مساجد کی فضیلت تمام دوسری جگہوں پر اور حجر اسود کی فضیلت تمام دوسرے پتھروں پر اور ماہ رمضان کی فضیلت تمام دوسرے مہینوں پر ـــ اور روز جمعہ و عرفہ و عاشورہ کی فضیلت تمام سال کے دنوں پر۔ اور عشرۂ ذی الحجہ کی فضیلت باقی سب ایام پر ـــ اور شب قدر کی فضیلت دوسری راتوں پر۔ اور نماز فرض کی فضیلت نفل پر اور نماز عصر و فجر کی فضیلت دوسری نمازوں پر ـــ اور ارکان نماز میں سے سجدہ کی فضیلت قعدہ اور دیگر ارکان نماز پر۔ اور بعض اذکار کی فضیلت بعض پر ـــ

ان تمثیلات مذکورہ میں یہ بات واضح ہوگئی کہ اس قسم میں فضیلت محض قسمت اور تقدیر الٰہی پر موقوف ہے (اس میں افضل کے کسی عمل و فعل کو دخل نہیں) پھر اس قسم میں دو صورتیں ہیں۔ ایک یہ کہ وجہ فضیلت انسان کو بھی معلوم ہو جائے۔ مثلاً مسجد کی فضیلت دوسری جگہوں پر انسان کو بھی معلوم ہے کہ محل عبادت و مقام ذکر ہونے کی وجہ سے ہے۔ لیکن اس جگہ کو مسجد بنانے کے لئے خاص فرمانا یہ محض حق تعالیٰ کی عنایت پر ہے۔ اس تخصیص کی وجوہ کا احاطہ عقل انسانی نہیں کر سکتی۔ اور دوسری صورت یہ ہے کہ فضیلت کی کوئی وجہ انسان کی عقل میں نہیں آتی مثلاً حجر اسود کو دوسرے پتھروں پر اور مکان کعبہ کو دوسرے مکانات پر فضیلت ہونا (کہ عام عقل انسانی اس کی وجہ معلوم کرنے سے قاصر ہے)۔

نیز یہ فضیلت کبھی اصلی ہوتی ہے۔ جیسے حجر اسود کی فضیلت تمام دوسرے پتھروں پر اور کبھی تبعی اور طفیلی جیسے حضرت اسماعیل علیہ السلام کے فدیہ میں ذبح ہونے والے دنبہ کی فضیلت یا آں حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صاحبزادہ ابراہیم کی فضیلت خلاصہ یہ ہے کہ اس قسم اول (کی تمام صورتوں) میں (خواہ وجہ فضیلت معلوم انسانی ہو یا نہ ہو اور خواہ ... فضیلت اصلی ہو یا تبعی) بہر صورت مدار فضیلت محض حق سبحانہٗ و تعالیٰ کی تخصیص پر ہے ــــــــ اس میں کسی کے عمل اور کوشش کو دخل نہیں

فضیلت کی قسم دوم

دوسری قسم فضیلت جزئی ہے جو عمل کے مقابلہ میں عطا ہوتی ہے اور یہ قسم فضیلت بہ نسبت قسم اول کے ایک گونہ خصوصیت رکھتی ہے کہ اہل عمل کے سوا کسی کو نہیں دی جاتی اور اہل عمل کی تین جماعتیں ہیں ۔ ملائکہ اور جنات اور انسان ۔ لیکن انجام کار اس فضیلت کی انتہا بھی اسی فضل اختصاصی (یعنی قسم اول پر ہوتی ہے) جیسا کہ عنقریب واضح ہو جائے گا! اور اس قسم میں اکثر اختلاف و نزاع واقع ہو جاتا ہے ۔ بخلاف قسم اول یعنی فضیلت اختصاصی کے کہ وہاں محض حضرت شارع علیہ السلام کا ارشاد کافی ہو جاتا ہے

نیز اس جگہ یہ بھی سمجھنا چاہیئے کہ تمام صحابہ کرام کو ایک قسم کی اختصاصی فضیلت ثابت ہے کہ (ان حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے) اللہ تعالےٰ نے میرے لئے صحابی اور رشتہ دار اور مددگار منتخب فرمائے اور ازواج مطہرات اور حضور کی صاحبزادیوں کو بھی یہ اختصاصی فضیلت حاصل ہے جیسا کہ ظاہر ہے لیکن گفتگو اس میں ہوتی ہے کہ حضرات صحابہ اور ازواج مطہرات اور بنات مکرمات میں سے آپس میں جو کسی کو کسی پر فضیلت ہے یہ کس قسم میں داخل ہے ۔ اور ظاہر بعض احادیث سے یہ ہے کہ یہ سب قسم اول یعنی اختصاصی فضیلت ہے ۔ لیکن احادیث پر گہری نظر ڈالنے سے اور اکثر آیات قرآنیہ میں غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ (قسم دوم) یعنی فضیلت جزئی میں داخل ہے ۔ البتہ قریب

خلافت میں بعض خلفاء کی بعض پر تقدیم کو اگر فضیلت اختصاصی پر محمول کیا جائے تو زیادہ مناسب ہے جیسا کہ حضرت عائشہ رض کی اس حدیث سے ظاہر ہے آں حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بجز ابوبکر صدیق رض کے اور کسی کو مقدم نہ ہونے دیا۔ نیز اس قسم کی اور بھی روایات اسی فضیلت اختصاصی پر دلیل ہے۔

مقدمہ ثانیہ

فضیلت جزئی کی سات قسمیں فضیلت جزئیہ جو عمل کے مقابلہ میں ہوتی ہے۔ اُس کی بھی چند قسمیں ہیں، اب اس کی اقسام میں غور کرنا چاہیئے اور محل نزاع میں اس قسم کو جاری کرنا چاہیئے جس کا اعتبار کرنا اس جگہ زیادہ مناسب اور اقرب ہے۔ تاکہ فضیلت جزئیہ کا مصداق متعین ہو جائے اور جھگڑا ختم ہو۔ پس اول جاننا چاہیئے کہ ہر ایک عمل کو دوسرے عمل پر سات وجہ سے فضیلت ہو سکتی ہے۔ ان سات طریقوں کے سوا کوئی اور صورت مدار فضیلت نہیں ہو سکتی۔

درجہ اوّل ۔ خود عمل کی ماہیت یعنی اس کی صورت نوعیہ یا وصفیہ جیسے نماز فرض کی فضیلت نماز نفل پر اور اس کی چند صورتیں ہیں۔ اول یہ کہ ایک شخص ہو جو تمام فرائض کو ادا کرتا ہے اور دوسرا آدمی بعض فرائض کو ادا کرتا ہے اور بعض کو ترک کرتا ہے اور نوافل ادا کرتا ہے یا دونوں تمام فرائض کو ادا کرتے ہیں اور نوافل

زائد بھی بجا لاتے ہیں لیکن ایک کے نوافل دوسرے کے نوافل بزرگی اور فضیلت میں زائد ہوں۔ یا ایک شخص ایسا ہو جو نماز کے اندر ذکرِ الٰہی تلاوت وتسبیحات وغیرہ زیادہ کرتا ہے اور دوسرا آدمی خارج نماز بہت ذکر کرتا ہے یا دو شخص ایسے ہوں کہ ان میں سے ایک تو میدان جنگ میں کفار سے بہت جہاد کرتا ہے اور خطرہ کے مواقع میں گھس جاتا ہے۔ اور دوسرا آدمی لڑنے والے مجاہدین کی مدد اور دائیں بائیں سے دشمنوں کو دفع کرنے میں بہت کوشش کرتا ہے۔ یا ایک شخص جہاد کرتا ہے اور دوسرا نماز روزہ میں زیادہ مشغول رہتا ہے۔ یا دونوں کوشش پوری کرتے ہیں ہیں۔ لیکن ایک کو بہ نسبت دوسرے کے حق اور مقصد تک زیادہ رسائی ہو جاتی ہے۔ اور خلاصہ اس وجہ کا یہ ہے کہ ایک عمل اپنی ذات میں دوسرے عمل سے افضل ہو۔

وجہ دوم:۔ نیت عمل کی غرض اور علت: جس کو عرف شریعت میں نیت کہتے ہیں۔ مثلاً ایک شخص نے اپنے عمل میں محض رضائے الٰہی کا قصد کیا ہے، اور کسی چیز کو اس کے ساتھ مخلوط نہیں کرتا اور دوسرا آدمی اگرچہ عمل میں اس کے برابر ہے۔ مگر رضائے الٰہی کے قصد میں کسی قدر کمی اور کوتاہی کرتا ہے اور دنیاوی منافع و مصالح کی نیت کو بھی اس کے ساتھ خلط کرتا ہے۔

وجہ سوم:۔ کیفیت عمل مثلاً ایک شخص ہر عمل کو اس کے تمام آداب و سنت اور حقوق کی رعایت کر کے ادا کرتا ہے اور دوسرا آدمی

بعض آداب و سنن کو چھوڑ دیتا ہے اگرچہ عمل کو بالکل باطل نہیں کرتا۔ یا ایک آدمی ایسا ہو کہ اس کا عمل کبیرہ گناہوں میں مبتلا ہونے سے اور صغیرہ گناہوں پر اصرار کرنے سے بے لوث اور پاک ہو۔ اور دوسرا آدمی با وجود طاعت و عبادت کے کبیرہ یا صغیرہ گناہوں میں بھی مبتلا ہوتا ہے۔ اور اسی طرح سے حضور قلب کے ساتھ عبادت کرنے اور بے توجہی کے ساتھ عبادت کرنے میں فرق اور ذکر و تلاوت کو وضو کے ساتھ ادا کرنے اور بلا وضو کے ادا کرنے کا فرق بھی اسی قسم میں داخل ہے۔

وجہ چہارم۔ کمیت عمل مثلاً دو شخص ادائے فرائض میں برابر ہیں لیکن ایک کے نوافل دوسرے سے بڑھے ہوئے ہیں۔ جیسا کہ صحیح حدیث میں روایت ہے کہ صحابہ میں، سے دو شخص ایک ہی وقت میں اسلام لائے اور دونوں نے ہجرت کی پھر ایک ان میں سے شہید ہو گئے اور دوسرے زندہ رہے اس کے بعد بعض لوگوں نے کہا کہ یہ جو شہید ہو گئے دوسرے سے افضل ہیں۔ آں حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ شہید کے بعد زندہ رہنے والے کی نمازیں اور روزے کہاں چلے جاویں گے۔ غرض یہ تھی کہ اگر ایک قسم کی فضیلت بوجہ شہادت کے ایک شہید کو نصیب ہوئی تو دوسری قسم کی فضیلت بوجہ کثرت نماز روزے کے دوسرے شخص کو حاصل ہے اس لئے کسی کو یہ فیصلہ کرنے کا حق حاصل نہیں ہے کہ شہید کو شہید سے افضل کہے۔

وجہ پنجم — زمان عمل پس جو شخص ابتدائے اسلام میں یا ایام قحط

میں یا کسی ایسے وقت میں جب کہ مسلمانوں پر کوئی خاص حادثہ ہوا ہو۔ کوئی عمل اور عبادت کرے یا جہاد اور صدقہ خیرات وغیرہ کرے تو (ظاہر ہے) کہ یہ اس شخص سے افضل اور بہتر ہے جو اسلام کے قوی ہونے اور اس سے مستغنی ہو جانے کے بعد عمل کرے جیسا کہ حدیث صحیح میں وارد ہے کہ آں حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرات صحابہؓ کی فضیلت کے متعلق ارشاد فرمایا ہے کہ اگر تم لوگ اُحد پہاڑ کی برابر سونا بھی اللہ کے راستہ میں خرچ کر دو تو حضرات صحابہ رضؓ کے ایک مدّ (تقریباً آدھ سیر) کی بلکہ نصف مدّ (پاؤ سیر) کی برابر بھی نہیں ہوسکتا۔ اور حق تعالےٰ کا ارشاد ہے لا یستوی منکم من انفق من قبل الفتح واولئك اعظم درجة من الذین انفقوا من بعد وقاتلوا یعنی فتح مکہ سے پہلے اللہ کے راستہ میں خرچ کرنے والے اور جہاد کرنے والے اللہ تعالےٰ کے نزدیک بہ نسبت ان لوگوں کے افضل و اعلیٰ ہیں جنھوں نے فتح مکہ کے بعد فی سبیل اللہ خرچ کیا اور جہاد کیا، اور اسی طرح فقر و احتیاج اور تندرستی کی حالت میں ایک درہم کا حق تعالےٰ کے راستہ میں خرچ کرنا اس سے افضل ہے کہ غناء و ثروت کے وقت اس سے بہت زائد خرچ کرے یا موت کے وقت صدقہ و خیرات کی وصیت کرے۔ اسی طرح جو فرائض کہ خوف اور مرض اور سفر اور مشقت اور قلّت فرصت اور اجتماع موانع کی حالت میں ادا کئے جائیں وہ ان فرائض سے افضل ہیں جو دوسرے اوقات میں یا اطمینان کی حالت میں

ادا کیئے جائیں۔ اسی طرح موت کے وقت آخر میں شغل عبادت بہ نسبت اول عمر کے بہتر و افضل ہے اور رمضان المبارک میں عمرہ کرنا حج کی برابر ثواب رکھتا ہے۔ اور جو شخص رمضان میں کوئی نفلی عبادت کرے اس کا ثواب ایسا ہوتا ہے جیسے غیر رمضان میں فرض ادا کرنے کا ثواب ہے اور جو شخص رمضان میں فرض ادا کرے تو اس کا اجر ایسا ہوتا ہے جیسے غیر رمضان میں ستر فرض ادا کرنے کا ثواب ہوتا ہے اور رمضان کے بعد سب سے زیادہ افضل روزے ماہ محرّم کے روزے ہیں۔ نیز اشہر حرم میں تمام عبادات کا ثواب زیادہ ہو جاتا ہے ——— (اشہر حرم ذی قعدہ و ذی الحجہ اور محرم اور رجب ہیں ان مہینوں میں عبادات کے مخصوص فضائل وارد ہیں ما ثبت بالسنۃ میں حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی نے ان کو بتفصیل جمع فرما دیا ہے)۔

وجہ ششم۔ مکان عمل مثلاً جو نماز مسجد حرام یا مسجد نبوی میں ادا کی جاوے وہ دوسری جگہوں کی ہزار نمازوں سے افضل ہے۔ اور دار الحرب میں جہاد کے موقع پر روزہ رکھنا بہ نسبت دوسرے مواضع کے زیادہ افضل ہے۔ حدیث میں ہے۔ مَنْ صَامَ یَوْمًا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ حَرَّمَ اللّٰہُ عَلَی النَّارِ۔

وجہ ہفتم۔ اضافہ بامور خارجہ (یعنی نفس عمل کے علاوہ خارج سے کوئی سبب ایسا مل جاوے جس کی وجہ سے ایک عمل دوسرے سے بڑھ جائے۔ مثلاً فاعل کی وجہ سے یا شریک عمل اور

مقارن کی وجہ سے کوئی عمل دوسرے سے افضل ہو جائے۔ مثلاً نبی کی ایک رکعت اور اسی طرح نبی و رسول کے ساتھ نماز پڑھنے والے کی ایک رکعت بہ نسبت دوسروں کی رکعت کے افضل و اولیٰ ہے۔

اسی واسطے صدقہ اور روزے اور جہاد جو خود آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عمل میں آیا یا صحابہؓ نے آپ کے ساتھ کیا وہ دوسرے صدقات و صیام اور جہاد سے ہزاروں درجہ افضل و اولیٰ ہے اسی وجہ سے حضرات صحابہؓ اپنے ان اعمال کو جو آں حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد کئے تھے۔ اپنے ان اعمال کی برابر نہ سمجھتے تھے جو کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ساتھ بجا لاتے تھے۔ اور حدیث شریف میں ہے کہ رمضان المبارک میں عمرہ کرنا اس حج کی برابر ہے جو میرے ساتھ کیا جاوے اور قرآن مجید میں بجا بجا اس کی طرف اشارات موجود ہیں۔ قال اللہ تعالیٰ

لکن الرسول والذین امنوا معہ جاھدوا باموالھم و انفسھم اولئک لھم الخیرات واولئک ھم المفلحون ۰

ترجمہ! لیکن رسول اور وہ لوگ جو اُن کے ساتھ ایمان لائے اور اپنی جان و مال کے ساتھ جہاد کیا انہیں کے لئے تمام بھلائیاں ہیں اور وہی کامیاب ہونے والے ہیں۔

اسی سے ابو ہاشم جبائی کے قول کا بطلان واضح ہو گیا۔ وہ اس بات کو جائز کہتا ہے کہ اگر کسی شخص کی عمر طویل ہو تو اس کے اعمال

اس حد تک پہنچ جائیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اعمال کے برابر ہو جائیں ۔ نیز یہ بھی ظاہر ہو گیا کہ (صحابہ میں) انس بن مالک ابو امامہ باہلی رضا اور عبداللہ رضا ابن بشیر اور عبداللہ بن الحارث اور سہل بن سعد ساعدی اور جابر ابن عبداللہ (رضی اللہ تعالیٰ عنہم) جنھوں نے طویل عمریں پائی ہیں اور بہت سے اعمال صالحہ کئے ہیں، وہ حضرات ذیل سے ہرگز افضل نہیں ہو سکتے ۔ یعنی ابوبکر صدیق اور عمر فاروق اور عثمان غنی رضا اور علی رضا مرتضیٰ، ابو عبیدہ رضا، زید بن حارثہ، جعفر ابن ابی طالب رضا، مصعب بن عمیر رضا عبداللہ بن جحش، سعد بن معاذ، عثمان بن مظعون (رضی اللہ عنہم) حالانکہ پہلے طبقہ کے بعض حضرات ان حضرات کی وفات کے بعد تقریباً اسی نوے سال تک عبادات و اعمال صالحہ بجا لاتے رہے ہیں ۔ اسی وجہ سے ہم یقین کرتے ہیں کہ صحابہ کرام میں سے جو شخص آں حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وفات کے وقت دوسروں سے افضل تھا ۔ تو (بعد وفات نبوی) ہرگز دوسرے آدمی اس کے درجہ کو نہیں پہنچ سکتے ۔

مقدمہ سوم

فضیلت کی دو قسموں کے دو نتیجے

فضیلت خواہ اختصاصی ہو جو بغیر کسی عمل کے حاصل ہوتی ہے یا جزئی ہو جو عمل کے صلہ میں ملتی ہے ان دونوں قسموں کا نتیجہ دو چیزیں ہوا ۔

اوّل یہ کہ حق تعالیٰ دنیا میں مفضول پر افضل کی تعظیم و تکریم
واجب کر دیتا ہے اور اس بارہ میں افضل کے تمام انواع شامل
ہیں خواہ کعبہ اور مسجد اور روز جمعہ اور ماہِ رمضان اور ناقہ صالح ؑ
وغیرہ ہوں جو جمادات و حیوانات اور اعراض میں سے ہیں اور خواہ
انبیاؑ اور ملائکہ اور صحابہ اور ازواج مطہرات اور اولادِ انبیاؑ
وغیرہ ہوں ۔

دوسرے : یہ کہ حق تعالیٰ افضل کے لئے تقرب خاص
اور جنّت کے اعلیٰ درجے مقرر فرماتا ہے جو مفضول کو نہیں ملتے اور
یہ اس لئے ضروری ہے کہ اگر ایسا نہ ہو تو پھر فضیلت کے کوئی معنی
ہی باقی نہیں رہتے ۔

اور فضیلت کا یہ نتیجہ فقط جنات اور انسان کے ساتھ مخصوص
ہے ان کے سوا دوسری چیزوں کو میسر نہیں اور اس وجہ سے جن
وانس کے علاوہ کسی میں جزئی فضیلت متحقق نہیں ہوتی ۔ اور اس
جگہ یہ بھی معلوم ہوگیا کہ دخول جنت بھی کبھی محض اختصاصی طور پر
بغیر کسی عمل کے ہوتا ہے جیسے عام مومنین اور انبیاء علیہم السلام کے بچے

مقدمہ چہارم

افضل کی تعظیم و تکریم

جس شخص یا جس چیز کی تعظیم و تکریم کا شریعت نے ہمیں حکم فرمایا ہے

وہ صاحب فضیلت ہے۔

ایک شبہ اور اس کا جواب اس مقدمہ میں ایک خدشہ دل میں آتا ہے کہ ماں باپ اگر کافر ہوں تو شرعاً ان کی بھی تعظیم و تکریم اور ان کے ساتھ حسن سلوک اور ان کے آگے عاجزی کرنا واجب ہے حالانکہ وہ کوئی فضیلت نہیں رکھتے۔

جواب :۔ اس کا یہ ہے کہ یہ تعظیم و تکریم جو ان کے حق میں واجب ہے شرعی تعظیم نہیں بلکہ ایک قسم کا احسان اور حسن سلوک ہے اور احسان و مروت کو تعظیم نہیں کہہ سکتے اسی طرح کسی کے سامنے عاجزی ظاہر کرنا بھی مطلقاً اس کی تعظیم نہیں کیونکہ انسان کبھی اس شخص کے سامنے بھی عاجزی کرتا ہے۔ جس سے ضرر کا اندیشہ ہو۔

اور کافر ماں باپ کی تعظیم شریعت میں کیسے واجب ہو سکتی ہے جبکہ ان سے علیحدگی اور بیزاری بھی شرعاً واجب ہے حق تعالیٰ کا ارشاد ہے۔ لَا تَجِدُ قَوْمًا يُّؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ (الآیۃ) وَاِذْ قَالُوْا لِقَوْمِهِمْ اِنَّا بُرَآءُ مِنْكُمْ وَمِمَّا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۔ (الآیۃ)

بلکہ تعظیم شرعی یہ ہے کہ حب فی اللہ اور دلی محبت و دوستی پر مبنی ہو اور ایسی تعظیم اہل فضیلت کے سوا کسی کے لئے شریعت میں وارد نہیں ہوئی جیسا کہ احکام شرعیہ کی تفتیش سے واضح ہے

مقدمہ پنجم

ازواج مطہرات کا مستحق تعظیم ہونا

یقین کے ساتھ معلوم ہے کہ خدائے تعالیٰ کی تعظیم کے بعد شرع شریف میں انبیاء علیہم السلام کی اس قدر تعظیم ضروری اور واجب ہے۔ کہ دوسروں کی ایسی تعظیم نہیں ہو سکتی اور بجز انبیا علیہم السلام کے کوئی اور شخص اس تعظیم کا حقدار نہیں۔ اسی طرح، انبیا علیہم السلام کے بعد آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ازواج مطہرات کا استحقاق تعظیم نص قرآنی سے اس درجہ ثابت ہے کہ ہرگز ہرگز دوسروں کے لئے یہ استحقاق ثابت نہیں تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

اَلنَّبِیُّ اَوْلٰی بِالْمُؤْمِنِیْنَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ وَاَزْوَاجُهٗۤ اُمَّهٰتُهُمْ

پس سرور عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی فضیلت صحبت ازواج مطہرات کے حق میں اکثر صحابہؓ سے زیادہ متحقق اور ثابت ہے کیونکہ ان کی صحبت بہ نسبت عام صحابہ کی صحبت کے ایک رتبہ اعلیٰ رکھتی ہے اور فضیلت صحبت کے ساتھ امت کے لئے دینی والدہ ہونے کا رشتہ بھی ان کی تعظیم کا سبب ہو گیا۔

مقدمہ ششم

جب کسی کی فضیلت کے متعلق گفتگو آئے تو مطلقاً یہ سوال نہ کرنا چاہیئے

کہ کون افضل ہے کیونکہ تفاضل (یعنی بعض کا بعض سے افضل ہونا) صرف انہیں دو چیزوں میں واقع ہوسکتا ہے جن کی فضیلت ایک ہی جہت سے ہو اور اس جہت میں باہم کمی زیادتی ہو۔ اگر ان کی فضیلت دو مختلف جہتوں سے ہو تو ان میں تفاضل متحقق نہیں ہوسکتا، کیونکہ جب ہم یہ کہیں کہ ان دونوں میں سے وصفِ مشترک کس میں زیادہ ہے تو اس کے جواب میں یہ نہیں کہہ سکتے کہ رمضان المبارک بہتر ہے۔

یا ناقہ صالح علیہ السلام اور کعبہ بہتر ہے یا نماز البتہ یوں کہہ سکتے ہیں کہ مکہ مکرمہ بہتر ہے یا مدینہ طیبہ اور رمضان بہتر ہے یا ذی الحجہ اور نماز بہتر ہے یا زکوٰۃ اور ناقہ صالح علیہ السلام بہتر ہے یا آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ناقہ عضباء۔

۔ اس تحقیق سے واضح ہوگیا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صاحبزادہ ابراہیم رضی اللہ عنہ کی فضیلت حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ پر کوئی معنی نہیں رکھتی۔ کیونکہ حضرت ابراہیم رضی اللہ عنہ کی فضیلت کسی عمل پر مبنی نہیں بلکہ محض اختصاصی ہے۔

مقدمہ ہفتم

جنت میں درجہ کا بلند ہونا کبھی کسی کے اتباع میں ہوتا ہے جیسے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی چھوٹی اولاد کی بلندی درجہ کہ آپ کے

تبعیت کی وجہ سے ہے اور یہ بلندی درجہ اس فضیلت پر دلالت نہیں کرتی جو فضیلت جزئی کی قسم سے ہے۔

اور کبھی فضیلت اصالۃً (یعنی باستقلال) اس شخص کے عمل کے مقابلہ میں ہوتی ہے اور یہ بلندئ درجہ از قسم فضیلت جزئی افضلیت پر دلالت کرتی ہے۔

اسی طرح جنت میں داخل ہونے اور حوض کوثر پر پانی پینے کے لئے آنے اور شفاعت یا حساب وغیرہ میں کسی کا دوسروں سے مقدم ہونا یہ بھی دو قسم پر ہے ایک قسم فضیلت جزئی کی معنیٰ میں افضلیت پر دلالت کرتی ہے اور دوسری قسم یہ دلالت نہیں کرتی۔

جیسے ان امور مذکورہ میں امت محمدیہ کا انبیاء علیہ السلام سے پہلے ہونا حق تعالےٰ کا ارشاد ہے :۔

هُمْ وَاَزْوَاجُهُمْ فِىْ ظِلَالٍ عَلَى الْاَرَآئِكِ مُتَّكِئُوْنَ ؕ

وہ لوگ اور بیبیاں جنت کے سایہ میں تختوں پر تکیہ لگائے ہوئے ہیں۔ اور ارشاد ہے :۔

اَلْحَقْنَا بِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ ـ

ہم نے اُن کی ساتھ ان کی اولاد کو بھی ملحق کر دیا

مقدمہ ہشتم

سیادت (یعنی سرداری) اور چیز ہے اور فضیلت اور چیز گیونکہ ریاست

اس شخص کے شرف و بزرگی پر دلالت کرتی ہے پس آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اولاد اس بزرگی کی وجہ سے جو ان کو حاصل ہے سادات ہیں۔ اور فضیلت جزئی عمل پر موقوف ہے۔

اسی طرح امارت فضیلت پر موقوف نہیں۔ اس دلیل سے کہ حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ اپنی امارت و خلافت کی حالت میں اس کے مامور تھے کہ عمرو بن العاص رض کی اطاعت کریں اور اس جگہ یہ بھی معلوم ہو گیا کہ کسی شخص کی اطاعت کا کسی پر واجب ہونا اس کی دلیل نہیں کہ جس کی اطاعت واجب ہے وہ وہ اطاعت کرنے والوں سے افضل ہے۔

مقدمہ نہم

جب فضیلت کی ساتوں وجوہ مذکورہ میں تعارض واقع ہو جائے تو آیات قرآنیہ اور احادیث سے متعین کر لینا چاہیئے کہ ان میں سب سے زیادہ اعتبار و اہتمام کے لائق کون ہے پس شریعت سے بہ یقین ثابت ہے کہ کمیت عمل کا بمقابلہ کیفیت کے اتنا زیادہ اعتبار نہیں۔ نیز کیفیت و کمیت کا بمقابلہ زمان عمل کے چنداں اعتبار نہیں کیونکہ حق تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

لَا يَسْتَوِي مِنكُم مَّنْ أَنفَقَ مِن قَبْلِ الْفَتْحِ وَقَاتَلَ

تم میں سے جن لوگوں نے فتح مکہ سے پہلے خدا کے راستہ میں خرچ کیا اور جہاد کیا

وہ دوسروں کے برابر ہوں گے۔

اور احادیث صحیحہ سے اتنی بات بوضاحت ثابت ہے کہ صحابہ رض کرام کا جو عمل آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے اور آپ کے ساتھ واقع ہوا ہے کوئی دوسرا عمل اس کے برابر نہیں ہو سکتا، پس جس عمل میں صحابہ کرام آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ شریک ہو جائیں تو کوئی عمل اس کے ساتھ برابر نہیں ہو سکتا۔ کیونکہ جماعت شرکت کی وجہ سے اس میں ایک نور وحدانیہ پیدا ہو جاتا ہے جیسے مرکب دواؤں میں ایک کیفیت وحدانیہ مزاج کی پیدا ہو جاتی ہے کہ مرکب کے ہر ہر جزو میں ایک تشابہ پیدا ہو جاتا ہے اور اسی لئے جماعت شروع کی گئی ہے اور اس اعتبار سے حضرات صحابہ کو تمام امت پر فضیلت جزئیہ ثابت ہے اور پھر صحابہ کرام میں حسب تصریح آیت کریمہ :۔

لَا يَسْتَوِي مِنكُمْ سبقت اور تقدم کا اعتبار کرنا ہوگا :۔

(یعنی جو حضرات صحابہ پہلے ایمان لائے ہیں وہ دوسروں سے افضل ہونگے کیونکہ جس قدر تقدم اور سبقت زیادہ ہے اسی قدر اسلام کو تائید و تقویت کی حاجت زیادہ ہے، چنانچہ حدیث ذیل اس پر دلالت کرتی ہے جو آپ نے حضرت صدیق اکبر رض اور دوسرے صحابہ کے حق میں فرمائی ہے فقال صدقت وقلتم کذبت

انہوں نے اول ہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے متعلق کہا کہ آپ نے سچ فرمایا اور تم سبھوں نے اس وقت) میری تکذیب کی۔

پس اس اعتبار سے وہ لوگ جو ہجرت سے پہلے اعمال اسلامی پر کاربند ہو گئے ان لوگوں سے افضل ہوں گے جو بعد میں ان اعمال کے پابند ہوئے مثلاً حضرت ابوبکر، عثمان، علی و حمزہ، جعفر، عثمان، بن مظعون، طلحہ، زبیر، مصعب، ابن عمیر، عبدالرحمن ابن عوف عبداللہ بن مسعود، سعید ابن زید، زید بن حارثہ، ابو عبیدہ، بلال، سعد، عمار بن یاسر، ابو سلمہ بن الاسد عبداللہ بن جحش وغیرہم رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین جو بالکل ابتداء اسلام میں مشرف باسلام ہوئے دوسروں سے زیادہ افضل ہوں گے ان کے بعد وہ حضرات جنہوں نے ہجرت سے پہلے بیعت عقبہ میں پہلی مرتبہ شرکت کی اور پھر وہ حضرات جو عقبہ ثانیہ میں بیعت کے ساتھ مشرف ہوئے پھر وہ لوگ جو غزوہ بدر میں شریک ہوئے پھر وہ جو ان کے بعد کے غزوات میں شریک ہوئے سنوار ترتیب کے موافق ایک دوسرے سے افضل ہوں گے یہاں تک کہ صلح حدیبیہ تک نوبت پہنچ جائے کیونکہ ان حضرات پر سکینت کا نازل ہونا اور ان کے قلوب کا پاک صاف ہونا نص قرانی میں منصوص ہے

قال اللہ تعالیٰ فَاَنْزَلَ السَّکِیْنَۃَ اِلیٰ اٰخر۔ الآیۃ)

لیکن ان غزوات مشہورہ کے بعد کوئی غزوہ ایسا نہیں جس کی شرکت کو نضیلت کا معیار و مدار کہہ سکیں کیونکہ بعد کے تمام غزوات و جہاد میں منافقین بھی شریک ہوئے ہیں۔ حق تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

وممن حولکم من الاعراب منافقون ومن اھل المدینۃ

مردوا علی النفاق۔

اور بعض تمہارے گردو نواح کے اعراب منافق ہیں اور۔۔۔۔۔۔۔۔

بعض اہل مدینہ بھی اپنے نفاق پر اڑے ہوئے ہیں۔

نتیجہ :- اس تمام تقریر کے بعد ہم اس مقصد پر آگئے کہ ان تمام حضرات صحابہؓ میں سب سے زیادہ افضل کون ہیں اور یہی بات اصل میں محل نزاع اور اس سارے رسالہ کا مقصود بالذات ہے۔ کیونکہ کلام خلفاء اربعہ میں ہے اور یہ سب کے سب اتنی بات میں تو شریک ہیں کہ قدیم الایمان اور دوسرے اکثر صحابہ سے سابق و مقدم ہیں۔

مقدمہ پنجم

افضل کو متعین کرنے کے دو طریق ہیں۔ اول حضرت شارع علیہ السلام کی جانب سے کوئی تصریح۔ دوم۔ احوال و اعمال کی تفتیش و تلاش۔ لوگ کہتے ہیں کہ پہلا طریق اس جگہ مخدوش ہے کیونکہ نصوص احادیث میں تعارض ہے ہم کہتے ہیں کہ تعارض اس وقت واقع ہوتا ہے جب ایک ہی لفظ دو شخصوں کے بارے میں وارد ہوا ہو اور وہ دونوں کی افضلیت پر دلالت کرتا ہو لیکن تحقیق سے ثابت ہوتا ہے کہ واقعہ ایسا نہیں ہے۔

بلکہ لفظ اصل و خیر حضرت ابوبکرؓ و عمر رضی اللہ عنہما کے حق میں وارد ہوا ہے اور لفظ سرداری اور محبوبیت و شرافت حضرت علی مرتضیٰ اور

فاطمہ و عائشہ رضی اللہ عنہم کے بارے میں وارد ہوئے ہیں اور
پہلے گذر چکا ہے کہ لفظ سرداری و محبوبیت و شرافت فضیلت
جزئی پر دلالت کرتے ہیں۔ اس لئے درحقیقت دونوں قسم کی روایات
میں کوئی تعارض نہ رہا۔

اعمال کے اعتبار سے افضل و مفضول
کی تحقیق اور حضرت ابوبکر صدیقؓ کا سب سے افضل ہونا

لیکن دوسرا طریقہ کہ احوال و اعمال کی تحقیق ہے سو اس سلسلہ میں
ایک بڑا عمل جہاد ہے۔ اگر یہ کہا جائے کہ حضرت علی مرتضٰی رضؓ
حضرت صدیق اکبر رضؓ اور فاروق اعظم رضؓ سے عمل جہاد میں افضل ہیں تو جواب
دیا جائے گا۔ کہ جہاد کی تین قسمیں ہیں اوّل جہادِ زبانی جو تبلیغ اسلام
اور تعلیم شرائع اور وعظ و نصیحت اور ترغیب و ترہیب کے ذریعہ حاصل ہوتا
ہے دوسرے جہاد ابتدا جنگ سے پہلے بذریعہ رائے و تدبیر اور مخالفین
کہ ہر شخص اپنے کفو کی طرف اٹھ چلے اور آپ حضرت عثمان رضؓ کی طرف چلے اور ان سے معانقہ کیا اور حضرت طلحہؓ سے فرمایا کہ ہر نبی کا جنت میں اس کی امت میں سے ایک رفیق ہوگا اور میرا رفیق جنت میں عثمان غنیؓ اشراف قریش میں سے ہیں ان کی نانی بیضا بنت حضرت عبد المطلب ہیں جو آپ کے پھوپی بھائی ہیں۔ (نظام الدین کیرانوی)

زبان اور دل پر کر دیا۔ اس کو ترمذی اور احمد نے روایت کیا ہے اور اسی کے مطابق چھبیس[۲] احکام شرعیہ ہیں جن میں آپ کی رائے وحی کے مطابق ہوئی۔ منجملہ ان کے چند آیات ہیں جیسے آیۃ[۲] فدا و حجاب اور مقام ابراہیم کو مصلیٰ بنانا وغیرہ یہ سب باتیں حضرت عمرؓ کے قول کے موافق نازل ہوئیں کتب احادیث میں اس کی توضیح ہے۔ عُثْمَانُ اَحْیٰ اُمَّتِیْ وَاَکْرَمُہَا۔ رواہ ابو نعیم عثمان میری اُمت میں سب سے زیادہ حیادار اور سخی ہیں اس کو ابو نعیم نے

---

[۱] بعض روایت میں "جعل" کی جگہ "وضع" آیا ہے یعنی "وضع الحق" اور ترمذی میں یہ روایت ابن عمرؓ سے مروی ہے ابوداؤد اور حاکم، ابوذرؓ سے روایت کرتے ہیں اور ابو عمر استیعاب (کتاب کا نام ہے) میں اور بیہقی دلائل النبوت میں حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے روایت کرتے ہیں "کنا لا نبعد ان السکینۃ علی لسان عمر" حضرت علی کرم اللہ وجہہ فرماتے ہیں کہ ہم اس بات کو کچھ بعید نہیں سمجھا کرتے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی زبان پر امر غیبی بول رہا ہے یعنی ہمارے خیال میں یہ بات گذرتی تھی کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی زبان لسان الغیب کی ترجمان ہے۔

[۲] قصہ یہ ہوا کہ جب جنگ بدر سے مشرکین پکڑے آئے تو اس میں مشورہ ہوا کہ ان کو قتل کیا جائے یا فدیہ لے کر چھوڑ دیا جائے۔ اول ابوبکر صدیقؓ سے رائے لی گئی ان کی رائے فدیہ لینے کی ہوئی اور قتل مناسب نہ سمجھا گیا اور حضرت عمر و حضرت سعدؓ کی رائے قتل کی طرف مائل ہوئی کیونکہ ان میں بہادر لوگ گرفتار ہو کر آئے تھے فدیہ لیکر چھوڑ دینا ان کا ذہن مصلحت نہ ہوا۔ آپس میں اسی طرح رائیں مختلف ہوئیں اور جبریلؑ اختیار دے گئے جو چاہو کرو حضرت رسالتمآبؐ نے حضرت ابوبکرؓ کی رائے سے اتفاق کیا اور فدیہ لیکر چھوڑ دیا۔ اب شبہ یہ ہوتا ہے کہ جب منجانب اللہ خیار دے دیا گیا کہ جو چاہو کرو عتاب کیوں نازل ہوا۔ اس کا جواب یہ ہوا کہ خیار کبھی اباحۃً ہوتا ہے اور ابتلا اور آزمائش کے وقت خیار کی صورت پیدا ہو جاتی ہے۔ یہ خیار اسی قسم کا تھا۔ یعنی ابتلا کے طور پر تھا مگر چونکہ مسلمانوں کو تنگی پیش آ رہی تھی اس لئے آپ نے فدیہ اختیار فرمایا اور ابتلا کا

روایت کیا۔

بقیہ حاشیہ صفحہ ۸۵

خطرہ قلب مبارک میں نہ گذرا۔ حالانکہ حضرت عمرؓ کی رائے عنداللہ محبوب تھی کہ دین میں سخت ہونا چاہیئے ان کا قتل ہی بہتر ہے۔ ۔ؔ بخاری و مسلم میں حضرت عمرؓ سے مروی ہے کہ قال وافقت ربی فی ثلث فی مقام ابراہیم وفی الحجاب وفی اساری بدر یعنی میری رائے تین باتوں میں میرے رب کے موافق ہی مقام ابراہیم کے مصلے بنانے میں اور حجاب کے بارے میں، اور بدر کے قیدیوں کی نسبت۔ بدر کے قیدیوں کا حال گذر چکا۔ مقام ابراہیم کے مصلے بنانے کی صورت یہ ہے حضرت عمرؓ فرماتے ہیں کہ میں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں عرض کیا "یارسول اللہ لو اتخذت من مقام ابراہیم مصلےٰ" اس کی جزا محذوف ہے یعنی اگر آپ مقام ابراہیم کو مصلے بنالیں تو بہتر ہے یعنی مقام ابراہیمؑ میں دو رکعت طواف کی پڑھا کریں۔ چنانچہ یہ آیت نازل ہوگئی "واتخذوا من مقام ابراہیم مصلےٰ" یعنی بنالو مقام ابراہیم کو مصلے اور حجاب کی یہ صورت ہوئی کہ حضرت عمرؓ نے ازواج مطہرات کو پردہ کیلئے فرمایا تو حضرت زینبؓ نے جواب دیا۔ کہ "انک علینا یا ابن الخطاب والوحی ینزل فی بیوتنا" یعنی اے ابن خطاب تم ہم کو پردہ کا حکم کرتے ہو حالانکہ وحی ہمارے گھر میں آتی ہے یعنی اگر پردہ بہتر ہوتا تو اللہ تعالیٰ اپنے پیغمبر پر ضرور حکم پردہ کا بھیجتا غرض یہ کہ تم کو یہ منصب حاصل نہیں کہ ہم کو پردہ کا حکم کرو۔ جب یہ قصہ پیش آیا تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی "واذا سألتموهن متاعا فاسئلوهن من وراء حجاب" یعنی اگر تم کو کوئی شیٔ مانگنی ہوا کرے تو پردے کے پیچھے کھڑے ہو کر مانگا کرو سامنے نہ آیا کرو۔ اگر کوئی یہ شبہ کرے کہ بخاری اور مسلم کی حدیث میں تین باتوں میں موافقت آئی ہے اور یہ کتاب میں چھبیسؔ احکام کی تصریح گذر چکی ہے تو اس کا جواب یہ ہے کہ بخاری و مسلم کی حدیث میں کوئی کلمہ حصر پر دلالت نہیں کرتا اور عدد واقع اکثر کی نفی نہیں کیا کرتا۔ چنانچہ کتابوں میں مصرح ہے

(محمد نظام الدین کیرانوی)

یَا عَلِیُّ اَنْتَ مِنِّیْ بِمَنْزِلَۃِ هَارُوْنَ مِنْ مُوْسٰی اِلَّا اَنَّهٗ لَا نَبِیَّ بَعْدِیْ۔ رواہ مسلم والترمذی

اے علیؓ تم میرے لئے ایسے ہو جیسے موسیٰ کے لئے ہارونؑ تھے مگر میرے بعد کوئی نبی نہیں

اس کو مسلم نے روایت کیا۔ مطلب یہ ہے کہ درجہ اخوت اور قرب منزلت اور کمال اتحاد اور رشتے

لے اور بخاری کی روایت میں یہ لفظ آئے ہیں کہ "اما ترضی ان تکون منی بمنزلہ ہارون من موسیٰ" کیا تو تو راضی نہیں کہ ہو جائے مجھ سے بمنزلہ ہارون کے موسیٰ سے یعنی جیسے موسیٰ ہارون کو اپنی جگہ چھوڑ کر طور پر گئے تھے ایسے ہی تجھ کو مدینہ میں اہل وعیال پر چھوڑ جاؤں، اس کا قصہ یہ ہوا کہ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے غزوہ تبوک کا ارادہ فرمایا تو خیال ہوا کہ مدینہ میں اہل وعیال کی نگرانی کون کرے اور سفر دور دراز کا ہے چونکہ حضرت علی رضی اللہ عنہ بنسبت اور صحابہؓ کے قرابت قریبہ رکھتے تھے۔ آپ نے ان سے ارشاد فرمایا کہ تم مکان ہی پر رہو اس پر حضرت علی رضؓ نے افسردہ خاطر ہو کر عرض کیا کہ کیا مجھ کو عورتوں اور بچوں پر چھوڑے جاتے ہو مطلب یہ تھا کہ کیا میں جہاد پر چلوں میں پر رہوں۔ آپ نے ان سے تسلی اور تشفی کے طور پر فرمایا کہ "افسردہ کیوں ہوتے ہو دیکھو موسیٰ علیہ السلام جب طور پر گئے تو ہارونؑ کو اپنی جگہ چھوڑ گئے میں تم کو تمام گھر بار پر چھوڑے جاتا ہوں۔ اس پر حضرت علیؓ خاموش ہو گئے اور وہیں ٹھہر گئے۔ حضرات شیعہ اس سے حضرت علیؓ کی خلافت پر استدلال کرتے ہیں حالانکہ یہ محض لچر اور بیہودہ استدلال ہے خلافت کا اس سے کیا تعلق ہے۔ قاعدہ کی بات ہے کہ عیال واطفال کی حفاظت پر اس شخص کو چھوڑا جاتا ہے جو قرابت قریبہ رکھتا ہے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چچا زاد بھائی ہیں۔ اس لئے انہی کو پسند فرمایا کہ خانگی ضرورت سے پوری طرح متکفل ہو جائیں گے علاوہ ازیں مستورات کا معاملہ تھا کیونکہ تمام مجاہدین آپ کے ساتھ جانے کو تیار ہیں اگر پیچھے سے کوئی غنیم آجائے تو ظاہر ہے کہ کوئی ایسا شخص محافظ ہونا چاہیئے جو محرم نامحرم سے لبق قرابت رکھتا ہو کہ اپنے ننگ و ناموس کے خیال سے ان پر آنچ نہ آنے دے یہ سب باتیں قرابت اور رشتہ داری سے تعلق رکھتی ہیں اس کو خلافت

تکلفی اور اختلاط جو ہارون کو موسیٰ کے ساتھ تھا۔ وہ سب تم کو میرے ساتھ

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۸۸) خلافت ہے مرہ کہیئے تو خلافت عائشتاز عہ وفیہاہے کیا علاؤہ نیز محض گھر کی حفاظت سے جمیع مسائل میں خلافت پر استدلال کیونکر ہو سکتا ہے دوسری بات یہ ہے کہ یہ استدلال بھی بعد کے لوگوں کی بلند پروازیٔ خیال کا نتیجہ ہے ورنہ خود حضرت علیؓ بیچارے نے کبھی یہ دعویٰ نہیں کیا کہ میری نسبت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ فرمایا تھا لہٰذا خلافت مجھکو پہنچتی ہے وہ تو اہل زبان تھے جو کچھ لسان نبیؐ ترجمان سے نکلتا تھا اس کو خوب سمجھتے تھے اگر اس میں کوئی لفظ خلافت کیطرف اشارہ کرتا تو ضرور ظاہر فرماتے کیونکہ بر تقدیر عدم اظہار کتمان حق لازم آتا تھا حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ کتمان حق کیوں فرماتے مگر وہ جانتے تھے کہ واقعی گھر پر گھر کا آدمی رہنا چاہیئے اور یہی آپکا منشا تھا اسلئے ایسے دعوے حضرت علیؓ کی زبان پر نہ آئے اور "الا انہ لانبی بعدی" بخاری کی روایت میں تو موجود نہیں مسلم کی روایت میں ہے یہ بھی آپنے بنا بر تشفی اور غایت کرم فرمایا کہ یہ آزردہ خاطر نہ ہوں۔ کیونکہ بہادر تھے غازی تھے، دلاور تھے۔ جنگ سے رہ جانے کا سخت ملال تھا۔ آپ نے بھی حد سے زیادہ تشفی کے الفاظ فرما دیئے کہ میں کیا کہوں میرے بعد نبوت نہیں ورنہ میں تو وہ بھی تم کو دیدوں۔ جیسے کہہ دیتے ہیں کہ میں تم کو جان تک دیدوں سلطنت بخش دوں۔ مطلب یہ ہے کہ میں تم سے غایت درجہ خوش اور تمہارے لئے جان و مال سے موجود ہوں جب میری خوشی اس میں ہے کہ تم یہاں رہ جاؤ تو کیا تم میری خوشی پسند نہیں کرتے، اگر یہ بات نہیں تو ہم پوچھتے ہیں کہ یہی مضمون حضرت عمرؓ کے بارے میں بھی آیا ہے بلکہ اس سے صاف الفاظ ہیں کہ "لوکان بعدی نبی لکان عمر" اگر میرے بعد نبی ہوتا تو عمرؓ ہوتا کتنے صریح الفاظ ہیں۔ چاہیئے تھا حضرت عمرؓ سب سے آگے بڑھ کر خلافت کا دعویٰ کرتے مگر نہیں وہ جانتے تھے کہ یہ غایت الطاف کی باتیں ہیں یا یوں کہیئے کہ حضرت علیؓ یا حضرت عمرؓ یا اور جن کے لئے ایسے الفاظ فرمائے وہ ان کی لیاقت اور استعداد کا اظہار ہوتا تھا کہ یہ لوگ اس قابلیت اور لیاقت کے آدمی ہیں چنانچہ آپ کے بعد ہر ایک یکے بعد دیگرے خلیفہ ہوا۔ اور یہ مژدہ لیاقت اور استعداد آپ اپنی امت کے ہر عالم کے حق میں فرماتے ہیں۔ چہ جائیکہ اصحاب رضی اللہ عنہم ان کو تو ہر طرح کی فضیلت ہے اور فرض کرو اس

حاصل ہے ہاں اتنی بات البتہ ہے کہ میرے بعد کوئی نبی نہیں ہوگا - یہ حدیث حضرت امیر رضی اللہ عنہ کی علو منزلت میں ہے -

---

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۱۷۶) حدیث سے خلافت بھی ثابت ہوئی تو ہم کہتے ہیں "بعدی" کا لفظ اس میں بھی ہے اور اس میں بھی حضرت عمرؓ کے بارے میں ہے اب ایک سے کم بعد اور دوسرے سے زیادہ بعد مراد لیا جائے اس کے لئے قرینہ اور دلیل کی ضرورت ورنہ مطلب فوت اور اس حدیث سے یہ مراد لینا کہ ہر منزلت ہارون موسیٰ کے ساتھ رکھتے تھے وہ سب حضرت علیؓ کو آپکے ساتھ حاصل تھیں ہم پوچھتے ہیں کہ استیعاب پر کونسا لفظ دلالت کرتا ہے بلکہ ظاہر یہی منزلت ہے کہ جیسے موسیٰ ہارون کو بنی اسرائیل پر چھوڑ گئے تھے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت علیؓ کو مکان پر چھوڑ گئے تھے - جیسے ہارونؑ کو موسیٰؑ کے ساتھ تعلقات تھے یہ ضرور نہیں کہ ہر شے اور ہر بات میں مناسبت ہوا کرے تو اتنی مناسبتیں کیا کم ہیں کہ حضرت علیؓ آپ کے بھائی تھے آپ سے بے تکلف تھے آپ ان کو اپنے بعد مکان پر چھوڑ گئے جیسے ہارون کو موسیٰؑ کیساتھ تعلقات تھے - اور اگر اب بھی خلافت ہی کا راگ گایا جائے تو ہم یہ وجوہ بسبیل احتمال پیش کرتے ہیں تو اب جو شخص خلافت کا مدعی ہو یا ان تمام احتمالات کو اٹھائے یا اپنے دعوے کے موافق تصریح دکھلائے اور اگر کہا جائے "الا انہ لا نبی بعدی" سے نکلتا ہے کہ سوائے منزلت نبوت کے اور تمام مراتب میں علیؓ ہارونؑ جیسے تھے لہٰذا خلافت ثابت ہوئی تو ہم کہتے ہیں کہ جمیع منازل میں منزل نبوت بھی داخل ہے جب منزلت نبوت کا استثنا تو عام مخصوص البعض ہو گیا تو عام مخصوص البعض کب واجب العمل ہوتا ہے مگر ظنی ہوتا ہے چنانچہ کتب حدیث میں اس کی تصریح موجود ہے - علاوہ ازیں نفس خلافت میں کس کا انکار ہے البتہ ترتیب خلافت میں کلام ہے سوال یہ ہے کہ حضرت کی وفات شریف کے بعد خلافت کا حق کس کو حاصل ہے اس میں ہم بصدائے بلند کہتے ہیں کہ ابوبکر رضی اللہ عنہ صدیق خلیفہ اول وہ خلیفہ اول تھے اور ہو گئے چنانچہ کتب حدیث اس امر کی پوری شاہد ہیں اور بیہقی کتاب الاعتقاد میں مصرح ہے

ابوبکر

"اَبُوْبَکْرٍ صَاحِبِیْ وَمُؤْنِسِیْ فِی الْغَارِ سُدُّوْا کُلَّ خَوْخَۃٍ اِلَّا خَوْخَۃَ اَبِیْ بَکْرٍ" رواہ عبد اللّٰہ بن احمد۔ ابوبکر میرا یار ہے (اور یہ لقب ان کو اللہ تعالیٰ نے کلام مجید[1] عنایت فرمایا) اور میرا مونس غار ہے سب کھڑکیاں (جو مسجد میں ہیں) بند کر دو مگر ابوبکر رضؓ کی رہنے دو اس کو عبد اللہ بن احمد نے روایت کیا۔ اس میں آپ کی طرف اشارہ ہے۔

[1] قال اللہ تعالیٰ۔ اذ یقول لصاحبہ لا تحزن ان اللہ معنا۔ اس میں ابوبکر رضؓ کو صاحب فرمایا۔

بقیہ حاشیہ صفحہ ۸۹

کہ اور بعض بعض باتوں میں بعض اجتہادی امور پر حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے تعارض کیا اور نوبت بہ جنگ و جدل پہنچی، جو بات اپنے نزدیک ٹھیک معلوم ہوئی اس کے پیرو ہوئے گو سب معاملہ للہ فی اللہ ہی تھا مگر جو بات اپنے عندیہ میں محقق معلوم ہوئی اس کے خلاف پر نوبت بقتال پہنچی۔ خلافت اتنا بڑا عظیم الشان امر اس پر حضرت علی رضؓ نے کبھی حضرت ابوبکر رضؓ یا عمر رضؓ یا عثمان رضؓ سے مقابلہ نہ کیا اگر خلافت واقعی ان کا حق تھا تو اپنے حق پر تعرض کرنا ضرور تھا۔ پھر کیا وجہ تھی کہ کبھی اس طرف اشارہ نہ ہوا، جانے دیجئے کہ اگر تھوڑی دیر کو یہ بھی مان لیا جائے کہ خلافت حضرت علی رضؓ ہی کا حق تھا اور حضرت ابوبکر رضؓ خلیفہ برحق نہ تھے تو ظاہر بات ہے کہ ان کا جہاد بھی درست نہ ہوگا۔ کیونکہ خلیفہ نہ ٹھہرے اور جب جہاد درست نہ ہوا تو جو اشیا مال غنیمت میں آئیں وہ کسی کو لینی جائز نہ ہوئیں۔ اب ہم سوال کرتے ہیں کہ محمد بن حنفیہ کس سے پیدا ہوئے؟ حضرت علی رضؓ کے صلب اور حنفیہ کے پیٹ سے پیدا ہوئے اور حضرت ابوبکر رضؓ کے زمانہ خلافت میں حنفیہ جہاد میں گرفتار ہو کر آئی تھیں اور حضرت علی رضؓ کو دے دی گئی تھیں اگر ابوبکر رضؓ کا جہاد اور ان کی خلافت برحق اور مسلم نہیں تو حنفیہ سے حضرت علی رضؓ کو صحبت کرنا کیونکر جائز ہو سکتا ہے۔

إِنِّي لَأَنْظُرُ إِلَى شَيَاطِينِ الْإِنْسِ وَالْجِنِّ قَدْ فَرُّوا مِنْ عُمَرَ۔ رواہ الترمذی

میں شیاطین انس وجن کو دیکھتا ہوں کہ عمرؓ کے سامنے سے بھاگ جاتے ہیں اس کو ترمذی نے روایت کیا۔ اور اس کا سبب یہ تھا کہ حضرت عمرؓ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صفت جلالیہ تھے جیسے کہ ابوبکرؓ وعثمانؓ آپ کی صورت جمالیہ اور حضرت علی حضرت عمرؓ کے ہمرنگ تھے۔

إِنَّ أَشَدَّ هٰذِهِ الْأُمَّةِ بَعْدَ نَبِيِّهَا حَيَاءً عُثْمَانُ رواہ ابو نعیم۔ نبی کے بعد اس امت میں سب سے زیادہ حضرت عثمانؓ حیادار ہیں۔

أَنَا دَارُ الْحِكْمَةِ وَعَلِيٌّ بَابُهَا۔ رواہ الترمذی۔ میں حکمت کا گھر ہوں اور علیؓ اس کا دروازہ ہے اس کو ترمذی نے روایت کیا ہے۔[1]

أَنْتَ عَتِيقُ اللّٰهِ مِنَ النَّارِ قَالَ لِأَبِي بَكْرٍ رواہ الترمذی آپ نے حضرت ابوبکرؓ کی نسبت فرمایا کہ تو خدا کا آزاد[2] کیا ہوا دوزخ کی آگ سے ہے اس کو ترمذی نے روایت کیا ہے۔

اَلْحَقُّ بَعْدِي مَعَ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ حَيْثُ كَانَ رواہ الحکیم الترمذی حق میرے بعد عمر بن الخطاب کے ساتھ ہے جہاں وہ ہو اس کو حکیم ترمذی نے روایت کیا۔ عُثْمَانَ أُمَّ كُلْثُومٍ إِلَّا بِوَحْيٍ مِنَ السَّمَاءِ۔ رواہ الطبرانی۔ میں نے عثمانؓ کا نکاح ام کلثوم سے نہیں کیا مگر سبب سے وحی آسمانی

---

[1] ایک روایت میں انا مدینۃ العلم وعلی بابہا آیا ہے یعنی میں علم شہر ہوں اور علیؓ اس کا دروازہ ہے [2] مصعب زبیر کہتے ہیں کہ ابوبکرؓ کو عتیق کہنے کی وجہ یہ ہے کہ ان کے نسب میں کوئی ایسی بات نہ تھی کہ کوئی عیب لگا اور لیث بن مسعود اور ایک جماعت کا قول ہے کہ ان کے جمال کی وجہ سے ان کو عتیق کہتے ہیں۔

(نظام الدین کیرانوی)

کے (یعنی ام کلثوم کا نکاح حضرت عثمان رضہ سے وحی کے حکم سے ہوا، اس کو
طبرانی نے روایت کیا۔ اِنَّ اللّٰهَ اَمَرَنِیْ اَنْ اُزَوِّجَ فَاطِمَةَ مِنْ عَلِیٍّ ۔ رواہ الطبرانی
اللہ تعالیٰ نے مجھ کو فرمایا کہ میں فاطمہؓ کا نکاح علی رضہ سے کر دوں اس کو طبرانی نے روایت
کیا اِنَّ اَمَنَّ النَّاسِ عَلَیَّ فِیْ مَالِهٖ وَصُحْبَتِهٖ اَبُوْبَکْرٍ وَلَوْ کُنْتُ مُتَّخِذًا خَلِیْلًا لَاتَّخَذْتُ
اَبَابَکْرٍ خَلِیْلًا وَلٰکِنْ اُخُوَّةُ الْاِسْلَامِ (رواہ مسلم) مجھ پر سب سے زیادہ
احسان کرنے والا اپنے مال اور صحبت میں ابوبکر رضہ ہے اگر میں کسی کو اپنا جانی دوست
بناتا (کہ ایک روح دو قالب کا حکم رکھتا، اور ہر امر میں مرجع کار ہوتا۔ اور
صحیحین کی ایک روایت میں غیر ربی اتنا لفظ اور زیادہ ہے یعنی سوائے اپنے
پروردگار کے) تو ابوبکر رضہ کو بناتا لیکن اسلام افضل ہے (اس کو مسلم نے روایت کیا)
اور چونکہ یہ مرتبہ خدائے تعالیٰ کے ساتھ مخصوص ہے لہذا اپنے بہ نسبت حضرت
صدیق رضہ کے توقف فرمایا۔ اور حدیث کی بعض روایتوں میں آیا ہے۔ کہ ابوبکر رضہ
صدیق رضہ کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وفات سے پہلے جناب رسالت
مآب سے مرتبہ خلت حاصل ہو گیا اور مرتبہ خلت سے وہ مرتبہ مراد ہے جو مرتبہ قرب اور

ملہ اس حدیث سے بعض لوگوں نے استدلال کیا ہے کہ درجہ خلت درجہ محبت سے ارفع ہے اور چونکہ
خلت صفت حضرت ابراہیم خلیل اللہ کی ہے اور محبت صفت حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی۔
لہذا ابراہیم خلیل اللہ آنحضرت سے افضل ہوئے حالانکہ یہ خلاف واقع ہے تو اس کا جواب یہ ہے کہ آنحضرت
صلعم صفت خلت اور محبت دونوں کے جامع ہیں۔ چنانچہ مسلم نے ابن مسعود سے روایت کی ہے کہ آپ
نے فرمایا واقد اتخذ اللہ صاحبکم اللہ خلیلا" لہذا آپ افضل ہوئے نیز قاضی عیاض نے شفا میں تصریح
کی ہے کہ درجہ محبت درجہ خلت سے ارفع ہے نیز محبت شغاف قلب میں ہوتی ہے نہ خلت لہذا محبت
کا درجہ زیادہ ہوا (محمد نظام الدین کیرانوی)

منزلت اور اتحاد میں بشر کی انتہا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا برتاؤ
جو صدیق اکبر رض کے ساتھ تھا اس سے یہ بات پورے طور پر واضح ہے جس کا
جی چاہے کتب احادیث وسیر میں دیکھ لے۔ اِنَّ اللّٰہَ تَعَالٰی بَاھٰی بِمَلَائِکَتِہٖ
یَوْمَ عَرَفَۃَ وَبَاھٰی بِعُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ خَاصَّۃً وَمَا فِی السَّمَاءِ مَلَکٌ
اِلَّا وَھُوَ یُوَقِّرُ عُمَرَ وَمَا فِی الْاَرْضِ شَیْطَانٌ اِلَّا وَھُوَ یَفِرُّ مِنْ عُمَرَ
رواہ ابن عساکر۔ اللہ تعالیٰ عرفہ کے دن عموماً اپنے ملائکہ پر فخر کرتا ہے اور
عمر بن الخطاب پر خصوصاً اور یہ مباہات عرفہ میں حاجیوں کے حاضر ہونے کی
وجہ سے ہے۔ اور آسمان میں کوئی فرشتہ ایسا نہیں جو عمر رض کی توقیر نہ کرتا ہو
اور زمین میں کوئی شیطان ایسا نہیں جو عمر رض سے نہ بھاگتا ہو۔ اس کو ابن عساکر
نے روایت کیا ہے۔ لِکُلِّ نَبِیٍّ رَفِیْقٌ فِی الْجَنَّۃِ وَرَفِیْقِیْ فِیْھَا عُثْمَانُ رواہ
الترمذی۔ ہر نبی کا جنت میں ایک رفیق ہے اور جنت میں میرا رفیق عثمان رض ہے
اس کو ترمذی نے روایت کیا۔

مَنْ کُنْتُ وَلِیُّہٗ فَعَلِیٌّ وَلِیُّہٗ رواہ احمد الترمذی جس کا ولی و
مددگار میں ہوں اس کا ولی و مددگار علی رض ہے اس کو احمد اور ترمذی نے
روایت کیا۔

اِنَّ اللّٰہَ تَعَالٰی یَکْرَہُ فَوْقَ سَمَائِہٖ اَنْ یُّخَطَّاَ اَبُوْبَکْرِ الصِّدِّیْقُ فِی الْاَرْضِ۔ رواہ
الحارث والطبرانی۔ اللہ تعالیٰ اپنے آسمان پر اس بات کو مکروہ رکھتا ہے کہ ابوبکر رض زمین میں منسوب بخطا
ہو۔ اس کو حارث اور طبرانی نے اپنی مسند میں روایت کیا

لَمَّا اَسْلَمَ عُمَرُ اَتَانِیْ جِبْرِیْلُ فَقَالَ اِسْتَبْشَرَ اَھْلُ السَّمَاءِ بِاِسْلَامِہٖ

عمر

عثمان

علی

ابوبکر

عمر

عُمَرُ رواہ الحاکم جب عمر رضؓ اسلام لائے تو میرے پاس جبریل آئے اور کہا کہ عمر رضؓ
کے اسلام سے فرشتے خوش ہوئے اس کو حاکم نے روایت کیا۔

عثمان لَيَدْخُلَنَّ بِشَفَاعَةِ عُثْمَانَ سَبْعُوْنَ اَلْفًا قَدِ اسْتَوْجَبُوا النَّارَ اَلْجَنَّةَ
بِغَيْرِ حِسَابٍ رواہ ابن عساکر۔ عثمان رضؓ کی شفاعت سے ستر ہزار مستوجب
نار بلا حساب جنت میں جائیں گے (یعنی ان سے اعمال کا محاسبہ نہ ہوگا)
اس کو ابن عساکر نے روایت کیا۔ اور یہ سب صاحب علو منقبت کے اظہار
کے لئے ہے۔

علی اِنَّ اللّٰهَ جَعَلَ ذُرِّيَّةَ كُلِّ نَبِيٍّ فِيْ صُلْبِهٖ وَاِنَّ اللّٰهَ جَعَلَ ذُرِّيَّتِيْ فِيْ
صُلْبِ عَلِيِّ ابْنِ اَبِيْ طَالِبٍ رواہ الطبرانی۔ اللہ تعالیٰ نے ہر نبی کی اولاد اس کی پشت
میں قرار دی ہے اور میری اولاد علی ابن طالب کی پشت سے اس کو طبرانی نے روایت کیا اور
ستر اس میں یہ ہے کہ علی ابن طالب گویا آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صورت مثالیہ تھے
یا عینک مطالعہ ان کی نسبت آنحضرت سے ایسی ہے جیسے فرع کی نسبت اصل ہے یا ظل
کی صاحب ظل سے اور یہاں سر معنے وانفسنا وانفسکم راست آتا ہے

شیخین اِقْتَدُوْا بِالَّذَيْنِ مِنْ بَعْدِيْ اَبِيْ بَكْرٍ وَعُمَرَ فَاِنَّهُمَا حَبْلُ اللّٰهِ
مَمْدُوْدٌ وَمَنْ تَمَسَّكَ بِهِمَا فَقَدْ تَمَسَّكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى لَا انْفِصَامَ لَهَا۔ رواہ
الطبرانی۔ ان دونوں کی اقتدا اور پیروی کرو جو میرے بعد ہیں یعنی
ابوبکر رضؓ و عمر رضؓ کیونکہ وہ دونوں اللہ کی دراز شدہ رسی ہیں جس نے ان کو پکڑا
اس نے حلقہ مضبوط کو پکڑا اس کو انقطاع نہیں ہے اور حبل اللہ دین الٰہی سے
کنایہ ہے جیسا کہ قرآن مجید میں اشارہ ہے واعتصموا بحبل اللہ جمیعا یعنی کہ

سب مل کر اللہ کی رسی مضبوط پکڑو۔ اور عروۃ الوثقیٰ بھی دین ہی سے کنایہ ہے اس کی طرف بھی قرآن میں اشارہ ہے " فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى " (یعنی حلقہ مضبوط کے ساتھ تمسک کیا یعنی دین اسلام کے ساتھ۔

اِنَّ عُثْمَانَ الْاَوَّلُ مَنْ هَاجَرَ اِلَى اللّٰهِ بِاَهْلِهٖ بَعْدَ لُوْطٍ۔ رواہ الطبرانی۔ عثمانؓ ان لوگوں میں سب سے پہلے ہیں جنہوں نے لوط علیہ السلام کے بعد اپنی بیوی کے ساتھ اللہ کی طرف ہجرت کی (یعنی اپنی بیوی رقیہ بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ اول ہجرت حضرت عثمانؓ نے کی اس کو طبرانی نے روایت کیا۔ لَا يُحِبُّكَ اِلَّا مُؤْمِنٌ وَلَا يُبْغِضُكَ اِلَّا مُنَافِقٌ قَالَهٗ لِعَلِيٍّ رواہ الترمذی۔ آپ نے حضرت علیؓ کی شان میں فرمایا کہ تجھ کو دوست نہیں رکھتا مگر مومن اور تجھ کو دشمن نہیں سمجھتا مگر منافق یعنی علیؓ کی دوستی ایمان کی نشانی اور دشمنی نفاق کی علامت ہے۔

اَنَا اَوَّلُ مَنْ تَنْشَقُّ عَنْهُ الْاَرْضُ ثُمَّ اَبُوْبَكْرٍ ثُمَّ اٰتِيْ اَهْلَ الْبَقِيْعِ فَيُحْشَرُوْنَ مَعِيْ ثُمَّ اَنْتَظِرُ اَهْلَ مَكَّةَ حَتّٰى اُحْشَرَ بَيْنَ الْحَرَمَيْنِ رواہ الترمذی) میں اول ان لوگوں کا ہوں جن سے قیامت کے روز زمین شق ہوگی (یعنی قیامت کے روز سب سے پہلے قبر سے میں اٹھوں گا پھر ابوبکرؓ پھر عمرؓ پھر اہل بقیع کی طرف آؤں گا وہ لوگ میرے پاس جمع ہوں گے اس کے بعد اہل مکہ کا انتظار کروں گا یہاں تک کہ مابین حرمین ان سے اٹھوں گا اس کو ترمذی نے روایت کیا اور حضرت ابوبکرؓ اور ساتھ محشور ہونے کی وجہ تخصیص آپ کے ساتھ ان کا ہم طینت ہونا اور ان کی فضیلت

اور وجہ خصوصیت میں اپنے ساتھ کمال تشبیہ کا ظاہر کرنا ہے۔ اور یہ بات ان
کی قبروں سے ظاہر ہے کہ آپ کے پاس اسی ایک حجرے میں بنی ہیں، حکیم خاقانی
نے روضۂ مبارک کی تعریف میں کیا خوب کہا ہے ؎

بینی حرم محمدی را | جولانگہ سر سرمدی را
پیشش دو خلیفہ رُخ نہفتہ | جوزا بکنار شمس خفتہ
ہر سہ شدہ یک نہاد و یک راہ | چوں یک الف و دو لام اللہ
آہوئے زمیں و کعبہ نافہ | شکلش پسر ابو قحافہ

عثمان
جَآءَ عُثْمَانُ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بِاَلْفِ دِیْنَارٍ فِی کُمِّہٖ
حِیْنَ جَھَّزَ جَیْشَ العسرۃ فنثرھا فی حجرہ فرایت النبی صلی اللہ
علیہ وآلہ وسلم یقلبھا فی حجرہ ویقول ماضر عثمان ما عمل بعد الیوم
مرتین رواہ احمد۔ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جیش عسرت
یعنی اس لشکر کے لئے جو جنگ تبوک (تبوک ایک شہر ہے حدود شام میں
مدینہ سے سولہ منزل) کیواسطے نصاری عرب و شام سے لڑنے کو تیار اور مقرر
فرمایا تھا سامان کرنا شروع کیا تو حضرت عثمانؓ ہزار دینار کی تھیلی آستین میں
لائے اور آپ کی گود میں الٹ دی۔ راوی کہتا ہے کہ میں نے اس وقت
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا کہ آپ ان دیناروں کو اپنی گود
میں الٹ پلٹ کر دیکھتے ہیں اور جانچ کے طور پر اوپر تلے کرتے ہیں اور فرماتے ہیں
کہ عثمانؓ اس کے بعد جو عمل کریگا اس کو ضرر نہ ہوگا یہ کلام آپ نے دو مرتبہ
فرمایا۔ اس کو احمد نے روایت کیا۔ اس میں حضرت عثمان رضؓ کو ان اعمال اور

نفقات کی قبولیت کی بشارت ہے جو انہوں نے خدا کی راہ میں کئے یعنی
جو کچھ انہوں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حضور میں اللہ کے واسطے خرچ
کیا وہ مقبول ہوا اور جو عمل کئے ان میں کسی طرح کا ضرر آپ کو نہیں پہنچ سکتا
نیز اس سے اشارۃً ان مخالفین کے خیالات کا رد ہوتا ہے جو مفسدوں سے
جھوٹی باتیں سن سنا کر آپ پر طعن و تشنیع کرتے تھے اور یہ کلمہ جامعہ یعنی ما
ضر عثمان ما عمل بعد الیوم اس بات پر بھی ہے کہ ہر چند جناب عثمانؓ ایسی
باتوں سے جو مفسد لوگ مشہور کرتے ہیں بری ہیں لیکن عظمت شان کے لحاظ سے
بالفرض تسلیم ایسی باتیں آپ کی طرف منسوب بھی ہو جائیں تو آپ کو کوئی ضرر
نہیں پہنچا سکتیں۔ جیسے کہ یہ معنی اہلبیت کے بارے میں عموماً آیہ تطہیر میں
مقصود ہیں اور جناب امیر کے بارے میں خصوصاً حدیث۔

اَللّٰھُمَّ ادر الحق معہ حیث دار۔ بَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ
جَیْشًا فِیْہِمْ عَلِیٌّ فَرَفَعَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ یَدَیْہِ یَقُوْلُ
اَللّٰھُمَّ لَا تُمِتْنِیْ حَتّٰی تُرِیَنِیْ عَلِیًّا۔ رواہ الترمذی۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ
وآلہ وسلم نے ایک لشکر یمن کی طرف روانہ کیا اس میں حضرت علیؓ سردار بنا کر بھیجے
گئے تو آپ نے دونوں ہاتھ اٹھائے اور دعا کی کہ الٰہی جب تک مجھ کو علیؓ
کی صورت نہ دکھا دے میری موت نہ بھیجے اس کو ترمذی نے روایت کیا
چونکہ آپ کی وفات شریفہ کا زمانہ قریب تھا اس لئے دعا
فرماتے تھے کہ علیؓ کے آنے سے پہلے سفر آخرت پیش نہ آجائے۔

اَبُوْبَکْرٍ فِی الْجَنَّۃِ وَعُمَرُ فِی الْجَنَّۃِ وَعُثْمَانُ فِی الْجَنَّۃِ وَعَلِیٌّ فِی الْجَنَّۃِ

ابوبکرؓ جنّت میں عمرؓ جنت میں عثمانؓ جنت میں علیؓ جنّت میں ہیں۔

الصواعق — حُبُّ اَبِیْ بَکْرٍ وَعُمَرَ مِنَ الْاِیْمَانِ وَبُغْضُهُمَا کُفْرٌ وَمَنْ سَبَّ اَصْحَابِیْ فَعَلَیْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ مَنْ حَفِظَنِیْ فِیْهِمْ فَاَنَا اَحْفَظُهٗ یَوْمَ الْقِیَامَةِ رَوَاهُ ابْنُ عَسَاکِرَ۔ ابوبکرؓ و عمرؓ کی دوستی ایمان ہے اور ان کی دشمنی کفر۔ جو میرے اصحابؓ کو برا کہے اس پر خدا کی لعنت جو شخص ان کے درمیان مجھ کو یاد رکھے یعنی ان کے درمیان میرا ملاحظہ کرے اور ان کی صحبت اور خدمت کا حق جو مجھ پر ہے ملحوظ خاطر اور پیش نظر رکھے ان کے ساتھ تعظیم اور توقیر سے پیش آئے اور طعن و تشنیع اور سب و شتم نہ کرے تو میں قیامت کے روز اس کی محافظت کروں گا یعنی جب وہ قیامت کے دن اپنے گناہوں کی مغفرت اور عفوِ جرائم کا سخت محتاج ہو گا۔ میں اس کی شفاعت کروں گا۔ اس کو ابن عساکر نے روایت کیا۔

حکیم — اَرْاَفُ اُمَّتِیْ بِاُمَّتِیْ اَبُوْبَکْرٍ وَاَشَدُّهُمْ فِیْ دِیْنِ اللّٰهِ عُمَرُ وَاَصْدَقُهُمْ حَیَاءً عُثْمَانُ وَاَقْضَاهُمْ عَلِیٌّ رَوَاهُ اَبُوْیَعْلٰی — میری امت میں امت پر بہت زیادہ مہربان ابوبکرؓ دین الٰہی میں سخت اور تیز عمرؓ اور نہایت سچے حیا دار عثمانؓ اور بڑے قاضی علیؓ۔ اس کو ابویعلیٰ نے روایت کیا۔

فائدہ: قضا کے معنی متخاصمین یعنی مدعی و مدعا علیہ کے جھگڑے چکانے اور احقاق حق و ابطال باطل کرنا۔

شیخین — مَثَلُ نَبِیٍّ وَزِیْرَانِ وَزِیْرَانِیْ وَصَاحِبَایَ اَبُوْبَکْرٍ وَعُمَرُ

رَوَاہُ ابْنُ عَسَاکِر۔ ہر نبی کے دو وزیر ہیں اور میرے دو وزیر اور دو یار ابوبکرؓ و عمرؓ۔ اس کو ابن عساکر نے روایت کیا۔

عُثْمَانُ حَیِیٌّ تَسْتَحْیِیْ مِنْہُ الْمَلَائِکَۃُ رَوَاہُ ابْنُ عَسَاکِر۔ عثمان رضی اللہ عنہ بہت حیادار ہیں ان سے فرشتے حیا کرتے ہیں۔ اس کو ابن عساکر نے روایت کیا

مَا انْتَجَیْتُہٗ وَلٰکِنَّ اللّٰہَ انْتَجَاہُ قَالَہٗ لِعَلِیٍّ رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ۔ آپ نے حضرت علیؓ کے بارے میں فرمایا کہ میں نے ان سے سرگوشی نہیں کی۔ لیکن اللہ نے سرگوشی کی۔ اس کو ترمذی نے روایت کیا۔

فائدہ:۔ اس کا قصہ یہ ہوا کہ ایک روز نماز عشا کی تکبیر ہو گئی اور حضرت علیؓ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ کچھ سرگوشی کرتے رہے یہاں تک کہ بہت رات ہو گئی اس وقت بعض منافقوں نے آپ سے طعن کے طور پر کہا وَلَقَدْ طَالَ نَجْوَاکَ مَعَ ابْنِ عَمِّکَ۔ یعنی چچا کے بیٹے (علیؓ) کے ساتھ بہت کانا پھوسی رہی۔ اس کے جواب میں آپ نے یہ ارشاد فرمایا ما انْتَجَیْتُہٗ الخ اور مقصود اس کلام کا یہ ہے کہ میری سرگوشی بمنزلہ اللہ کی سرگوشی کے ہے کہ اس کی خوشنودی اور رضامندی کے مطابق ہے اور یہ کلام بعینہٖ خدائے تعالیٰ کے اس قول کے موافق ہے۔ وَمَا رَمَیْتَ اِذْ رَمَیْتَ وَلٰکِنَّ اللّٰہَ رَمٰی۔

لہ یہ آیۃ جنگ بدر میں نازل ہوئی۔ قصہ یہ ہوا کہ جب جنگ ہوئی اور خوب گھمسان کی لڑائی ہونے لگی تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک مٹھی کنکریاں اس لشکر کی طرف پھینکدیں اللہ کی قدرت سے ہر شخص کی آنکھوں میں خاک پڑ گئی اور شکست کھا کر بھاگ گئے جب سب مغرور ہو گئے تو اس خیال سے کہ مسلمان یہ نہ سمجھیں کہ فتح ہماری قوت سے ہوئی یہ آیت نازل فرمائی مطلب یہ تھا تم نے قتل باقی صفحہ

ابوبکر رَحِمَ اللّٰهُ اَبَا بَكْرٍ زَوَّجَنِي اِبْنَتَهٗ وَحَمَلَنِي اِلٰى دَارِ الْهِجْرَةِ وَصَحِبَنِي فِي الْغَارِ وَاَعْتَقَ بِلَالًا مِنْ مَالِهٖ وَمَا نَفَعَنِي مَالٌ فِي الْاِسْلَامِ مَا نَفَعَنِي مَالُ اَبِي بَكْرٍ۔ رواه الترمذی۔ خدا ابوبکرؓ پر رحم کرے کہ اس نے اپنی بیٹی سے میرا نکاح کیا۔ اور مجھ کو دارالہجرت یعنی مدینہ میں لے گیا اور غار میں میرا مصاحب رہا اور بلالؓ کو اپنے مال سے آزاد کیا اور جتنا نفع مجھ کو ابوبکرؓ کے مال نے دیا کسی کے مال نے نہیں دیا۔ اس کو ترمذی نے روایت کیا۔

فائدہ:۔ ابوبکر صدیقؓ کا حضرت کو سوار کرکے مدینہ لے جانا مشہور بات ہے کہ اس وقت دو اونٹ مع سامانِ سفر حضورِ اقدس میں پیش کئے اور آپؐ نے قبول فرمائے۔ اس کے بعد تین رات دن غار ثور میں چھپے رہے اور ابوبکرؓ اور ان کے بیٹے عبداللہؓ اور ان کے غلام عامرؓ بن فہیرہ کے ہمراہ مدینہ کو روانہ ہوئے اس قصہ کی طرف قرآن شریف کی اس آیت میں قوی اشارہ موجود ہے۔ الا تنصروه فقد نصره الله اذ اخرجه الذين كفروا ثانی اثنين اذ هما فی الغار اذ يقول لصاحبه لا تحزن ان الله معنا فانزل الله سكينته الخ اور آنجناب کی نصرت وحمایت کے بیان میں بھی یہی آیت واضح ہے اور حضرت ابوبکرؓ کا نیک کاموں اور جہاد و سامان

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۹۹)

قتل نہیں کیا خدا نے کیا اور اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، تم نے کنکریاں نہیں پھینکیں خدا نے پھینکیں۔ مگر طبیکہ ہماری طرف خیال رہے اور مدد ہماری طرف سے سمجھی جائے اپنا دخل نہ دیا جائے
(نظام الدین کبیر ذوی)

جہاد میں مال خرچ کرنا کہ ہزاروں تک نوبت پہنچی حدیث وسیر کی کتابوں میں مسطور ہے۔ رَحِمَ اللّٰہُ عُمَرَ یَقُوْلُ الْحَقَّ وَاِنْ کَانَ مُرًّا تَرَکَہُ الْحَقُّ وَمَا لَہٗ مِنْ صَدِیْقٍ رَحِمَ اللّٰہُ عُثْمَانَ یَسْتَحْیِیْہِ الْمَلَائِکَۃُ رَحِمَ اللّٰہُ عَلِیًّا اَللّٰھُمَّ اَدِرِ الْحَقَّ مَعَہٗ حَیْثُ دَارَ۔ رواہ الترمذی۔ اللہ عمر پہ رحم کرے کہ وہ حق بات کہتے ہیں گو کڑوی لگے ان کو حق گوئی نے اس حال پہ پہنچایا ہے کہ اب ان کا کوئی دوست نہیں یعنی ان کی حق گوئی اس حد کو پہنچ گئی ہے کہ جو کہتے ہیں حق کہتے ہیں اور چونکہ لوگوں کی طبیعت کے خلاف ہوتا ہے لہٰذا ان کے کہنے سے مکدر ہوتے ہیں۔ لہٰذا حق گوئی کی وجہ سے حقوق دوستی بھی ان کے ساتھ ملحوظ نہیں رکھتے اور دل میں رنج کرتے ہیں حق گوئی اور حق گو لوگوں کا یہی حال ہے کہ سب لوگ حق گوئی کے مقابلہ میں معاملات کے اندر رنجیدہ ہوتے ہیں اور یہ اس طرف اشارہ ہے کہ عمرؓ چونکہ حق گوئی کا شیوہ رکھتے ہیں بہت سی باتیں جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حضور میں یا پس غیبت دین و دنیا کے تمام معاملات میں مصلحت کی غرض سے کہتے ہیں لوگ ان سے ناحق مکدر اور رنجیدہ ہوتے ہیں اور چونکہ لوگوں کے دلوں میں غرض نفسانی کسی ہوتی ہے طعن و تشنیع کرتے ہیں اور بے ہودہ تعرضات درمیان میں لاتے ہیں پس یہ تمام خلافِ حق اور باطل ہے بات وہی ہے جو عمرؓ کہتے ہیں اسی لئے آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ اِنَّ اللّٰہَ وَضَعَ الْحَقَّ عَلٰی لِسَانِ عُمَرَ وَقَلْبِہٖ وَالْحَقُّ بَعْدِیْ مَعَ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ حَیْثُ کَانَ

الحدیث واللہ اعلم۔ خدا عثمان رض پر رحم کرے اس سے فرشتے حیا کرتے ہیں اس نے جیش عسرت یعنی غزوۂ تبوک کا سامان کیا اور ہماری مسجد کو فراخ کر دیا یہاں تک کہ ہمارے لئے وہ گنجائش کی ہو گئی۔ خدا علی رض پر رحم کرے الٰہی حق کو اس کے ساتھ دائر کر جہاں وہ جائے۔ اس کو ترمذی نے روایت کیا۔

فائدہ:۔ جیش عسرت غزوۂ تبوک کو کہتے ہیں کیونکہ اس میں صحابہ اکرام کا تنگ حال تھا اسباب سفر کم دستیاب ہوتا تھا۔ مگر بفضلہ تعالیٰ حضرت عثمان رض کی اعانت بے غایت سے سرانجام ہو گیا۔ اور مسجد کی توسیع اس طرح ہوئی کہ حضرت عثمان رض نے ایک قطعہ زمین جو مسجد سے ملحق تھا۔ بعض انصار سے خرید کر مسجد میں شامل کر دیا اور اس پر حضرت رسالت مآب سے دخول جنت کی بشارت پائی چنانچہ صحیحین میں ہے کہ اَرْبَعٌ لَا يَجْتَمِعُ حُبُّهُمْ فِيْ قَلْبِ مُنَافِقٍ وَلَا يُحِبُّهُمْ اِلَّا مُؤْمِنٌ اَبُوْبَكْرٍ وَعُمَرُ وَعُثْمَانُ وَعَلِيٌّ رواہ ابن عساکر۔ چار شخص ہیں جن کی محبت منافق کے دل میں جمع نہیں ہوتی اور ان کو مومن کے سوا کوئی دوست نہیں رکھتا (یعنی ان کی محبت مومن ہی کے دل میں ہوتی ہے) ابوبکر رض عمر رض عثمان رض علی رض اس کو ابن عساکر نے روایت کیا

خلفاء اربعہ

فائدہ:۔ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ چہار یار کی دوستی ایمان کی نشانی ہے اور ترکِ محبت نفاق کی صریح علامت ہے۔

كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ عَلٰى حِرَاءٍ وَاَبُوْبَكْرٍ

وَعُمَرُ وَعُثْمَانُ وَعَلِيٌّ وَطَلْحَةُ وَالزُّبَيْرُ فَتَحَرَّكَتِ الصَّخْرَةُ فَقَالَ رَسُولُ
اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اِهْدَأْ فَمَا عَلَيْكَ اِلَّا نَبِيٌّ اَوْ صِدِّيقٌ
اَوْ شَهِيدٌ رواہ مسلم۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کوہ حرا پہ
تشریف رکھتے تھے اور ابوبکر رض اور عمر رض اور عثمان رض اور علی رض اور طلحہ رض
اور زبیر رض ساتھ تھے ایک پتھر کو جنبش ہوئی اور ہلا تو پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ و
آلہ وسلم نے فرمایا کہ ٹھہر جا کہ نہیں ہے تجھ پر مگر پیغمبر، صدیق، شہید اس کو
مسلم نے روایت کیا۔

فائدہ :- اس حدیث سے منصب صدیقیت حضرت صدیق اکبر رض
کے لئے ثابت ہوا اور مرتبہ شہادت ان پنجتن حضرت عمر رض و عثمان رض اور
علی رض و طلحہ رض و زبیر رض کے لئے۔ ان کی شہادت کا واقعہ کتب احادیث و سیر
میں مشہور و معروف ہے ازاں جملہ حضرت طلحہ رض و زبیر رض کی شہادت جنگ جمل
میں واقع ہوئی طلحہ رض کو شہادت مروان کے ہاتھ سے ہوئی۔ اس نے اول ہی
لڑائی میں زہر کا بجھا ہوا تیر زانوئے مبارک پہ مارا لوگ آپ کو اٹھا کر اس
وقت بصرہ کے ویرانے میں لے گئے۔ اسی حال میں حضرت امیر رض کے
ہمراہیوں میں کا ایک شخص ان کے پاس گیا انہوں نے اس سپاہی کے
ہاتھ پر تجدید بیعت کی (گویا کہ یہ بیعت بواسطہ سپاہی کے امیر
ہی سے ہوئی) اس کے بعد شربت شہادت نوش فرمایا جب یہ
خبر جناب امیر رض کو پہنچی تو آپ نے خدا کا شکر ادا کر کے فرمایا کہ
الحمد للّٰہ الذی اخرجہ من الدنیا و بیعتی فی عنقہ۔ یعنی حمد و سپاس اس خدا کو

جس نے اس کو دنیا سے اس حال سے نکالا کہ میری بیعت اس کی گردن میں ہے۔ یہ اشارہ ہے دونوں طرف سے بیعت کے ایجاب و قبول کا۔
اور حضرت زبیرؓ کا قصہ یہ ہوا کہ ہنگام جنگ حضرت علیؓ سے صلح کر کے طرفین سے صفائی کی حاصل کر کے اسی حال میں لشکر سے جدا ہو کر خیبر کی طرف جاتے تھے۔ جب وادی القریٰ میں پہنچے نماز عصر پڑھنے کو اترے اور نماز میں مشغول ہوئے۔ سجدے میں تھے کہ ایک شخص خنجر آبدار سے آپ کا سر مبارک کاٹ کر بصرہ کو واپس ہوا اور حضرت کی خیمہ گاہ پہ آکر ایک شخص کی وساطت سے یہ واقعہ جناب امیرؓ تک پہنچایا۔ آپ یہ حال دریافت فرما کر غضب ناک ہوگئے اور فرمایا "بشر قاتل ابن صفیۃ بالنار" یعنی ابن صفیہ کے قاتل کو آتش دوزخ کی بشارت دے" اور پسر ابن صفیہؓ زبیرؓ ابن عوام ہیں اور صفیہ عبدالمطلب کی بیٹی ہیں۔
جب یہ کلام اس شخص تک پہنچا وہی خنجر اپنے پیٹ میں مار کر جہنم رسید ہوا اس پہ حضرت امیر رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔
صَدَقَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَاتِلُ ابْنِ صَفِيَّةَ بِالنَّارِ۔ سچ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ ابن صفیہ کا قاتل آتش دوزخ میں ہے۔ (یعنی زبیرؓ کا قاتل دوزخی ہے)

اہل بیت کے فضائل

اَتَانِی مَلَکٌ فَسَلَّمَ عَلَیَّ نَزَلَ مِنَ السَّمَاءِ لَمْ یَنْزِلْ قَبْلَهَا فَبَشَّرَنِیْ اَنَّ الْحَسَنَ وَالْحُسَیْنَ سَیِّدَا شَبَابِ اَهْلِ الْجَنَّةِ وَاِنَّ فَاطِمَةَ سَیِّدَةُ نِسَاءِ اَهْلِ الْجَنَّةِ ۔ رواہ ابن عساکر ۔ میرے پاس ایک فرشتہ آیا آتے ہی مجھ کو سلام کیا (یہ) آسمان سے اترا اس سے پہلے نہ اترا تھا پس مجھ کو بشارت دی کہ حسنؓ اور حسینؓ جوانانِ بہشت کے سردار ہیں اور فاطمہ زہراؓ بہشت کی عورتوں کی سردار ہیں۔ اس کو ابن عساکر نے روایت کیا۔

اِنَّ الْحَسَنَ وَالْحُسَیْنَ هُمَا رَیْحَانَتَایَ مِنَ الدُّنْیَا ۔ رواہ الترمذی
حسنؓ اور حسینؓ دنیا میں میرے باغ کے دو پھول ہیں، یعنی دنیا میں میرے گل مراد و ثمر فواد ہیں، اس کو ترمذی نے روایت کیا۔

خَرَجَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ غَدَاةً وَعَلَیْهِ مِرْطٌ مُرَحَّلٌ مِنْ شَعْرٍ اَسْوَدَ فَجَاءَ الْحَسَنُ بْنُ عَلِیٍّ فَاَدْخَلَهُ ثُمَّ جَاءَ الْحُسَیْنُ فَاَدْخَلَ مَعَهُ ثُمَّ جَاءَتْ فَاطِمَةُ فَاَدْخَلَهَا ثُمَّ جَاءَ عَلِیٌّ فَاَدْخَلَهُ ثُمَّ قَالَ

اِنَّمَا یُرِیۡدُ اللّٰہُ لِیُذۡھِبَ عَنۡکُمُ الرِّجۡسَ اَھۡلَ الۡبَیۡتِ وَیُطَھِّرَکُمۡ تَطۡھِیۡرًا۔ رواہ مسلم ۔ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم صبح کے وقت گھر سے باہر تشریف لائے اور صوف کا ایک کمبل اوڑھے ہوئے تھے جس پر کجاوہ شتر کی صورت کے نقش تھے کہ حسن رض ابن علی رض آ گئے آپ نے ان کو کمبل میں لے لیا پھر حسین رض آئے ان کو بھی داخل کیا پھر حضرت فاطمہ زہرا رض تشریف لائیں ان کو بھی اسی میں داخل کیا پھر حضرت علی رض آئے ان کو بھی اسی میں لے لیا اور یہ آیت پڑھی جس کا ترجمہ یہ ہے کہ اے اہل بیت اللہ تعالٰے یہ چاہتا ہے کہ تمہاری پلیدی دور کر دے اس کو مسلم نے روایت کیا۔

فائدہ :۔ اس آیت کا نزول اوّلاً ازواج مطہرات کے لئے ہوا اور ثانیًا بطریق اولیت ان نفوس اربعہ طاہرہ کے حق میں۔

لَمَّا نَزَلَتۡ ھٰذِہِ الۡاٰیَۃُ نَدۡعُ اَبۡنَآءَنَا وَاَبۡنَآءَکُمۡ وَنِسَآءَنَا وَنِسَآءَکُمۡ وَاَنۡفُسَنَا وَاَنۡفُسَکُمۡ الۡاٰیَۃ دَعَا رَسُوۡلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ عَلِیًّا وَفَاطِمَۃَ وَحَسَنًا وَحُسَیۡنًا فَقَالَ اَللّٰھُمَّ ھٰٓؤُلَآءِ اَھۡلُ بَیۡتِیۡ ۔ رواہ مسلم ۔ جب یہ آیت نازل ہوئی جس کا مضمون یہ ہے کہ بلائیں ہم اپنے فرزندوں کو اور اپنی عورتوں کو اور اپنے نفسوں کو اور تمہارے نفسوں کو ۔ تو پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علی رض اور فاطمہ رض اور حسن اور حسین رض کو طلب کیا اور فرمایا ۔ الٰہی یہ میرے اہل بیت ہیں اس کو مسلم نے روایت کیا۔

إِنِّیْ تَارِكٌ فِیْكُمُ الثَّقَلَیْنِ اَوَّلُهُمَا كِتَابُ اللّٰهِ فِیْهِ الْهُدٰی وَالنُّوْرُ فَخُذُوْا بِكِتَابِ اللّٰهِ وَاسْتَمْسِكُوْا بِهٖ فَحَثَّ عَلٰی كِتَابِ اللّٰهِ وَرَغَّبَ فِیْهِ ثُمَّ قَالَ وَاَهْلُ بَیْتِیْ اُذَكِّرُكُمُ اللّٰهَ فِیْ اَهْلِ بَیْتِیْ اُذَكِّرُكُمُ اللّٰهَ فِیْ اَهْلِ بَیْتِیْ۔ رَوَاهُ مُسْلِمٌ۔ میں تم میں دو چیزیں بزرگ قدر وگرانبار یعنی عالی مرتبہ چھوڑتا ہوں۔ اول کتاب اللہ کو مضبوط پکڑو اور اس کو اختیار کرو پس آپ نے کتاب اللہ کے عمل پر کمال تحریص کی اور رغبت دلائی پھر فرمایا کہ "میرے اہل بیت" یعنی میں تم کو اپنے اہل بیت کے بارے میں خدا کو یاد دلاتا ہوں۔ یعنی ان کی تعظیم و توقیر اور محبت کے بارے میں اس کو مسلم نے روایت کیا۔

فائدہ:۔ اس حدیث سے دو چیزوں کا اہتمام اور ان کی محافظت نکلی ایک قرآن شریف کی پیروی کہ خدا کا فرمان ہے، احکام دینی اور جمیع امور کی تفصیل اس میں موجود ہے۔ دوسرے اہل بیت کی تعظیم وتوقیر کی رعایت اور ان سے محبت کا وجوب اور یہ حکم تمام اہل بیت کو شامل ہے۔ اور اہل بیت جملہ قسم کے ہیں "ازواج مطہرات" اولاد (۳) بھائی (۴) چچا (۵) پھوپیاں اور لوگ جو علاقۂ مصاہرت رکھتے ہیں جیسے خسر اور داماد۔

كَمُلَ مِنَ الرِّجَالِ كَثِيْرٌ وَلَمْ يَكْمُلْ مِنَ النِّسَاءِ اِلَّا مَرْيَمُ بِنْتُ عِمْرَانَ وَآسِيَةُ امْرَأَةُ فِرْعَوْنَ وَخَدِيْجَةُ بِنْتُ خُوَيْلِدٍ وَفَاطِمَةُ بِنْتُ مُحَمَّدٍ وَفَضْلُ عَائِشَةَ عَلَى النِّسَاءِ كَفَضْلِ الثَّرِيْدِ عَلٰى

سَائِرِ الطَّعَامِ رواہ مسلم ۔ بہت سے مرد کمال کو پہنچے اور عورتیں کمال کو نہ پہنچیں مگر مریم عمران کی بیٹی اور آسیہ فرعون کی بیوی اور خدیجہ خویلد کی بیٹی اور فاطمہؓ محمدؐ کی بیٹی اور عائشہ رضؓ عورتوں پر ایسی فضیلت ہے جیسی ثرید (شوربے میں بھیگی ہوئی روٹی) کو تمام کھانوں پر ہے ۔ اس کو مسلم نے روایت کیا۔

خلاصہ یہ ہے کہ تمام جہان کی عورتوں میں سے پانچ عورتوں نے ذاتی صفاتی فضیلت پائی ، مریمؑ ، آسیہؑ ، خدیجہؓ ، فاطمہؓ عائشہؓ اور ہر ایک وجوہ فضل میں یکتا ہے ۔ عائشہ صدیقہ رضؓ عمدہ فضیلت رکھتی ہیں اس لیے آپ کے منہ سے ان کے بارے میں لفظ فضل نکلا جو لفظِ کمال سے ابلغ ہے اور ظاہر ہے کہ عائشہ صدیقہؓ کی ذاتی و صفاتی فضیلت ابواب علم و سخا و زہد و تقویٰ اور نفع رسانی امت میں عموماً اور خصوصاً اعلیٰ درجہ پر ہیں اور سیدۃ النساء رضؓ طہارت ذاتی و زنہایت صفاتی رکھتی ہیں ۔ ابواب زہد و تقویٰ میں ان کی فضیلت اور جناب نبویؐ کے اخلاق و افعال سے مشابہت ایک بلند مرتبہ اور عالی منصب ہے (یعنی ان کے اخلاق و عادات جناب رسالت سے بہت کچھ ملتے جلتے ہیں ۔

اَحَبُّ اَھْلِی اِلَیَّ فَاطِمَةُ رواہ الترمذی ۔ مجھ کو اپنی اہل میں زیادہ محبوب فاطمہ رضؓ ہیں ۔ اس کو ترمذی نے روایت کیا
صَدَقَ اللّٰہُ وَرَسُوْلُہٗ اِنَّمَا اَمْوَالُکُمْ وَاَوْلَادُکُمْ فِتْنَةٌ ٥

نَظَرْتُ اِلٰی ھٰذَیْنِ الصَّبِیَّیْنِ یَمْشِیَانِ وَیَعْثُرَانِ فَلَمْ اَصْبِرْ حَتّٰی قَطَعْتُ حَدِیْثِیْ وَرَفَعْتُھُمَا ۔ رواہ احمد والترمذی وابن ماجہ وابو داؤد والنسائی ۔ خدا اور اس کے رسول نے سچ فرمایا اور آیت کا مضمون یہ ہے کہ تمہارے اولاد اور اموال آزمائش کا سبب ہیں ہیں نے اِن دو بچوں (یعنی حسن رض اور حسین رض) کو دیکھا کہ چلتے تھے اور ٹھوکر کھاتے تھے پس مجھے صبر نہ ہو سکا یہاں تک کہ میں نے کلام ختم کر دیا ۔ اور ان کو اٹھالیا (یعنی آپ نے اس حال میں کہ خطبہ پڑھتے تھے ان کو پھسلتا اور گرتا دیکھ کر خطبہ چھوڑ کر دونوں کو گود میں اٹھالیا) اس کو احمد، ترمذی، ابن ماجہ، ابوداؤد اور نسائی نے روایت کیا ۔

اَلْحَسَنُ وَالْحُسَیْنُ شَنْفَا الْعَرْشِ وَلَیْسَا بِمُعَلَّقَیْنِ ۔ رواہ الطبرانی

حسن رض اور حسین رض دونوں عرش کے گوشوارے یعنی عرش کی آرائش و زینت ہیں اور عرش پر معلق نہیں ہیں ۔ اس کو طبرانی نے روایت کیا

فائدہ

شنف سے مراد گوشوارہ حسی نہیں کہ زیور کی قسم سے ہو ۔ اور عرش پر معلق ہو بلکہ گوشوارہ معنوی مراد ہے جیسے کہ حدیث میں حضرت امیر حمزہ رض کے حق میں اسد اللہ آیا ہے ۔

مَنْ اَحَبَّ الْحَسَنَ وَالْحُسَیْنَ فَقَدْ اَحَبَّنِیْ وَمَنْ اَبْغَضَھُمَا فَقَدْ اَبْغَضَنِیْ

رواہ احمد وابن ماجہ ۔ جو حسن رض اور حسین رض کو دوست رکھتا ہے وہ مجھ کو دوست رکھتا ہے اور

جو ان کو دشمن جانتا ہے وہ مجھ کو دشمن جانتا ہے۔ اس کو احمد اور ابن ماجہ نے روایت کیا۔

مَثَلُ اَهْلِ بَيْتِي مَثَلُ سَفِيْنَةِ نُوْحٍ مَنْ رَكِبَهَا نَجَى وَمَنْ تَخَلَّفَ عَنْهَا غَرِقَ۔ رواه الترمذی والبزار — میرے اہل بیت کی مثال ایسی ہے جیسے نوح کی کشتی، جو اس پر سوار ہو گیا ہلاک ہونے سے بچ رہا اور جو رہ گیا اور سوار نہ ہوا غرق ہو گیا یعنی جو ان سے محبت رکھتا ہے اور ان کی معیت اور موافقت کرتا ہے خدا کی حمایت اور نصرت میں آجاتا ہے۔ اس کو ترمذی اور بزار نے روایت کیا۔

سَأَلْتُ رَبِّيْ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى اَنْ لَّا اَتَزَوَّجَ اِلٰى اَحَدٍ مِّنْ اُمَّتِيْ وَلَا يَتَزَوَّجَ لِيْ اَحَدٌ مِّنْ اُمَّتِيْ اِلَّا كَانَ مَعِيَ فِي الْجَنَّةِ فَاَعْطَانِيْ ذٰلِكَ۔ رَوَاهُ الطَّبْرَانِيُّ وَالْحَاكِمُ۔

میں نے اپنے پروردگار سے جو بابرکت و بزرگ ہے درخواست کی کہ میں اپنی امت میں سے کسی سے نکاح نہ کروں اور نہ کوئی میری امت میں سے نکاح کرے مگر (یہ کہ) وہ جنت میں میرے ہمراہ ہو پس خداوند تعالیٰ نے مجھ کو یہ بات عطا کی۔ اس کو طبرانی اور حاکم نے روایت کیا۔

فائدہ:۔ یعنی جس کو رسالت مآب صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ زوجیت حاصل ہے وہ دخولِ جنت کی بشارت میں داخل

ہے۔ داخل ہے۔ عام ہے کہ نکاح کی خواستگاری آنحضرت صلعم کی طرف سے ہو یا دوسروں کی طرف سے۔

اَثْبَتُکُمْ عَلَی الصِّرَاطِ اَشَدُّکُمْ حُبًّا لِاَہْلِ بَیْتِیْ وَاَصْحَابِیْ۔ رواہ ابن عدی والفردوس۔ تم میں پل صراط پر زیادہ ثابت قدم وہ شخص ہے جس کو میرے اہل بیت اور اصحاب کی محبت زیادہ ہے اس کو ابن عدی اور فردوس نے روایت کیا۔

فائدہ:۔ اس حدیث سے ظاہر ہوا کہ جس کو آل اور اصحاب کی محبت نہیں پل صراط پر اس کا قدم لغزش کرے گا اور منشاء اس کا یہ ہے کہ آل اور اصحاب کی محبت نہ ہونے سے اس کے ایمان میں خلل واقع ہوگا۔

ھٰذَانِ اِبْنَایَ وَابْنَا بِنْتِیْ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اُحِبُّھُمَا فَاَحِبَّھُمَا وَاَحِبَّ مَنْ یُّحِبُّھُمَا رواہ الترمذی۔ یہ دو یعنی حسن اور حسین میرے نواسے ہیں الٰہی میں ان دونوں کو دوست رکھتا ہوں تو بھی ان کو دوست رکھ اور جو ان کو دوست رکھے اس کو دوست رکھ۔ اس کو ترمذی نے روایت کیا۔

اَحِبُّوا اللّٰہَ لِمَا یَغْذُوْکُمْ بِہٖ مِنْ نِّعْمَۃٍ وَاَحِبُّوْنِیْ بِحُبِّ اللّٰہِ وَاَحِبُّوْا اَھْلَ بَیْتِیْ بِحُبِّیْ رواہ الترمذی۔ اللہ کو دوست رکھو اس لئے کہ وہ تم کو نعمتیں کھلاتا ہے اور اللہ کی دوستی کی وجہ سے مجھ کو دوست رکھو اور میری دوستی کی وجہ سے میرے اہلبیت کو۔ اسکو ترمذی

نے روایت کیا۔

فائدہ: یعنی منعم حقیقی کی نعمتوں کی وجہ سے اس سے دوستی رکھو اس کی دوستی کی وجہ سے اس کے پیغمبر سے اور اس کے پیغمبر کی دوستی کی وجہ سے اس کے اہل بیت سے

اَللّٰھُمَّ اَحْیِنَا عَلٰی حُبِّھِمْ وَاَمِتْنَا عَلٰی حُبِّھِمْ وَاحْشُرْنَا مَعَھُمْ تَحْتَ لِوَائِھِمْ وَاجْعَلْنَا مِنْ اَتْبَاعِھِمْ۔

آمِیْن یَارَبَّ الْعَالَمِیْن ۰

فارسی متن

تالیف :- شاہ عبدالعزیز دہلوی

رسالہ وسیلۃ النجات

تصنیف فخر المحدثین ذو العلم والتمیز مولانا شاہ عبد العزیزؒ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ حق حمدہ والصلوٰۃ والسلام علی حبیبہ وجندہ اللّٰہم یا مقلب القلوب ثبت قلوبنا علی دینک سبب تالیف شخصے از آشنایان کہ بمذہب تشیع الفت داشت استدعا نمود کہ چند کلمہ در بیان دلائل حقیقت فرقہ ناجیہ باید نوشت بحکم الدین النصیحۃ اجابت آں سؤل کردہ آمد و ایں رسالہ را وسیلۃ النجات نامیدہ شد والسلام علی من اتبع الہدیٰ۔

سوال در میان اہلسنت وشیعہ گفتگو بسیار واقع شدہ سُنیان دعویٰ می کنند کہ مذہب ما برحق است وموافق قرآن وحدیث است وکتاب ہائے ہمہ باطل وافترا النسبت مذہب اہل بیت ہست بلکہ مذہب اہل بیت ہمیں است کہ ما میداریم وشیعہ ہم ہمیں دعویٰ میکنند کہ قرآن مذہب ماست و طریقہ امام جعفر صادق رض است وکتاب ہائے سنیاں را غیر معتبر میگویند

ودریں بارہ جواب شافی از آیات قرآنی کہ در آں جائے دم زدن کسے نباشد و عذر منقطع گردد باید نوشت کہ طالبان راہ نجات بر آں عمل نمایند تا از مذہب باطل دست بردارند جواب اے برادر اول بنائے ہر مذہب را دریافت کن و کتابہائے ہر فریق را یکسو گذار و در طاق بنہ و چوں بہ بنائے ہر یکے واقف شوی آں بنا را بر آیات قرآنی مطابق کن و بنائے ہر کدام مذہب کہ محکم و راسخ بینی آنرا مذہب حق دانستہ کتابہائے آں بخواں و بعمل آرد و بنائے ہر مذہبے کہ باطل یابی کتابہائے آنہا را وساوس شیطانی دانستہ در آب انداز و گرد آں ہرگز مگرد و آنہا را پارہ پارہ کن و یقین داں کہ آں مذہب اہل بیت نیست بلکہ مذہب شیطان است پس بدانکہ بنائے مذہب اہل سنت بر ایمان و تقویٰ و صلاح و راستی ابوبکرؓ و عمرؓ و عثمانؓ و علیؓ و غیرہم از مہاجرین و انصار و دیگر اصحاب سید المرسلین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کہ ہزارہا کس بودند ہمراہ آں حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم در راہ خدا جہاد و نماز کردند و تا مدت حیات آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہمیشہ در نصرت و حمایت او بودند و بعد وفات آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم در خلافت خود عدل و انصاف و راستی گزیدند و خدمت اہل بیت و محبت آنہا بجا آوردند و امیر المومنین حضرت علی رضی اللہ عنہ ہمیشہ با آنہا نشست و برخاست نمودہ ہمراہ آنہا با کفار جہاد کردہ و در پس آنہا نماز خواندہ و ہمیشہ با آنہا محبت داشتہ و بعد وفات آنہا در حق آنہا دعائے خیر نمودہ بسیار مدح و مناقبت آنہا بیان فرمودہ و بنائے مذہب شیعہ بر کفر و نفاق خلفائے ثلاثہ و غیرہم ہزاراں

صحابہ سید ابرار ست کہ اینہا میگویند کہ ہمہ آنہا ایمان نفاق آوردہ بودند
ہجرت ہم برائے ریاست وطمع دنیا کردہ بودند وہمہ جہاد وعبادت آنہا
برائے ریا بود نہ برائے خدا وبعد وفات آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
با اہل بیت او ایذا رسانیدند وعلی مرتضیٰ رض را یاری نکردند وحق او نیز
وبگرفتند ومتابعت ونماز علی رضی اللہ عنہ ہمراہ اینہا بنا بر خوف وتقیہ بود
حتی کہ حضرت علی رضی اللہ تعالی عنہ دختر طاہرہ خود را در نکاح عمر برائے
تقیہ داد ونام پسران خود ابوبکر رض علی رض وعمر رض علی رض وعثمان رض علی رض ہم برائے
تقیہ نہاد وصحابہ مخلصین اندک بودند ابوذر رض ومقداد رض وسلمان رض وعمار رض
وجابر رض وچند کس دیگر اے برادر چوں بنائے ہر دو مذہب دریافتی پس
پس بدانکہ دلیل بر بنائے مذہب اہل سنت آیات قرآنی بسیار اند کہ
ہر یک از آں برائے اثبات واستحکام ان بنا کافی است وبنا بر اختصار
دریں مقام چند آیات نوشتہ می شود قولہ تعالی۔ : وَالسَّابِقُوْنَ الْاَوَّلُوْنَ
مِنَ الْمُهَاجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارِ وَالَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُمْ بِاِحْسَانٍ رَضِيَ
اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ ــــ وسابقین کہ اولین اند از مہاجرین وانصار
ودانانکہ پیروی ومتابعت سابقین کردند بہ نیکوئی یعنی با ایمان وطاعت
راضی شد خدائے تعالیٰ از انہا وراضی شدند آنہا از خدائے تعالیٰ
وَاَعَدَّ لَهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهَارُ۔ ومہیا کرد خدا برائے
آنہا بہشت ہا کہ جاری اند زیر منازل یا درختان آنہا نہر خَالِدِيْنَ
فِيْهَآ اَبَدًا۔ ایں ہمہ مہاجرین وانصار ومتابعت کنندگان آں ہا

دربہشت ہا باشند ہمیشہ ایں آیت بر ملا ندا مے کند کہ مہاجرین و انصار سابقین ہمہ بہشتی اند و متابعت کنندگاں آنہا کہ بعد آنہا بودند و طریقہ آنہا اختیار کردند آنہا ہم ہا بہشتی اند و شک نیست کہ ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالےٰ عنہ از مہاجرین اولین است کہ وقت ہجرت ہمراہ پیغمبر صلعم بود و عمرؓ و عثمانؓ و علیؓ و بسیارے دیگر از مہاجرین اولین اند و ہر کہ ابوبکرؓ را از مہاجرین اولین نداند بسبب انکار ایں آیت کافر باشد قال اللہ تعؔ اِذْ اَخْرَجَہُ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا ثَانِیَ اثْنَیْنِ اِذْ ھُمَا فِی الْغَارِ اِذْ یَقُوْلُ لِصَاحِبِہٖ لَا تَحْزَنْ اِنَّ اللّٰہَ مَعَنَا — چوں بیروں کردند رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کفار مکہ در حالیکہ دوم دو کس بودند چوں بودند ہر دو در غار چوں میگفت رسول خدا صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم در یار خود را کہ ابوبکر صدیقؓ است اندوہگین مشو بدرستیکہ خدا با ماست و متابعت کنندگان آنہا بواقعی مہاجرین و انصار ند کہ بعد اینہا ایمان اوردند و ہجرت و نصرت کردند و حق تعالےٰ دریں آیت خبر داد کہ ہمیشہ در بہشت خواہند بود پس ثابت شد کہ ایشاں قطعی بہشتی اند ہر کہ ایشاں را بہشتی نداند بسبب انکار ایں آیت کافر باشد و اگر دریں مقام شیطانے بیاید و ترا وسوسہ دہد کہ شاید مراد ازیں آیت مہاجرین باشند کہ شیعہ در حق اینہا حسن ظن دارند کہ ہجرت آنہا فی سبیل اللہ بود و ہجرت ابوبکرؓ وغیرہ برائے طمع دنیا بود جواب او بگو کہ اے ابلیس دروغ میگوئی بلکہ ہجرت جمیع مہاجرین برائے خدا بود چنانچہ در آیتے کہ اول بعد ہجرت بود

درباب قتال نازل شده اُذِنَ لِلَّذِیْنَ یُقَاتَلُوْنَ بِاَنَّهُمْ ظُلِمُوْا اذن و دستوری داده شد بجنگ کردن کفار مرکسانے راکہ میخواہند کارزار کردن را یعنی مہاجرین را بسبب آنکہ آنہا از دست کفار ظلم کشیدہ بودند اِنَّ اللّٰہَ عَلٰی نَصْرِهِمْ لَقَدِیْرٌ ۔ و بدرستیکہ خدائے تعالیٰ بر نصرت کردن آنہا ہر آئینہ قادر ست اَلَّذِیْنَ اُخْرِجُوْا مِنْ دِیَارِهِمْ بِغَیْرِ حَقٍّ اِلَّآ اَنْ یَّقُوْلُوْا رَبُّنَا اللّٰہُ آنانکہ بیرون کردہ شدند از سراہائے شان بغیر حق مگر آنکہ میگفتند آنہا کہ پروردگار ما تعالیٰ است یعنی از ایشاں ہیچ گناہے نشدہ کہ بسبب آں بیروں کردہ شدند مگر فقط بسبب ایمان آنہا را بیروں کردند پس ازیں ثابت شد کہ ہجرت جمیع مہاجرین خَالِصًا لِلّٰہِ تعالیٰ نہ برائے طمع دنیا پس ثابت شد کہ ہمہ مہاجرین رضی اللہ تعالیٰ عنہم منصور اند اے برادر ہرکہ ایمان بقرآں داد چوں بروئے ثابت شد کہ خدائے تعالیٰ کسے را جنتی فرمود و گفت کہ انہا در جنت بو سبیل ابد و دوام باشد تمام اعتراضات درحق وے ساقط گشت چراکہ حق تعالیٰ عالم الغیب است و میداند کہ از فلاں بندہ در فلاں وقت حسنہ یا در فلاں وقت سیئہ بظہور خواہد آمد و باوجود آں اگر او را فرماید کہ ایں را جنتی نمودم دریں ضمن اشارتست بمغفرت جمیع زلالت وے متحقق گشت پس دیگر بندگان را درحق آں کس طعن و تشنیع نمودن اعتراض بجناب الٰہی کردن ست گویا کہ اعتراض کنندہ می گوید کہ ایں بندہ بداست خدائے تعالیٰ او را چرا بہشتی میکند و ظاہر است کہ اعتراض کردن دریں مقام کفر است و بندہ را کہ

کے نکاح کی حرمت اور ذبح بغیر اللہ اور کفر کی رسموں سے منع کرتے ہیں بالکل صحیح اور ٹھیک ہیں اس میں انہیں نہ چاہیے بلکہ ان احکام کے رائج کرنے اور شہرت دینے میں کوشش کرنا چاہیے کیونکہ سنت کے قائم کرنے اور بدعت کے مٹانے میں بہت ثواب ہے۔ اور مولوی نور محمد نے مسلمانوں کی جماعت کثیر کے سامنے جس میں ہی بھی تھا وحدت وجود کے قائلوں کی طعن و تشنیع سے بالکل انکار کیا اور فرمایا کہ اگر دانستہ یا نا دانستہ بھول و چوک سے کوئی بات اس قسم کی زبان سے نکلی ہو تو میں اس سے توبہ نصوح کرتا ہوں۔ میں نے زیادہ تر مخالفت اس امر کی کی کہ یہ مسئلہ عوام کی زبان پر رائج اور شائع نہیں ہونا چاہیے کیونکہ وہ اس مسئلہ کی حقیقت کو دریافت نہیں ..... کرتے۔ اس حالت میں یہ ضروری ہے کہ اس نواح میں منادی کی جائے اور اشتہار دیا جاوے کہ اس مسئلہ کے اقرار یا اثبات میں کوئی گفتگو نہ کی جاوے اور اس مسئلہ کو زبان پر نہ لاوے۔ جو اس پر عمل نہ کرے گا اسے سزا اور سرزنش کی جاوے گی اور مسلمان آپس میں شیر و شکر کی طرح مل جل کر رہیں اور دین کے ضروری کاموں میں جن کا تعلق عقیدہ اور عمل سے ہے اہمیں مشغول رہیں۔ والسلام۔

فرنگی کی ملازمت

بنام شاہ غلام علی مجددی

شاہ صاحب عرفان مراتب سلمکم اللہ تعالیٰ بعد سلام مسنون معلوم ہو کہ آپ کا خط ملا جس میں آپ نے اس مدرسہ میں چند روز سے فرنگی کی نوکری

عہدہ مفتی قبول کرنے کی خبر سنکر متفکر ہونے کا حال لکھا ہے کچھ خبر تو صحیح ہے اور کچھ صحیح نہیں۔ اصلی بات یہ ہے کہ مولوی رعایت علی فرنگی کے مختار کا بہت امادہ ہیں اور بار بار مجھے لکھا کہ ایک عالم جو متدین ہو اور رشوت خور نہ ہو اور فقہی مسئلوں سے خوب واقف ہو میرے پاس بھیج دیجئے تاکہ میں ہر واقعہ اور حادثہ میں فقہ کے بموجب فیصلہ کر سکوں۔ یہاں سے یہ لکھا گیا کہ آپ فرنگی کے نوکر اور دبلے ہیں ایسا نہ ہو کہ وہ خلاف شریعت احکام کی تعمیل کا حکم دیں اور ایسی حالت میں اس شخص کو فرنگیوں سے ملنے کی ضرورت پڑے اور امور اسلام میں سستی کا باعث ہو۔ وہاں سے بڑی تاکیدوں کے ساتھ تحریر آئی کہ اس شخص کو فرنگیوں سے ملنے کی قطعاً ضرورت نہ ہوگی اور نہ انہیں خلاف شرع حکم کی تکلیف دی جاوے گی، بلکہ شہر میں ایک علیحدہ مکان میں قیام کریں گے اور شرع محمدی کے مطابق بے کھٹکے حکم کریں۔ ان تحریرات کے موصول ہونے پر اس پر غور و فکر کیا گیا کہ کافروں کے ساتھ ایسا تعاون عمل جس سے شرعی احکام کا رواج مقصود ہو شریعت کی رو سے جائز ہے یا نہیں اللہ تعالیٰ کی جانب سے یہ آیت دل میں (سورۂ یوسف) قال اجعلنی . . . انی حفیظ علیم۔

بیضاوی نے کہا کہ اس آیت میں کافر سے ملازمت چاہنا اور اس کے متعلق مدد کرنا اور ملازمت کرنا جبکہ خلق پر اقامت حق اور سیاست کی کوئی راہ نہ ہو سوائے اس کے اس کے جواز کی دلیل ہے۔ یہ تو شریعت سے تعلق رکھتا ہے۔ رہا طریقت کی بابت تو ترک و تجرید اور فقر کا اختیار کرنا اور

کسب کو چھوڑنا جملہ طریقوں میں اس شخص کے لئے ہے جو اپنے اختیار سے اس ترک کو اپنے اوپر لازم کرلے اور کسی کے ہاتھ پر اس عہد کی بیعت کرے۔ جب کوئی شخص ایسے فقر کا التزام اور اس پر عہد نہ کرے اور دنیاوی علائق سے تعلق اور ملازمت کرنے باوجود اسے مشغولی باطن ذکر و فکر کرنے سے اور مشاہدہ حاصل ہوتا ہے بالجملہ کسب معاش اور تعلق کی اجازت ہے ہر طریقت میں حرام نہیں ہیں ورنہ قاضیوں اور دیگر اہل پیشہ کو طریقت کی تعلیم دینا جائز نہ ہوتا۔ حالانکہ اس فرقہ کے بہت اشخاص اولیائے اکابر ہوئے ہیں اور تکمیل اور کمال کے درجہ پر پہنچے ہیں۔ پھر ایک مبتدی کا کیا ذکر ہے اس طریقت میں ترک اور تجرید قصد اور ارادے سے ہوتی ہے اور وہ بھی چند شرطوں کے ساتھ یعنی بال بچے نہ ہوں اور والدین نہ ہوں کیونکہ ان کی خدمت فرض ہے اور قرابت دار نہ ہوں جن پر شفقت واجب ہے پس قابل غور یہ ہے کہ اس میں کافروں کی صحبت اور حدود اسلام میں سستی یا کفر کی رسوم میں ان کی موافقت یا ان کی خوشامد یا کذب یا دیگر مفاسد کا کوئی خوف اور اندیشہ نہیں ہے جو مالدار مصاحبوں کو لاحق ہوتا ہے پس بہ شریعت اور حقیقت دونوں میں بلا شک و شبہ مباح ہے۔ مثلاً ہم نے سنا ہے اور دیکھا ہے کہ خلفاء اور بعض اصحاب اور اولیاء معلم گری کرتے اور یہودی بچوں کو پڑھاتے اور عمدہ بشارات حاصل کرتے تھے۔ پھر ایسے شخص کا کیا ذکر ہے جس نے ابھی اس وادی میں قدم نہ رکھا ہو اور ترک اور تجرید کو اختیار نہ کیا ہو۔ ان امور مرقومہ کی بنا پر یہ تجویز کیا گیا تھا کہ مولوی عبدالغنی صاحب یہاں سے جاویں اور اگر وہ

برائیاں نہ ہوں جن کا وہم و گمان ہے تو خیر ورنہ لوٹ آویں۔ جب اتنا معلوم تھا تو دل میں برافروختگی نہ ہونی چاہیئے تھی اور اتنا ذہن نشین مجملاً ہونا چاہیئے تھا کہ میں نے بھی عمر بھر ان مذکورات میں صرف کی ہے اور اپنے آباؤ اجداد کی وضع کو دیکھا اور سُنا ہے۔ دفعتہً کوئی ناپسندیدہ حرکت بلا حجت شرعی اور حقیقت کی بابت بلا سوچے سمجھے نہ ہو گی جو مکروہ اور بری ہوں نہ اپنے لئے اور نہ دوسرے کے لئے تجویز کی جاوے گی۔ زیادہ کیا لکھوں۔ والسلام والاکرام

شاہ صاحب عرفان مراتب اللہ آپ کو سلامت رکھے سلام مسنون کے بعد واضح ہو کہ معارج القدس امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ کی تصنیف ہے نفس اور اس کی قوتوں کی شناخت اور اس کے اخلاق کے سنوارنے اور ان کے فساد کی درستی کے بارے میں لیکن یہ حکمت کے طور پہ بیان کئے گئے ہیں اور اس میں تھوڑی سی آمیزش تصوف اور سلوک کے قواعد کی بھی ہے اور کتاب الطاف القدس فی معرفۃ النفس ولی نعمت علیہ الرحمۃ کی تصنیف ہے اس میں تصوف اور سلوک کے قاعدوں کے مطابق لطائف نفس کی شناخت کرنا ہے۔ بالفعل یہ دوسرا طریقہ زیادہ فائدہ مند اور سہل ہے اگر مطالعہ کرنا چاہتے ہیں تو الطاف القدس کو پڑھئے کتاب معارج القدس میں انتہائی دشواریاں ہیں اور اس زمانہ میں اس کے مطالب پر غور کرنا مشکل ہے

دعائے مراتب عرفان و کمال کے سوا کیا لکھوں۔

والسلام

لہ شاہ ولی اللہ دہلوی۔

مفتی صدر الدین کے حالات

بنام مولوی امین اللہ صاحب

مولوی صدر الدین صاحب جو اس شہر (دہلی) کے نامور فاضل ہیں۔ اکثر علوم عقلی و نقلی، عربی ادب، اصول، فقہ، کلام اللہ، فنون فارسی میں سب مہارت رکھتے ہیں، اور فقیر کے یہاں اکثر علوم نفسیہ انہوں نے حاصل کئے ہیں اس طرح ان کی ارادت اور تعلق فقیر کے ساتھ موروثی ہے۔ ان کے دادا معتبر فاضل اور میرے والد ماجد (شاہ ولی اللہ دہلوی) کے خاص دوست اور شاگرد تھے۔ اس وقت (مفتی صدر الدین) چند معاملات کی وجہ سے کلکتہ آ رہے ہیں، انشاء اللہ تعالیٰ آپ سے ملاقات ہو گی ان کے معاملات کے متعلق۔ ملاقات اور اعزاز و اکرام میں جس قدر ممکن ہو سکے رعایت کیجئے۔

بنام شاہ اہل اللہ دہلوی

اللہ تعالیٰ سکھ اور مرہٹوں کو ہماری طرف سے مزہ چکھائے بہت بڑا مزہ بہت جلد بلا تاخیر۔ مہلت کے ان شریروں نے اللہ کی بہت سی مخلوق شہید کر ڈالا اور غریب گڈریوں تک کو اپنے ظلم و ستم سے ستایا ہر سال یہ ہماری بستیوں اور شہروں پر چڑھائی کرتے ہیں اور صبح و شام حملہ کرتے رہتے ہیں آیا کوئی پناہ گزینوں کے لئے پناہ گاہ ہے اور آیا فریادی کے لئے کوئی فریاد رس ہے جس کے دل میں خوف خدا اور انصاف ہے۔

(۲) اللہ تعالیٰ اس ملک سے ان کو ناپید فرمائے یہ بدترین دشمن

ہیں اور غول بیابانی ہیں۔ میں اپنا ان لوگوں کا معاملہ خدا کے سپرد کرتا ہوں اس امید پر کہ وہ ہماری حفاظت کرے گا۔

(۳) پھر معلوم ہوا کہ ملک تباہ و برباد ہو رہا ہے ظالموں اور بد معاشوں کے ہاتھ سے، آپ پر غالباً یہ مخفی نہ ہوگا —— جو کچھ قوم سکھ نے کیا ہے جو نشان نحوست ہیں۔

گینڈے کا حکم

بنام مولوی عبدالرحمٰن صاحب

اخون زادہ مولوی عبدالرحمٰن صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ۔ آپ کا خط ملا۔ ... فقیر چند سال سے طرح طرح کی بیماریوں کی کثرت سے فقہ کی کتابوں کی طرف رجوع کرنے سے محروم ہے اور بینائی نہ رہنے کی وجہ سے کسی کتاب کا مطالعہ نہیں کر سکتا ہوں لہٰذا کتابوں کے جمع کرنے کو بیکار سمجھ کر بند کر دیا لیکن جو دیکھا یا سنا وہ یاد ہے۔ آپ نے دریافت کیا ہے کہ گینڈے کی بابت کیا حکم ہے۔ شیخ الاسلام نے صیدیہ میں دو حکم نقل کئے ایک قول یہ ہے کہ گینڈا حرام ہے کیونکہ وہ انسان اور دوسرے جانوروں پر حملہ کرتا اور مار ڈالتا ہے اگرچہ گوشت نہیں کھاتا ہے۔ پس اس میں درندگی کی صفت پیدا ہوئی اور سب درندے حرام ہیں۔ اور کتاب حیات الحیوان میں لکھا ہے کہ گینڈا انسان کا سخت دشمن ہے انسان کی آواز سن کر اس کا پیچھا کرتا اور مار ڈالتا ہے اگرچہ اس میں سے کچھ نہیں کھاتا۔ یہی مستظرف میں ہے۔

دوسرا قول جو نقل کیا ہے کہ وہ حلال ہے کیونکہ وہ گھاس اور پتی کھاتا ہے اس لئے وہ چرندوں میں ہے درندہ نہیں ہے۔ اس وقت کتاب صیدیہ موجود نہ تھی کہ اس کی عبارت نقل کی جاتی لیکن عبارت کا مضمون یقیناً یہی ہے اور کتاب حیات الحیوان میں کمال الدین موسیٰ اور دمیری شافعی کے قول اس کے حرام ہونے کے بابت درج ہیں۔ یہ کتاب بھی نہ ملی جو عبارت نقل کی جاتی۔ لیکن یہ یاد ہے کہ کرگدن کو حمار ہندی بھی کہتے ہیں۔ لیکن کرگدن مشترک ہے اس جانور اور ایک دوسرے جانور میں جو اس سے چھوٹا ہوتا ہے اور بھینسے کی شکل کا ہوتا ہے اور آخر الذکر کی بابت صحیح روایت ہے کہ حضرت علی مرتضیٰ نے کوفہ میں حلال ہونے کا حکم دیا تھا۔ بعض پرانے علماء کو اشتباہ پیدا ہوا اور انہوں نے اس کے حلال ہونے کا فتویٰ دیا اور حقیقت حال اللہ ہی کو معلوم ہے۔ اور آپ کو معلوم ہوگا کہ یہ جانور تین جانوروں سے مشابہ ہے اس کا بدن اور پیر فیل کی مانند ہیں اور اس کا وسط بھینسے کی مانند ہے اور اس کے منہ میں جو دانت ہیں اور سر پر جو سینگ ہے اس سے سؤر سے مشابہت پیدا ہوتی ہے اور کتابوں میں صاف طور پر لکھا ہے کہ جب حلال اور حرام جانوروں کی مشابہت پیدا ہو تو اس جانور کی صورت یہ حکم دیا جائے گا جس سے زیادہ مشابہ ہو۔ اگر حلال جانور سے زیادہ مشابہ ہے تو حلال ہے اور حرام جانور سے زیادہ مشابہ ہے تو حرام ہے چنانچہ بھیڑیئے اور بکری سے جو بچہ پیدا ہوتا ہے یہی حکم لگایا جاتا ہے۔ چونکہ کرگدن میں فیل اور خوک سے مشابہت موجود ہے اس لئے اس کے حرام ہونے کا حکم بہتر اور مناسب تر ہے اور یہ مقربہ

قاعدہ ہے کہ جب حرام اور حلال جمع ہوں تو حرمت کا حکم ہے (اس کا قول ختم ہوا) فقیر توفیق اللہ تعالیٰ سے کہتا ہے کہ فتاویٰ رحمانی میں مذکور ہے کہ فیل اور کرگدن امام اعظم اور امام ابو یوسف کے نزدیک حلال ہیں۔ اور امام محمد کے نزدیک حرام۔ یہ ذخیرہ سے نقل کیا ہے اور یہ دونوں طرف کی دلیلیں بیان کی ہیں۔ لیکن یہ مخالف ہدایہ کے ہے کیونکہ بیع فاسد کے باب میں میں لکھا ہے کہ امام محمد فیل کو نجس العین کہتے ہیں اور اس کی خرید و فروخت کو جائز نہیں سمجھتے اور یہی رائے کرگدن کے لئے ہے۔ امام اعظم اور امام ابو یوسف کا کہنا ہے کہ ہاتھی درندہ ہے۔ اس سے معلوم ہوا کہ فیل اور کرگدن دونوں حرام ہیں۔ کھانا نہیں چاہیئے۔ اگرچہ اس کی خرید و فروخت دونوں اماموں کے نزدیک جائز ہے۔ پس کوئی اس کے کھانے کا حکم دے جائز نہیں دے۔

بنام شخصے

مہربان من اکثر اسلامی فرقوں میں اور اہل سنت کے نزدیک یہ مسلم ہے کہ انسان کے بدن یعنی پریشان روح میں جن و شیاطین تصرف کرتے ہیں اور اس کے نام ہی سے اس امر کا پتہ چلتا ہے۔ چنانچہ عربی میں اسے صرع الجن کہتے ہیں اور عام طور سے آسیب اور خبط کہتے ہیں۔ چنانچہ تفسیر نیشاپوری میں اس آیت کے تحت میں یتخبطہ الشیطان من المس مذکور ہے اور اکثر مسلمان یہ مانتے ہیں کہ تقدیر الہٰی کے ماتحت شیطان

کو مرگی وقتل وایذا رسانی کی قدرت ہے اور مسئلہ میں فرقہ معتزلہ کے سوائے کسی کو مخالفت نہیں ہے۔ اور معتزلہ نے اس آیت کی رکیک توجیہات کی ہیں جو اپنی تفاسیر میں درج نہیں اور انہیں نقل کرنا فضول ہے۔ چاروں انجیلوں میں بھی پندرہ حصے آسیب جن کے لکھے ہیں جو دم عیلے سے بدنوں سے نکلے۔ اور مخطوطا بہت اس بارے میں حدیث میں ہے اب ہم اصل مسئلہ کی طرف آتے ہیں۔ آیا انسان مرنے کے بعد تصرف کرتا ہے یا نہیں اس مسئلہ میں علما اہلسنت مختلف الرائے ہیں۔ اکثر محققین نے مرنے کے بعد انسان کا تصرف تجویز کیا ہے اور بعض نے اس سے انکار کیا ہے ان انکار کرنے والوں کی دلیل یہ ہے کہ اگر انسان بھی یہ کام کرے تو اس کی حقیقت جن کی حقیقت میں منقلب ہوجائیگی اور حقائق کی تبدیلی محال ہے اور اگر انسان صالح ہے تو وہ اس قسم کا ظلم اور ایذا رسانی کیسے کرسکتا ہے کیونکہ یہ نیکی کے خلاف ہے اور اگر وہ فاسق یا کافر ہے تو وہ موکلان عذاب سے اس عمل کے لئے کیسے فرصت پاتا ہے لہذا مجوزین اس بارے میں دو گروہ ہیں ایک جماعت کہتی ہے کہ یہ انقلاب نہیں۔۔۔۔ بلکہ آخرت کا منح ہے جس کی اصلیت آخرت اور مرنے کے بعد بہت سی حدیثوں سے ثابت ہے۔ جامع صغیر سیوطی میں متعدد کتابوں سے اور معراج مناحی کے تتمہ میں آنحضرتؐ سے نقل کیا ہے کہ میں نے بہت سے پوشیدہ شیاطین کی کھالی کو دیکھا جنہوں نے اس مردہ کے کفش کو یکبارگی پکڑ لیا جو حالت ناپاکی میں مرا تھا پس میں نے انہیں ان کے ہاتھوں سے چھڑا دیا۔ یا جیسا کہا گیا اور اس حدیث سے

اس قسم کے معاملہ کی بو دماغ میں پہنچتی ہے۔ جب یہ بات آخرت کے مسخ کی قسم ہو گیا تو عذاب سے خلاصی کا کیا سوال بلکہ یہ بھی عذاب کی ایک قسم ہے جس میں وہ گرفتار ہے۔ علماء حنفیہ ماتریدیہ کا یہی مسلک ہے۔ ملا معین جو ماوراء النہر کے معتمد علماء میں سے ہیں برزخ کی شرح میں لکھتے ہیں کہ انسان عالم برزخ میں مسخ ہو کر جن ہو جاتا ہے اور یہ اللہ تعالیٰ کا عذاب اور غضب ہے جس کو چاہتا ہے اور یہ بھی اس طرح پر ہے جیسا کہ گذشتہ زمانے میں سابق امتوں میں مسخ ہو کر بندر اور سور جاتے تھے۔ لیکن یہ عذاب اللہ تعالےٰ نے عالم شہود میں اس امت مرحومہ سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی برکت سے اٹھا لیا باستثناء اس کے جو قیامت کے علامات سے ہوں گے۔ اور صحیح حدیثوں میں آیا ہے کہ قیامت کے قریب اس امت میں مسخ اور زمین میں دھنس جانا اور فحش ہو گا۔ یہ تو برزخ میں انسان کا مسخ ہے اور غالباً یہ کافروں اور ظالم و موذی اور زانی اور مغلم مسلمانوں کا مسخ خاص کر ہے جبکہ وہ حالت جنابت میں مرے یا قتل ہوئے اور یہی حال مرتدوں کا جو بلا توبہ کئے مرے۔ اور ایسے سب لوگ مسخ نہ ہوں گے بلکہ صرف وہ جنہیں اللہ تعالیٰ مسخ کرنا چاہے اور عذاب کرے لیکن صالحین اور ولیوں کا مسخ نہ ہو گا خواہ وہ حالت جنابت میں مریں اور قیامت میں کثرت سے مسخ ہو گا، جیسا کہ وارد ہوا ہے کہ اصحاب کہف کا کتا بلعم ہو جائے گا۔ اور بلعم کتا ہو جائیگا اور کتا جنت میں جائے گا اور بلعم دوزخ میں ڈالا جائیگا اور یہی حال اس شخص کے سر کا ہے جو امام سے پہلے سر سجدے میں رکھے یا اٹھائے اس کا سر گدھے

کا ہو جائیگا اور اسی طرح رافضی اور حدیث بنانے والے وغیرہ کا مسخ ہوگا۔ اور دوسری جماعت کا یہ کہنا ہے کہ یہ تو انقلاب ہے اور نہ مسخ بلکہ گوناگوں گروہوں کے آپس میں ملنے سے افعال و حرکات میں مشابہت کی ایک قسم ہے اور اس طرح کی کہ روہیلہ گردی میں بہت سے ہندیوں نے ٹیڑھی پگڑی باندھ کر اور دو زلفیں لٹکا کر چند پشتو کے الفاظ سیکھ کر روہیلہ کی وضع بنالی اور معاملات میں سختی اور بلا وجہ مار پیٹ کرتے تھے یہ بھی اسی طرح کی ہے اور بموجب اس کے کہ جس نے جس قوم کی مشابہت پیدا کی وہ اسی قوم سے ہے۔ اور جو انسان جن کا کام کرنے میں انہیں عام طور پر خبیث کہتے ہیں اور ہندی میں بھوت کے نام سے پکارتے ہیں اور ان میں کوئی حقیقتاً تبدیلی نہیں ہوتی اکثر علمائے عراق و عرب نے اسی کو مسلک مختار کہا ہے اور وہ سب سے زیادہ قوی اور صحیح ہے بہ نظر دلائل کے۔ اور میرے والد صاحب کا بھی اسی طرف میلان تھا۔ جیسا کہ اس مسئلہ کے بحث کے دوران میں متعدد بار ظاہر ہوا۔ ۱۲۰۱ھ۔

بنام امام شاہ صاحب

گرامی منش امام شاہ جیو سلمہ سلام مسنون کے بعد واضح ہو کہ آپ کا خط جس میں چند مطالب تحریر تھے ملا۔ ان کے جواب لکھے جاتے ہیں

سوال اول۔ بہ حقیقی تشہدوں کے نزدیک چہارم داڑھی کا مسح فرض ہے ــــ اور حدیث میں آیا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم ٹھوڑی کے نیچے تر کرتے تھے۔ جب چہارم ریش کا مسح فرض ہے تو ٹھوڑی کے نیچے تر کرنے

کی کیا ضرورت تھی - جواب - ربع ریش کا مسح فرض ہے اور ٹھوڑی کے نیچے تر کرنا سنت ہے اور اس کا درجہ محض فرض پر اکتفا کرنا بڑھ کر ہے - زیر زنخ چہرہ سے علیحدہ ہے لہٰذا اس کا دھونا بھی فرض سے باہر ہے - اسی طرح گھنی داڑھی کی ڈھکی ہوئی جلد کا دھونا سنت ہے - لہٰذا چہارم ریش کے مسح کے فرض ہونے سے زیر زنخ دھونے کی ممانعت نہیں ہوتی -

سوال دہم! اللہ جل شانہٗ کا دیدار قیامت میں کس طرح ہوگا - ذات کی تجلی ہوگی یا صفات کی - جواب ـــ اس بات کو مستوفی نے ایک بڑے رسالہ میں تفصیل کے ساتھ لکھا ہے یہاں اسے بیان کرنا باعث طول ہوگا - مختصراً یہ ہے کہ علمائے اہل سنت وجماعت اس پر متفق ہیں - دیدار الٰہی جنت میں بے کیف ہوگا - یعنی بغیر کسی رنگ، شکل ومسافت وسمت کے کے ہوگا - عقلمند اور صاحب کشف محققوں نے اس کی تصویر چند طریقوں پر بیان کی ہے - حکیم ابونصر فارابی نے اپنی کتاب نصوص میں لکھا ہے کہ بعض وقت کلی طور پر ایک شخص کے فہم میں آتی ہے یا بہت سے آدمیوں کی سمجھ میں آتی . . . ہوتی ہے - اول کو رویت دوسری کو معرفت اور تیسری قسم کو علم کہتے ہیں - مختصر یہ کہ بدن سے تعلق رہنے کے وقت خدا تعالیٰ سے انکشاف قسم ثانی سے ہے اور بدن کے نکل جانے کے بعد یہ معرفت ترقی کر کے اول درجہ میں پہنچ جائے گی اور اسے رویت سے تعبیر کرتے ہیں اور جل شانہٗ کی قدرت سے ناظر و نظر میں ولیسا ہے جرم اور ملذات پیدا ہوں گے جو اس ذات مقدسہ کے سزاوار ہے - اور اس کی تعبیر کے صرف ابصار اور روایت سے ہو سکتی ہے کیونکہ

کوئی دوسری عبارت کمال ایک چند کی خبر نہیں دیتی۔ اور اس نقل کرنے میں کچھ تبدیلی اور اصلاح کی گئی ہے کیونکہ انہوں نے باصرہ میں جرم اور لذات کا پایا جانا نہیں لکھا ہے اور علماء متفق ہیں کہ رویت اسی ادراک کو کہتے ہیں کہ جو حواس کے ذریعہ سے حاصل ہو۔ محض ادراک قلبی کو نہیں کہتے ہیں۔ چونکہ یہ قول معتزلہ کی تاویل کے مطابق ہوتا تھا لہٰذا یہ دو تین لفظ اضافہ کر دیئے گئے۔ اور بعض دوسروں کے کلام سے معلوم ہوتا ہے کہ رویت مشاہدہ میں متحقق ہوتی ہے جبکہ اس چیز کا عکس جسے ہم دیکھ رہے ہیں جلیدیہ میں پہنچتا ہے۔ اور وہاں سے مجمع النور میں اور وہاں سے حس مشترک میں اور وہاں سے نفس ناطقہ خیالی اور وہمی اور عقلی صورتوں کی تجرید کرتا ہے اور اسی سلسلہ سے نزول کرتا ہے جیسا کہ وہم و خیال کے ذریعہ سے معقولات حس مشترک میں اترتے ہیں۔ اور نظروں کی حالت کی مشابہت پیدا ہو جاتی ہے لیکن جب تک جلیدیہ (تری جسم) تک نزول نہیں ہوتا حقیقی نظر آنا نہیں کہہ سکتے اور اس عالم میں کہ نفوس پاکی اور طمانیت حاصل کر کے اپنے پروردگار سے کمال اتصال پیدا کرتے ہیں اس ذات مقدس کی نورانی شعاعیں عقلی اور وہمی قوتوں پر سایہ ڈالتی ہیں اور وہاں سے خیال اور حس مشترک میں نزول کرتے ہیں۔ اور فضل الٰہی کے ظاہر ہونے سے منافی قوت ادراک کی رکاوٹیں مثلاً نیند اور بے حواسی دور ہو جائیں گے اور مجمع النور اور جلیدیہ میں ہی ریزش ہو گی۔ جیسا کہ اس دنیا میں خیالات بے جہت و بے مکاں ہیں وہ معائنہ حقیقت بھی جہت و بے مکان ہو گا۔

ایک اور کا یہ کہنا ہے کہ رویت کے بارے میں جو کچھ حدیث میں وارد ہوا ہے
اس میں جہت کی نفی اور لوازم جسمانی کی سلب کا کوئی اشارہ نہیں ہے ماننا
ہے کہ اس بیان کردہ تجلی کی صورت تمام مظاہر سے دو سبب سے امتیازی صورت
رکھتی ہے مگر تمام مخلوقات الٰہی سے کہ وہ بھی صفات الٰہی کے مظہر ہیں اسی
طرح امتیاز ہے کہ وہاں تو ظہور ذات بعنوان الوہیت ہے اور تمام مظاہر میں
بعنوان آفرینش اور اقسام کائنات ہے۔ چنانچہ حضرت موسیٰ نے آگ سے یہ آواز
"بے شک میں اللہ ہوں اور میرے سوا کوئی معبود نہیں" سنی۔ اور اس جہاں
کی کل صوری و خیالی و حسی تجلیات سے امتیاز اس وجہ سے ہے کہ ذات پاک
کا ظہور وہاں کائنات معلومہ صورتوں میں کسی صورت ہوگا اور وہ اسمائی عظمت
و کبریائی نور و چمک و جمال و صفا سے پیوستہ ہوگا اور اس میں ذاتی اور
اسمائی کمالات اس درجہ کے شامل ہوں گے کہ اکمل اور اشرف ناظر کے وہم
اور عقل میں ان کے سمانے کا حوصلہ نہ ہوگا۔ اور اس میں سے زیادہ تر کا تصور
ہی نہیں ہو سکتا۔ اور جو کچھ اہل سنت نے لکھا ہے کہ آخرت میں رویت بلا
کیف ہوگی اس سے صرف یہ مراد ہے کہ معتزلہ کے لوازم جسمیت کے ثبوت سے
جو دشواریاں پیدا ہوتی ہیں اس کو رد کیا جاوے۔ جب تجلی کی حقیقت معلوم
ہو جائے تمام اشکالات پاش پاش ہو جاتے ہیں اور اسی وجہ سے بعض اکابر
فرماتے ہیں کہ نفس کو شہود میں زبردست استغراق ہونے کی وجہ سے کسی غیر
چیز کا یعنی زمان و مکان و جہت اور اپنے وجود اور غیر کے وجود کا احساس نہ
ہوگا۔ اسی کو معائنہ بے جہت و بے شکل و بے لوازم جسمیت کہہ سکتے ہیں فی الجملہ

زید اور عمر کے بعض عرصوں ہی کو ...... دیکھ کر کہتے ہیں کہ ہم نے زید اور عمر کو
صریحاً دیکھا۔ جب رویت کے موضوع لغوی شاہد یعنی حاضرین میں کی سہولت جاری
ہے تو اسے غائب کی بابت دور کرنے کی کیوں کوشش کی جاوے اور کیوں
لازمی کر لیا جاوے کہ ذات محض کی حقیقت معرا ہے کہ فہم اور ادراک کے تعلق
کے احساس اور نظر کی قید میں آسکے۔ لیکن یہ خواص وعوام کے حق میں تین
وجہ سے مختلف ہوتی ہے۔ اولاً نزدیکی اور دوری کے موافق دوسری
حجابوں کی کمی اور کثرت کے موافق اور تیسرے اس دنیا میں جو کچھ حاصل کیا
اس سے معرفت اور صفات میں جو زیادتی یا کمی ہو۔ اور اس کی تائید میں یہ ہے
کہ ذات مقدسہ کے لئے دلی وجدان میں بلاشبہ بدن ارضی کو روح حیوانی کے
مقابل میں زیادہ حجاب ہے اور اسی طرح روح حیوانی کے عالم مثال سفلی کے
مقابل میں جو جن و شیاطین کا مقام ہے زیادہ حجاب ہے اور یہی حالت عالم
مثال سفلی کی بمقابلہ عالم مثال علوی کے ہے جو ملائکہ مقربین کا مقام ہے۔ اور
جب عالم مثال میں ترقی کرے گا تو اسی عالم کی صورت حاصل ہو جائے گی
اور اس کا بدن ارواح علویہ کا حکم پیدا کرے گا اور جو چیز غیب میں ہے وہ پیش
نظر ہوگی اور زمین اپنے رب کے نور سے روشن ہوگی اور اعمال کی حقیقتیں اور خلقتوں
کی صورتیں اور جنت دوزخ کا حال نظر آئے گا۔ اعظم تجلیات الٰہی کے لئے
ناگزیر ہے کہ نفس کے اتصال کے مراتب کے موافق ظاہر اور روشن ہو کیونکہ
اسی سے تدابیر کا کارخانہ اور قضا و قدر کا فیض اور نبیوں پر شریعت کا نزول
اور فرشتوں پر ان ہی کا صدور ہوتا ہے اور قوای روح کی اس پیروی سے

اعضاء اس وارِ دات کے لئے آزاد ہو جائیں گے اور یقین ہے کہ چشم دید حالت حاصل ہوگی۔ واللہ اعلم بالصواب۔

سوالِ سوم :- کہا جاتا ہے کہ ذات حق اس وقت بھی ویسی ہی ہے جیسی تھی اور اکثر دعاؤں میں آیا ہے کہ پاک ہے وہ ذات جو مخلوقات کے پیدا ہونے اور مٹنے سے نہیں بدلتی۔ اتنی مخلوقات کے ظاہر ہونے کے بعد اللہ تعالیٰ کی ذات یا صفات میں کوئی تبدیلی نہ ہو سمجھ سے باہر ہے۔

جواب :- حق سبحانہ تعالےٰ سے کائنات کے ظہور کی مثال داور ہمارے فہم قیاس سے برتر اس کے لئے مثل ہے، ایسی ہے جیسے آئینہ میں صورتوں کو ظہور، آئینہ کا جسم معین ہے اور صفات میں کچھ لازمی و خارجی ہیں (In Separable Accident) اور عارضی خارجی ہیں (Separable Accident) لہٰذا آئینہ کے صفات میں دو قسم کی تبدیلی موجود ہے مگر جو صورت آئینہ میں منعکس ہوتی ہے اسے کوئی دخل ان تبدیلیوں میں نہیں ہوتا اور ان کے ظاہر اور پوشیدہ ہونے سے آئینہ کے ذات اور صفات میں تبدیلی نہیں ہوتی ہے۔

سوالِ چہارم : اگر کافروں نے اپنی زبردستی سے ملک پر قبضہ کر لیا عرصہ دراز تک وہ ملک ان کے قبضہ میں رہا پس وہ ملک کسی وقت اور کتنی مدت میں ان کی ملکیت ہو جاتا ہے۔ اور کن شرائط پر جو کچھ اس ملک سے دیں یا ہبہ کریں وہ حلال ہو۔ اور اگر مسلمان اسی طرح قابض ہوں اور کسی کو دیں تو اس کا لینا جائز ہے۔

سوال پنجم :- اگر کافر مال منقولہ پر قابض ہو جائیں اور کسی کو دیں تو اس کا لینا جائز ہے یا نہیں۔

جواب :- اگر کافر مال منقولہ پر قابض ہو کر اپنے شہر اور گھر کو لے جاویں مالک ہو جاتے ہیں ۔۔۔ اور اگر ملک پر قبضہ کرتے ہیں تو اس میں اختلاف کہ یہ ملک کب دارالحرب ہو جائے گا۔ بعض کہتے ہیں کہ دارالسلام کبھی دارالحرب نہیں ہوتا باستثناء اس کے کہ وہ دارالحرب میں سے مانا جاوے۔ بعض کہتے ہیں جب تک شعائر اسلام میں ایک شعار بھی علانیہ ظاہر ہو دارالحرب نہیں ہوتا اور جب کل شعائر اسلام موقوف ہو جائیں تو دارالحرب نہیں ہوتا ہے۔ لیکن سب سے زیادہ صحیح اور قابل ترجیح یہ ہے کہ جب تک لڑائی قائم ہے اور مسلمان اس ملک کے چھڑوانے سے عاجز ہو گئے ہیں لیکن مطیع نہیں ہوئے ہیں اور کفار کا غلبہ اس درجہ کا نہیں ہوا ہے کہ وہ شعائر اسلامی میں سے جس چیز کو چاہیں موقوف کر دیں مسلمان بھلا ان سے اس طلب کئے ہوئے رہتے ہوں اور اپنی جائداد ول پر بلا ان کی اجازت کے تصرف رکھتے ہوں وہ ملک دارالسلام ہے اور دارالحرب نہیں ہوا اور ان کے تصرفات قابل اعتبار نہیں ہیں۔ اور اسلام کے تسلط کے بعد ان تصرفات کا کوئی اعتبار نہ رہے گا۔ اور جب مسلمان لڑائی میں ہار جائیں اور ان کے مطیع ہو جائیں گو کہ دل میں سامان جمع کرنے کی فکر ہو۔ لیکن مقابلہ سے عاجز ہیں۔ اور مسلمان ان کی امان دینے سے قیام پذیر ہیں اور اپنی املاک پر بھی ان کی امانت سے تصرف رکھیں اور ان کی عدم تعصب کی وجہ سے شعائر اسلام جاری ہوں نہ کہ مسلمانوں کی طاقت کی وجہ سے ملک دارالحرب بھی ہو سکتا

ہے اس لئے ان کا تصرف جائز اور ان کا ہبہ جاری ہے۔ لیکن مسلمان کافروں کے شہروں پر غالب آئیں اور قبضہ کریں تو اس ملک میں ان کے تصرفات جائز ہیں۔ ان باتوں میں جو شریعت کے موافق ہیں اور مسلمانوں کا مال غصب کرنے کا حق نہیں ہے اور صحیح بات جاننے والا اللہ ہے۔

سوال ششم: صلوٰۃ الوسطیٰ کون سی نماز ہے اور اگر ایک وسطیٰ مان لیا جائے تو باقی چار نمازوں سے کامل پابندی اٹھ جاتی ہے۔

جواب:۔ صلوٰۃ الوسطیٰ میں سات قول ہیں۔ پانچوں نمازوں میں سے ہر ایک کا تعین اور پانچوں نمازیں ایک ساتھ مجموعی طور پر، قول ششم یہ ہے کہ یہ بھی ساعت جمعہ اور لیلۃ القدر اور اسم اعظم کی طرح مبہم ہے۔ اور قول ہفتم اور یہی اصح اور ارجح ہے کہ نماز عصر ہے۔ اور باقی چار نمازوں سے کمال تقلید اس لئے نہیں دور ہوتی کیونکہ صلوٰۃ وسطیٰ کی تقلید اس کے نفس میں نہیں ہے بلکہ زیادہ آداب کی محافظت میں ہے۔ جیسے وقت مستحب و جماعت و مسجد اور وضو و مسواک کو کامل طور پر کرنا و اذان و اقامت اور زیادہ اطمینان رکھنا اور کثرت اذکار کرنا۔ اور ان امور میں تاکید کی زیادتی اس قسم کی ہے جیسے افضل کو فاضل پر برتری ہے نہ ایسے جو فاضل کو ناقص پر ہے اور اس قدر فرق ثابت کرنے میں شبہ کی گنجائش نہیں ہے واللہ اعلم۔

سوال ہفتم:۔ شریعت کی بابت معلوم ہے کہ احکام ظاہری کو کہتے ہیں ہم بامحمد میں اور رسائل میں جو طریقت و حقیقت اور معرفت کا ذکر آتا ہے یہ سمجھ میں نہیں آتا کیا چیز ہیں۔

جواب: لفظ شریعت کے دو معنی ہیں ایک عام اور ایک خاص۔ معنی اول یعنی عام تو یہ ہیں کہ جو کچھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے امور دین میں متعلق اعتقاد و عمل و خلق و حال و نیت اور عزیمت اور امر و نہی کے فرمایا۔ معنی دوم وہ ہیں جس کا تعلق جوارح سے از قسم عبادت مالی اور جسمانی کے ہے اور اس کا بیان کرنا فقہ کا منصب ہے اور فقہ کی کتابوں میں اس کا بیان ہوتا ہے اور اسی کو طریقت وغیرہ کے مقابل کرتے ہیں۔ پس جس چیز کا تعلق اخلاق اور نیتوں اور عبادتوں کے آداب سے بالارادہ رکھتے ہیں وہ طریقت ہے اور جس چیز کا تعلق اخلاص اور عین الیقین اور تحصیل مشاہدہ اور استغراق سے ہے وہ حقیقت ہے اور جس چیز کا تعلق اعتقادات کے رموز کے مکاشفہ سے اور توحید کی کیفیت و معیت و قربیت سے اور محبت اور ولا کے اسرار اور ولایت اور اولیاء کے درجات سے ہے اسے معرفت کہتے ہیں۔ اور یہ سب شریعت کے اول معنی میں داخل ہیں۔ ہاں ہر فن میں اس فن کے کاملین نے غیر منصوص کو اخذ کر کے منصوص سے ملا کر سب کچھ شرح اور وسعت دے کر ایک جداگانہ علم نکال لیا ہے اور انہیں ناموں سے اس علم کو موسوم کرتے ہیں۔

سوال ہشتم: ہر چیز کے کمال کی شناخت کس طرح ہوتی ہے کیونکہ کامل کی شناخت، دیکھنے سننے اور کھانے سے نہیں ہوتی۔

جواب: اشیاء کی حقیقتیں اللہ تعالیٰ کے صفات کا پرتو ہیں۔ اور عالم ظاہر میں ان کا رونما ہونا چار علتوں یعنی فاعلی و غائی و مادی اور صوری سے وابستہ ہے۔ اور ان حقائق کے کمال کا ظہور ان کے مختصر

نشانیوں کے ترتیب اور ان میں خاص خاصیتوں کی پیدا ہونے میں ہے۔ پس ہر چیز کے کمال کی شناخت اجمالاً ذات حق کی تجلّی ہے جو سالک پر اس چیز کے ضمن ظاہر ہوتی ہے اور یہ تجلّی کثرت در وحدت کو بصر بالبید فی الاشیاء کے مقام میں مشاہدہ کرنے کے بعد حاصل ہوتی ہے اور مفصلاً یہ کہ حکمت کے قوانین کی رو سے اس کے مبادیات اور خواص کا احاطہ کیا جائے اور اس کے ساتھ ہی قوانین کشفیہ کی رو سے اس کے مبداء کا تعین اور تنزل کے مراتب تشخیص کی جائیں۔ اور اگر وہ چیز محسوسات میں سے ہے تو حواس سے دریافت کرنا بھی اس کی حقیقت کی معرفت کے اتمام میں داخل ہے، واللہ اعلم

نواں سوال ابلیس کا قصہ کلام اللہ میں آیا ہے لیکن یہ نہیں معلوم ہے کہ سوال و جواب کس طرح ہوئے، الہام کے طریقہ پر یا دوسرے طریقہ پر۔

جواب :- اس بات چیت کے طریقہ کی بابت منقولات میں کچھ نہیں آیا ہے لیکن عقل سلیم یہ بتاتی ہے کہ ہاتف کے ذریعہ سے تھا۔ یعنی یہ شقی ایک آواز سنتا تھا اور سمجھتا تھا۔ کہ یہ خدا کی آواز ہے لیکن اصل مظاہر قہر کے فرشتوں میں سے ایک کلام الٰہی کو ادا کرتا تھا اور وہ اسے نظر نہیں آتا تھا اور نہ پہنچانتا تھا لیکن یہ معلوم ہونا چاہیئے کہ اس کا کفر نادانی یا حجاب کی وجہ سے نہیں تھا بلکہ انکار اور دشمنی کا کفر ہے ملعون بچپنے سے اس نے ملکوتی قوت پیدا کرلی تھی اور غیب سے اس پر

القاء ہوتا تھا ۔ اس کی یہ قوت نہ زائل ہوئی اور نہ سلب کی گئی تاکہ وہ انقباض کے رنج اور تشنگی اور فراوانی سے بے قرار نہ ہو اور توبہ کا اقدام نہ کرے بلکہ اسی راہ سے اس کا غصہ اور عتاب نکلتا رہے اور راندۂ درگاہ ایزدی ہونے کو حقیر سمجھتا رہے ۔ لیکن اس کے جوہر روح میں رقیق سیاہی .. ڈالی گئی جس کی وجہ سے وہ اپنے آپ کو کبھی سزاوار قید اور کبھی اپنے آپ کو مستغنی اور مایوس خیال کر کے اپنی عبادتوں اور اسماء الٰہیہ کی قوت سے شیاطین اور آدمیوں میں تصرف کرتا ہے اور اس تاریک رقیقہ کو اس کی مناسبت سے طمع کر کے مخلوق کو خوشنما دکھا کر گمراہی و جہالت و درشتی و من گھڑت غلط کاریوں کی طرف لے جاتا ہے ۔

سوال دہم! روحوں کا سجدہ مشہور ہے اور کلام اللہ سے الست بربکم تا ولیلٰے ہی معلوم ہوا اس کی تفصیل معلوم نہیں کہ کس وجہ سے یہ ہوا اور کن لوگوں نے دو سجدے کئے اور کس نے ایک سجدہ اور کون تارک اور کون فرمانبردار مندرجہ بالا امور کے ہوئے ۔

جواب :- اس مقام پر سجدہ کا ذکر نہیں ہے وہ ایمان والے جن کا تمام تر ایمان پر ہوتا ہے انہوں نے فوراً جواب دیا ۔ کافروں نے توقف سے بعض فقیہوں کا کہنا ہے کہ انبیاء نے دو سجدہ کئے عام مومنین نے ایک اور کافروں نے نہیں کیا ۔ لیکن یہ معلوم نہیں کہ اس کی کیا سند ہے ۔ لیکن کلام اللہ کی آیتوں اور حدیثوں سے چار عہد و پیمان

جیسے معلوم ہوتا ہے اول پانچ اولوالعزم انبیاء سے دوم کل انبیاء سے سوم علماء اور چہارم عوام سے۔

سوال یازدھم:- ننگے ہونے کی حالت میں کلام حرام ہے اور جب میاں اور بیوی جمع ہوں تو اللہ کا ذکر ضروری ہے۔ یہ احکام آپس میں اختلاف رکھتے ہیں۔

جواب:- برہنہ ہونے کی حالت میں کلام حرام نہیں ہے بلکہ مکروہ ہے اور یہ کراہیت ایک دوسرے سے بات کرنے کے متعلق ہے۔ تنہا زبان سے تلفظ کرنے سے متعلق اور اللہ کا ذکر نجاست وغیرہ کی جگہ پر منع ہے اور جماع کی حالت میں منع نہیں ہے اور عالموں نے اسی وجہ سے لکھا ہے کہ اللہ کا ذکر بیت الخلاء اور جماع کے وقت داخل ہونے اور ننگا ہونے سے پہلے مسنون ہے۔ کوئی اختلاف اور فرق نہیں ہے۔

بارھواں سوال:- سنی اور شیعہ دونوں فرقوں کے لوگ پیغمبر علیہ الصلوٰۃ والسلام کو خواب میں دیکھتے ہیں۔ اور اپنی موافقت میں احکام نقل کرتے ہیں اور آنحضرت کی مہربانیوں کا بیان کرتے ہیں۔ اور آنجناب کے بارہ میں دونوں فرقے کے لوگوں کو اچھا معلوم نہیں ہوتا اور خطرات شیطانی کا یہاں دخل نہیں۔ اس سے کیا خیال کرنا چاہیئے

جواب:- حدیث من رانی .... (جس نے مجھے خواب میں دیکھا اس نے مجھے دیکھا) کے مضمون کے بارہ میں اکثر علماء نے روضہ مبارک میں مدفونہ صورت کی ہے۔ اور بعض نے ان تمام صورتوں کی تعمیم کی بعثت

سے اور وفات تک خواہ جوانی کی یا پیرانہ سالی کی خواہ حضر میں ہو یا سفر میں سُنی اور شیعہ کا قول احتمال سے زیادہ نہیں اور چونکہ اس کے وقوع کا ثبوت نہیں اور مفروضہ باتوں کی کوئی نقیض نہیں ہے لیکن تحقیق بات یہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں چار قسم کا ہو سکتا ہے۔ اولاً رویا رالہٰی جس میں آنجناب سے اتصال مخصوص ہے دوسرے رویائے ملکی جس میں آنجناب متعلقات دوبارہ دین اور سنت اور ان کے وارثوں اور نسب مطہر کے بارے میں اور سالک کو آپ کی پیروی اور محبت میں جو درجہ ہے وغیرہ آنجناب مقدس کی صورت میں ان مناسبتوں سے نظر آتے ہیں۔ تیسرے رویا نفسانی یعنی جس صورت کو اپنے خیال میں مقرر کر رکھا اس اعتقادی صورت کا اظہار یہ تینوں قسم کا خواب آنجناب کے بارے میں جائز ہے۔ اور چوتھی قسم کہ شیطانی ہے۔ یعنی شیطان آپ کی صورت سے تمثل پیدا کرے بالکل منتفی اور ممتنع ہے۔ لیکن تیسری قسم میں شیطان اپنی آواز اور کلام سے فریب دیتا ہے اور وسوسہ ڈالتا ہے۔ بعض روائیتوں کی شہادت سے معلوم ہوتا ہے کہ آنحضرت جب سورۂ نجم پڑھ رہے تھے تو جب آپ خاموش ہوتے تو شیطان وسوسہ کے حرف کہتا جس سے مشرکین سامعین کو اشتباہ ہوا۔ جب یہ بات آپکی زندگی میں ممکن تھی تو خواب میں کیوں ممکن نہیں۔ لہٰذا شریعت میں خواب کے احکام کو صحیح شمار نہیں کرتے اور مشہور حدیثوں میں نہیں مانتے۔ اگر اہل بدعت میں سے کوئی کبھی

آنحضرت کا دیکھنا صحیح سمجھے تو وہ اسی طرح کا ہوگا ۔ واللہ اعلم ہمیشہ خط بھیجتے رہا کیجئے والسلام

بنام شفیع

خط مِلا جو تین مطالب پر مشتمل تھا

اول :- مجدد الف ثانی کا سلسلہ سہروردیہ کا ہے کہ مجدد صاحب اپنے باپ شیخ عبدالاحد ان کو شیخ رکن الدین گنگوہی سے ان کو اپنے باپ شیخ عبدالقدوس گنگوہی سے ان کو شیخ قاسم درویش سے ان کو شیخ بڈھن بہرائچی سے ان کو سید اجل سے ان کو سید جلال المعروف بہ مخدوم جہانیاں انہیں دو سندوں سے اولاً اپنے باپ سید احمد کبیر ان کو اپنے باپ سید جلال بخاری سے ان کو شیخ بہاؤالدین ذکریا سے دوسری سند شیخ رکن الدین ابوالفتح سے ان کو اپنے دادا شیخ بہاؤالدین زکریا ان کو صاحب طریقت شیخ شہاب الدین سہروردی سے۔ علاوہ ازیں شیخ رفیع الدین جو مجدد صاحب کے اجداد میں ہیں شیخ بہاؤالدین زکریا کے پیش امام اور خلفاء سے تھے۔ خیال ہے کہ اس طریقہ کی اجازت اپنے اجداد سے پہنچی ہوگی بلکہ خاندانی طریقہ یہی تھا اور طریقہ چشتیہ و قادریہ و نقشبندیہ ان کے اور ان کے کسب کردہ طریقے ہوں گے۔

مطلب دوم ! ہمہ اوست کے شغل سے عذر خواہی ۔ اور اس میں تحقیق یہ ہے کہ اس سے اس حالت کا حاصل کرنا ہے جو قلب کے اضطرار کے لئے

ضروری ہے اور اسے دور کرنے کا اختیار نہ رہے۔ اگر کسی کو وحدت وجود کی حقانیت
کا اعتقاد پکا ہے تو اس شغل کی ملازمت سے یہ حالت پیدا ہوتی ہے اور
اگر اعتقاد نہیں ہے تو یہ حالت پیدا نہ ہوگی۔ بلکہ اس کا باطن حکم کرے گا
کہ یہ میرا خیال واقعہ کے خلاف ہے اور شاغل کو کوئی نفع نہ ہوگا۔ اور بلاشبہ
تصفیہ قلب کے ذریعہ سے اس معنی کا خود بخود پیدا ہونا اولیٰ اور قوی تر ہے
اور تصنع اور تکلف کے دخل سے زیادہ بعید ہے۔ خواجہ خسرو رحمۃ اللہ علیہ
نے لکھا ہے کہ جب تک کسی کو وحدت وجود کا اعتقاد نہ ہوا سے فنا فی اللہ کا
درجہ ملنا ممکن نہیں ہے۔ اس کے منکر کے حق میں تمام فنائیں نورانی حجابوں میں
ہیں جو ماسوائے حق ہے اور اس کی تجلیات لذائذ و لطائف وغیرہ ہیں نہ کہ
حق تعالےٰ کا ظہور۔ توحید وجودی کی تحقیق طویل ہے مجملاً یہ ہے کہ کلام اللہ
کی آیتوں اور احادیث نبوی سے معیت اور قرب ذاتی صاف ثابت ہوتا ہے
اور جب تک ان کا انکار نہ کیا جاوے یہ جواب کہ یہ ظاہر کے خلاف میں ہے
صحیح نہیں ہوسکتا۔ کیونکہ سب ہماری عقل کے خلاف ہیں نہ کہ کتاب اور سنت
یہ کیا انصاف ہے کہ منصوصات شرعی کو خلاف شرع اور اپنی ناقص عقل
کے خیالات کو شرعی کہیں۔ جامع ترمذی میں اس حدیث میں اگر تم رسی کے
ذریعہ سے زمین کے ساتویں طبقے میں لوٹ جاؤ تو ہبوط علی اللہ ہوگا۔
اور اس حدیث کہ اللہ تعالیٰ پاک چیزوں کا صدقہ قبول کرتا ہے صاف لکھا
ہے کہ سلف کا مذہب کہ اس کا ظاہر پر اجرا اور بلا کیفیہ ہوتا ہے مختصر یہ
کہ نفی غیریت محضہ اور اتحاد و وحدت فی الجملہ منصوص ہے؟ اور آگے سے اتنی نفا تعد

کی آواز اور کیفیت سمعہ دلبصرہ روشن دلیل ہے اور لبشرط انصاف حضرت مجدد کے
کے کلام سے وحدت وجود کی نفی مطلق ثابت نہیں ہوتی بلکہ انہوں نے اس کی چند
قسموں سے انکار کیا ہے لیکن جو کچھ ذہن میں بیٹھ جاتا ہے اس کا جلد ازالہ ہونا
دشوار ہے اور ہمیشہ تکرار کرنا مشکل ہے ۔

مطلب سوم :۔ ذکر جہر کے بارے میں حق یہ ہے کہ اس کا انکار کھلی
کم عقلی ہے ۔ تلاوت قرآن میں جہر صاف ہے ما اذن اللہ لشیٔ ما اذن یعنی
قرآن کو جہر سے پڑھنا اور لبیک کہنا ۔

اور تلبیہ حج میں آیا ہے کہ سب سے اچھا حج وہ ہے جس میں عج اور
ثج ہو یعنی لبیک کہنے میں آواز بلند اور اراقۃ الدم ہو اور قرآن کی فضیلت
مشہور ہے اور ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نماز ختم کرنے کو
ذکر سے پہچانتے تھے اور اس ذکر کی فضیلت جسے پرہیز گار سے ستر گنا زیادہ
اس ذکر پہ جسے پرہیز گار نہیں اور طریقہ چشتیہ اور اویسیہ اور قادریہ کی بنا ذکر جہر پہ
ہے اور وہ سب ہمارے پیر ہیں اس پہ یہ حکم لگانا کہ فعل حرام ہے قرب الہی
حاصل نہیں ہوتا غلط ہے بلکہ ذکر جہر سے ایسا اطمینان ملتا ہے کہ اس سے
بڑھ کر کوئی اطمینان نہیں ہے ، خواجہ نقشبند کے حج پر جانے کے بعد خواجہ
علاؤ الدین غجدوانی نے ذکر جہر سنا اور جب واپس آئے تو عذر کیا آپ
کو اپنی قوت باطنی کی وجہ سے اس کی ضرورت نہ تھی مجھے اس سے بہت
فائدہ ہوا خواجہ نقشبند نے اس سے انکار نہیں کیا اور خود چونکہ خواجہ عبدالخالق
غجدوانی ذکر خفی اور عمل بہ عزیمت سیکھا تھا خود نہ کرتے تھے اور آپ جیسے

کے لئے کہ مسائل فقہی میں اجتہادیات پر حدیث کو مقدم سمجھتے ہو اس معنی میں تردد بیجا ہے۔ اگر آپ متفق ہوں تو اس میں ایک مشہور روایت ہے جس کو لفظ بہ لفظ لکھنا بلا تلاش کے مشکل ہے۔ ایک دفعہ خواجہ سرائے فقیہات کے عالم سلطان روم کی طرف سے امیر حج ہوکر آئے اور مدینہ میں شیخ ابراہیم کردی سے ملے اور بولے کہ اس سفر میں ان آدمیوں سے بڑی بدعت دور کر دی۔ فرمایا کہ وہ کونسی بدعت تھی، کہا کہ میں نے مسجد اور شہر بیت المقدس سے ذکر جہر موقوف کرادیا۔ شیخ نے یہ آیت پڑھی من اظلم ..... خرابہا چند روایتیں فتاویٰ میں سے لکھی تھیں۔ دکھائیں اور فرمایا کہ اگر تمہیں تقلید سے غرض ہے تو تم دوسری طرح کے مقلد ہو اور میں دوسری طرح کا مقلد ہوں، روایات میرے لئے حجت نہیں ہیں اور اگر تحقیق سے غرض ہے تو تیار ہوں اس کے بعد ذکر جہر کے اثبات میں چند رسالے لکھے تھے۔ ان میں سے چند فقیر کے پاس موجود ہیں۔ بالجملہ الحق احق بالاتباع والسلام

مکتوبات شاہ رفیع الدین دہلوی

بنام عبدالرحمٰن صاحب

فضیلت اکتساب و مودت انتساب اخون زادہ عبدالرحمٰن بن اخون حاجی محمد سعید بریلوی سلمہم اللہ تعالیٰ۔ فقیر رفیع الدین کی طرف سے سلام تحت الاسلام کے بعد معلوم ہو کہ آپ کا گرامی نامہ پہنچا ہیں خیریت سے

ہوں اور حاضر و غائب دوستوں کی خیریت کی دعا کرتا ہوں آپ نے مولوی مدن سے ملاقات اور علمی تذکرہ کی بابت دریافت کیا ہے۔ ان سے پہلی ملاقات مراد آباد میں ہوئی، مولوی نور الاسلام صاحب خلف مولوی سلام اللہ موجود تھے کسی نے سوال کیا کہ مثنوی مولوی روم کی اس بیت کے کیا معنی ہیں۔

ہفت صد ہفتاد و قالب دیدہ ام ہمچو سبزہ بارہا روئیدہ ام

میں نے کہا کہ اس کے دو معنی ہیں ایک عام فہم دوسرے خاص دوسری یعنی خاص فہم معنی تصوف کے واقفوں کو بتائے جا سکتے ہیں لہٰذا اس کو چھوڑ کر اول معنی بیان کرتا ہوں۔ کتاب اور سنت سے معلوم ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے بنی آدم کی روحوں کو (صلب) پشت آدم علیہ السلام سے نکال کر عہد کرایا۔ پھر انہیں پشت آدم میں چھپا دیا۔ اس کے بعد ہر شخص کے صلب سے جس قدر روحیں مقدر کی تھیں اس کی پشت میں چھپا دیں چنانچہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے جب حج کی منادی کی تو کچھ جواب نہیں دیا اور انہیں لوگوں کو دنیا میں حج نصیب ہوتا ہے اور لبیک تلبیہ اسی ندا کا جواب ہے یہ بات عام لوگ بھول گئے اور کمال معرفت کی بنا پر آدمیوں کو یاد دلایا ہے اور روح کا صلب پدر سے رحم اور پھر مادر سے صلب پدر میں منتقل ہونے کی طرف اشارہ کیا اور سات سو ستر کا عدد کی بابت احتمال ہے کہ صرف کثرت اظہار کے لئے ہے یا واقعہ بیان کیا ہے مولوی مدن نے کہا کہ یہ معنی نہیں ہیں۔ ـ ـ ـ ـ ـ ـ ...بلکہ دوسرے معنی ہیں میں نے پوچھا کہ دوسرے معنی کیا ہیں اور اس معنی میں کیا غلطی ہے انہیں نے اس معنی کی غلطی بیان کر کے کہا کہ اس کا مطلب یہ ہے کہ انسان میں سات قسم کے انقلاب ہیں یعنی پہلے خاک ہونا

دوسرے غذا بننا تیسرے خون ہونا چوتھے نطفہ ہونا پانچویں علقہ بننا چھٹے گوشت
دہڈیوں اور رگوں کا بننا اور پھر زندہ ہونا اور یہی قالب مراد ہیں میں نے کہا ان
سات سے سات سو ستر تعبیر بہت لمبی ہے دوسرے دیدہ ام یا رسیدہ ام کا متکلم
یا روح ہے یا بدن یہ بات ظاہر ہے کہ اگر روح متکلم ہے تو یہ ہفت انقلاب روح کے
ہوئے اور اگر بدن متکلم ہے تو بدن سے تنہا ہیولیٰ مراد ہے یا ہیولیٰ مع صورت کے یہ
بات بدیہی ہے کہ جسمانی اور نوعی صورتیں باقی نہیں رہتی ہیں جس سے یہ مانا جائے
کہ سب قالبوں میں ہر شخصیت جداگانہ باقی رہتی ہے اور اگر تنہا ہیولیٰ مانا جائے
تو محقق حکیموں کا قول ہے کہ ہیولیٰ وحدت پوشیدہ اور جسموں کا عام ہیولیٰ
ہر فرد کی شخصیت میں نہ کل ہے نہ جزو بلکہ جیسی صورت پیدا ہوتی ہے اس کے
اجزا کا اعتبار ہوتا ہے اور صورتوں کے جدا ہونے پر سب ایک ہو جاتا ہے اور جزو میں
اعتبار شدہ شخصیت باقی رہتی ہے۔ کہا کہ شاید ہیولیٰ مراد ہوا اور اجزا کا اعتبار نہ ہونا
جو کہا جاتا ہے غلط ہے۔ میں نے کہا کہ یہ بات تو صدرا کے پڑھنے والوں کے علم اور
مشاہدہ میں ہے اس سے انکار کیا۔ میں نے کہا صدرا ہو تو ملاحظہ کر لیجیے اس انکار پر مولوی
نورالاسلام کو بہت تعجب ہوا۔ صدرا موجود نہ تھا۔ ایک ملاقات تو یہ ہے۔ دوسری
ملاقات بریلی میں جب میں ان کے یہاں دعوت کھانے گیا ہوا تھا۔ اس وقت مرزا
زاہد کے حاشیوں کا ذکر آیا۔ میں نے کہا فی الحقیقت ان کی نظر بہت دور رس ہے اور
اکثر لوگوں نے بے سمجھے اور بے سوچے اعتراض کر دیے ہیں ہم خود ان کے شاگرد ہیں مگر
اکثر اعتراضوں کو دور کیا ہے لیکن بعض جگہ مخالفت حق یہ ہیں۔ پوچھا ایسا کون مقام
ہے۔ میں نے کہا مرزا فرماتے ہیں کہ کتابوں کے نام اعلام جنسیہ ہیں اس کے بعد فرماتے

ہیں کہ علم مبنی پر الف لام کا داخل ہونا مولدین کے کلام میں پایا جاتا ہے۔ مثلاً الکافیہ والشافیہ پس اگر ان کے اصلی معنی کو دیکھو تو اصل میں یہ وصف ہیں۔ اس کلام میں دو بحث ہیں اولاً یہ کہ صرف مولدین کے کلام میں کتابوں کے نام پر الف لام نہیں ہے بلکہ قرآن مجید میں بھی ہے مثلاً انزل التوراۃ والانجیل وانزل الفرقان اور ولقد کتبنا فی الزبور۔ بحث دوم یہ کہ الف لام اس علم کے جز ہیں جیسے النجم والسعق دوسرے وہ علم جن پر الف لام ممنوع مثلاً محمدؐ وعلیؓ تیسرے وہ کہ ان پر الف لام کا داخل ہونا جائز ہے اور تنازعیہ مثلاً الحسن والعباس۔ پس اعلام پر الف لام کا داخل ہونا جائز ہے۔ اور کسی توجیہ کی ضرورت نہیں ہے۔ یہ لئے کہ اس کا یہی جواب ہے میں نے پوچھا کر جواب کیا ہے بولے کہ تنہا کافیہ وشافیہ وغیرہ یہی جواب ہے چونکہ اس جواب کے کوئی نتیجہ سمجھ میں نہیں آیا میں نے قائل کی کم فہمی پر محمول کیا اور جواب نہ دیا ان دو باتوں کے سوا مجھے کوئی بحث نہیں ہوئی۔

۲۔ فضیلت محبت دستگاہ مولوی عبدالرحمن بن حاجی محمد سعید سلمہ اللہ تعالےٰ
فقیر رفیع الدین کی جانب سے بعد سلام مسنون الاسلام واضح ہو گرامی نامہ پہنچا آپ کی بیرزگاری سے دلی صدمہ ہوا حسب خواہش آپ کی مولوی جمال الدین صاحب سید قاسم علی شاہ صاحب کو رقعے بھیجے ہیں پہنچے ہونگے امید خدائے بزرگ و برتر ان عزیزوں کی کوشش سے مقصد برآری کرے آئندہ اپنے حالات لکھتے رہنا والسلام۔

۳۔ فضیلت ومحبت دستگاہ مولوی حافظ عبدالرحمن بن حاجی محمد سعید سلمہم اللہ تعالےٰ۔ فقیر رفیع الدین کی طرف سے بعد سلام مسنون کے معلوم

ہو۔ اس سے پہلے دو رقعے تمہارے ملے ایک میں ایک شعر کے معنی دریافت کئے ہیں جس کے نہ الفاظ نہ وزن معلوم ہوتا ہے کہ کسی غلط کتاب سے نقل کیا ہوگا دوسرے رقعہ میں ایک مسئلہ کی بابت استفسار تھا جس کو شاہ صفی القدر نے فقیر کا لکھا ہوا بتا کر وہاں کے فضلاء کے سامنے پیش کیا اور وہ اس کو ضبط تحریر میں لے آئے فقیر کو یہ قطعی یاد نہیں تھا کہ کونسا مسئلہ ہے۔ اور کس بات سے ہے۔

اور اب جو خط آیا ہے اس میں دو خط حکیم غلام حسین اور حکیم عطاء اللہ خاں کے واسطے بھیجنے کو لکھا تھا۔ خط ہذا میں دو خط ملفوف کر کے ہر دو صاحبان کے لئے بھیجے جاتے ہیں۔ خدا کرے کہ کام بن جاوے اور جو کچھ استفتا کی بابت لکھا تھا معلوم ہوا اور اس کی حقیقت اشارتاً معلوم ہوئی تصریح کا دیکھنے پر پتہ چلے گا۔ لیکن استفسار وہاں سے ابھی تک نہیں آیا ہے۔ مگر لکھنؤ سے وحدت وجود اور وحدت شہود کے متعلق استفسار آیا تھا۔ صاحبان رامپور کو اس سے کوئی مطلب نہیں۔ اس کے جواب کی فقیر کو اب تک فرصت نہیں ملی ہے لیکن اس کے ساتھ دو رسالے تھے ایک میاں عبدالرحمٰن سندھی کا دوسرا رسالہ مولوی عبدالحکیم کا ہے جن کو میرے بھتیجے محمد اسمٰعیل پسر میاں عبدالغنی اور مولوی رشید الدین میرے شاگرد نے مجھ کو پیش کئے ہیں مسائل شرعی فقہی کی بابت رام پور سے کوئی خط نہیں آیا ہے حاجی عبداللہ صاحب و میاں عبدالرحیم بھائیوں کو سلام پہنچے اور مسماۃ محمدی بیگم دختر حاجی محمد شاہ کو سلام پہنچانا اور ان کی خیریت لکھنا۔

تمت بالخیر

حجۃ الوداع

آنحضرت صلعم نے حجۃ الوداع پر جبل عرفات میں، جہاں وہ لوگ کثرت سے جمع تھے جو چند ماہ یا چند سال قبل ایسی بت پرستی میں مبتلا تھے جس نے ان کے ضمیروں کو مردہ کر دیا تھا۔ فرمایا:۔

اے لوگو! میری بات خوب سن لو اور سمجھ لو! کیونکہ میں نہیں جانتا کہ اس کے بعد پھر بھی کبھی اس موقع اور اس مقام پر میں تمہارے درمیان موجود ہونگا۔ آپس میں ایک دوسرے کے لئے تمہاری جان تمہارا مال اور تمہاری آبرو اسی طرح لائق احترام ہے جس طرح یہ دن، یہ مہینہ اور یہ شہر محترم ہے۔ یاد رکھو! تمہیں خداوند تعالٰی کے روبرو حاضر ہو کر اپنے اعمال کی جواب دہی کرنی ہوگی۔

خدا نے ہر حق دار کو وراثت کی رو سے اس کا حق دیدیا، اب کسی وارث کے حق میں وصیّت جائز نہیں۔ لڑکا اس کا ہے جس کے بستر پر پیدا ہوا زنا کار کے لئے پتھر ہے اور ان کا حساب خدا کے ذمّے ہے۔

جو لڑکا اپنے باپ کے علاوہ کسی اور کے نسب سے ہونے کا دعوی کرے، وہ غلام جو اپنے مولی کے سوا کسی دوسری طرف اپنا نسبت کرے، اس پر خدا اور اس کے فرشتوں اور تمام بنی نوع انسان کی لعنت ہوگی۔

اے لوگو! تمہاری بیویوں پر تمہارے اور بیویوں کے تم پر حقوق ہیں۔ اپنی حیثیت کے مطابق اچھا کھلاؤ، پہناؤ اور ان سے لطف و مروّت اور حسن سلوک سے پیش آؤ۔ کیونکہ وہ خدا کی طرف سے تمہارے پاس امانت ہیں اور اس کے حکم سے تم پر حلال کی گئی ہیں، خدا کی مقرر کی ہوئی حدود کا احترام کرو اور ان سے تجاوز مت کرو۔

سود باطل قرار دیا جاتا ہے۔ مقروض صرف اصل زر ہی واپس کریگا۔ اور میں سب سے پہلے اپنے چچا عباسؓ بن عبدالمطلب کا سود باطل کرتا ہوں۔ تمہارے غلام! تمہارے غلام ان کو

وہی کھلاؤ جو خود کھاؤ اور وہی پہناؤ جو خود پہنو۔ اگر ان سے ایسا قصور سرزد ہو جو تم معاف نہیں کر سکتے تو ان کو علیحدہ کر دو کیونکہ وہ بھی تمہارے ہی خدا کے بندے ہیں ان سے بدسلوکی ہرگز مت کرو۔ جاہلیت کے تمام خون (یعنی انتقام خون) باطل کر دیئے گئے اور سب سے پہلے میں اپنے خاندان کی طرف سے ربیعہ بن الحرث کے بیٹے کا خون باطل کرتا ہوں۔ اے لوگو خوب سن لو اور سمجھ لو کہ مسلمان آپس میں بھائی بھائی ہیں، عربی کو عجمی پر اور عجمی کو عربی پر کوئی فوقیت حاصل نہیں۔ تم سب ایک آدمؑ کے بیٹے ہو اور آدم مٹی سے بنایا گیا تھا۔ مسلمان سب بھائی بھائی ہیں کسی شخص کو دوسرے کا حق غصب نہ کرنا چاہیئے ـــــ اپنے آپ کو ناانصافی میں مبتلا ہونے سے بچائے رکھو
جو لوگ یہاں موجود ہیں۔ وہ یہ پیغام ان تک پہنچا دیں جو یہاں حاضر نہیں۔
اس خطبے کے اختتام پر حضور سرور کائنات نے ان کثیر التعداد اشخاص کے جوشِ عقیدت سے مسرور ہوتے ہوئے جو چند سال یا چند ماہ پہلے دشمنانِ اسلام تھے۔ بآوازِ بلند فرمایا۔

"اے خدا! میں نے تیرا پیغام پہنچا دیا اور اپنی امانت ادا کر دی" اس ارشاد کے جواب میں ہزارہا صدائیں بلند ہوئیں۔

"ہاں آپؐ نے پیغام پہنچا دیا"

حضورؐ نے فرمایا۔ "اے خدا گواہ رہیو!"

اَللّٰهُمَّ اشْهَدْ اَللّٰهُمَّ اشْهَدْ